افف خرد کیا کروں میں تمہارا وہ دیکھو ماہ رخ کو تم سے ایک سال چھوٹی ہے لیکن پہنے اوڑھنے کا اتنا سلیقہ ہے کہ سب رشک کرتے ہیں اس پر اور ایک تم ہو جس سے ڈریس کہری تک نہیں ہوتے تمہاری ساس آئے گئی تو کیا کہے گئی جاو ڈریس پہن کر آو ورنہ مجھ سے برا کوئی نہیں ہو گا ۔

صفورا بیگم نے بھینچے ہوئے لہجے میں اسے سمجھایا ۔

جو اکڑ کر کھڑی تھی جیسے کہہ رہی ہو یہ بات تو میں آپکی نہیں مانوں گئ ء ۔

خرد کیا کہہ رہی ہوں میں ۔

صفورا نے دانت پیس کر اپنی ڈیٹھ بیٹی کو پکارا ۔

مما میں یہی کپڑے پہنوں گئ۔

وہ پیر پٹخ کر کہتی ہوئی مرحا کے قریب آئی جس کے چہرے پر تاریک سایا چھایا ہوا تھا۔

مرحا کیا ہوا یار !

خرد نے پریشانی سے پوچھا ۔

ڈاکٹر زبیر مایوں پر نہیں آئے ۔

مرحا نے منہ بسور کر کہا۔

ارے ڈاکٹر ہے ڈاکٹروں کو سو کام ہوتے ہیں پریشان مت ہو انجوائے کرو اور کرنے دو ۔

وہ مسکرا کر بولی تھی ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

چھوٹی سی سرخ روشنی کا دائرہ اسکے سینے پر ہوا تھا تب ہی ویٹر کو ٹھوکر لگی تھی اور کولڈرنک کے گلاس خرد کی گود میں گرے تھے ۔

اییی !

وہ حیرت سے اٹھتی ہوئی بولی ۔

مرحا بھی مسکرا اسے دیکھنے لگی جس کے بالوں پر بھی کولڈرنک گری تھی ۔

جاہل انسان اندھے ہو پہلے ایک بار ٹکرائے پھر سے مجھ پر ہی گرے آنکھیں نوچ لوں گئی تمہاری !

میرا نیو ڈریس خراب کر دیا اندھے لوفر نظرباز انسان۔۔

وہ چیخ کر بولی سب اسکی طرف متوجہ ہو چکے تھے ۔

ویٹر جواباً سر جھکائے کھڑا رہا ۔

خرد ہو جاتی ہے غلطی تم چینج کر آو ۔

مرحا نے اسے ریلکس کیا ۔

ارے یہ انسان بہت کمینہ ہے یہ پہلے بھی مجھ سے ٹکڑایا تھا ابھی بھی میرے پر ہی کیوں گرا مرحا یا ماہ رخ پر کیوں نہیں گرا ۔

وہ تپ کر بولی ۔

ایڈیٹ انسان دفع ہو جاو مجھے نظر مت آنا اب ۔

ایڑھیاں اٹھا کر اسکے گال پر جھانپڑ مارتی تپ کر کہتی ہوئی وہاں سے نکل گئی باقی سب بھی اپنی اپنی باتوں پر دوبارہ لگ گئے ۔

خرد بڑبڑ اتی ہوئی ہال میں آئی جب حاجب سیڑھیاں اترتا کف لنکس لگاتا ہوا اسکی طرف آیا ۔

او کرمنل میڈیم کا سوٹ تو داغدار ہو گیا چچ سو سیڈ ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

وہ منہ بنا کر کہتا خرد کو سخت برا لگا ۔

تم سے مطلب اپنے کام سے کام رکھو ورنہ کرمنل بننے میں مجھے زیادہ دیر نہیں لگے گئ ۔۔

وہ منہ ناک چڑہا کر کہتی ہوئی وہاں سے نکل گئ ۔

تمہارے پر بہت جلد کاٹوں گا اور اس گھر سے بھی آوٹ ہی سمجھو خود کو ۔

وہ زہریلے لہجے میں کہتا ہوا وہاں سے نکل گیا ۔

سارے کپڑوں کا ستیاناس کر دیا ہے ایڈیٹ انسان نے ۔

وہ کمرے کا دروازہ بند کرتی غصے سے بولی ۔

لیکن کھڑکی میں کھڑے روبن کو دیکھ کر وہ چونکی ۔

https://www.classicurdumaterial.com/

روبن تم میرے روم میں کیا کر رہے ہو ۔

Support@classicurdumaterial.com

خرد حیرت سے بولی ۔

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

وہ گھبرا کر پلٹا ۔

وہ اصل میں تمہارے کمرے کی کھڑکی گارڈن میں کھلتی ہے تو باہر کا نظارہ کر رہا تھا ۔

تم کیوں چلی آئی تقریب سے ۔

وہ حیرت سے بولا۔

یار کپڑے خراب ہو گئے ہیں وہی چینج کرنے آئی تھی ۔

ابھی چینج کر کے پھر جاوں گئ تم باہر جاو میں چینج کر لوں پھر اکٹھے ہی باہر چلتے ہیں ۔

خرد نے کپڑے نکالتے ہوِے اس سے کہا ۔

نہیں خرد میں ایک کام سے جا رہا ہوں کل اٹینڈ کروں گا فنکشن ۔

وہ کہتا ہوا باہر نکل گیا ۔

خرد کندھے اچکاتی ہوئی واش روم میں گھس گئی.

شاور لے کر اندر آتی وہ ٹھٹھکی تھی۔

اسی ویٹر کو اپنے کمرے میں دیکھ کر وہ حیران کم حیرت زدہ زیادہ رہ گئی ۔

تمہاری یہ جرات تم میرے کمرے میں قدم رکھو تم ایسے باز نہیں آو گئے ٹھہرو زرا تم ۔

خرد !

اسکی پکار پر اسکے چلتے لب ساکت ہوئے ۔

اب کی دفع اس نے گھور کر اسے دیکھا ۔

بلیک ماسک لگائے ویٹر کے ڈریس میں وہ کوئی اور نہیں جزیل احمد تھا۔

تم یہاں کیسے آئے !

خرد جلدی سے دروازہ بند کرتی حیرت سے بولی۔

خرد کم ہیئر ،

وہ دونوں بانہیں اسکی طرف پھیلاتا بہت نرم لہجے میں بولا۔

Classic Urdu Material
https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

خرد حیرت سے اسے دیکھتی اپنی جگہ جمی رہی ۔

خرد کم ہیئر ۔

وہ ہنوز بانہیں بڑھائے نرم لہجے میں بولتا خرد کا دل زوروں سے دھڑکا گیا تھا ۔

وہ ایک ٹرانس سے کیفیت میں چلتی اسکے قریب آئی ۔

جزیل اسے بانہوں سے تھامتا اپنے سینے سے لگا گیا تھا۔

خرد نے حیرت سے خود کو اسکی بانہوں میں قید دیکھا ۔۔

خرد آج باہر مت نکلنا کمرے میں رہو کوئی بہانہ بنادو لیکن باہر مت آنا ۔

وہ سرد لہجے میں بولا۔

کیوں میں تو نکلوں گئی اور میری کزن کی تقریب ہے میں بھلا کیسے نا جاوں ۔

وہ کہتے ہوئے ٹھٹھکی اسکے بازو سے نکلتے ہوئے خون کو دیکھ کر ۔

تمہارے بازو سے یہ خون کیسا نکل رہا ہے کیا ہوا ہے تمہیں ۔

خرد حیران ہوتی ہوئی بولی ۔

اسے چھوڑو خرد تم میری بات غور سے سنو ۔

کمرے سے باہر نہیں آنا اندر رہنا ہے اور دوسری بات تم کل صبح مجھے میری حویلی میں ملو میں انتظار کروں گا صبح 6 بجے تمہارا ۔

وہ دھیمے سے کہتا ہوا اسے تھوڑا سا اوپر اٹھا گیا۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

خرد نے گھور کر اسے دیکھا ۔

میں تمہاری نوکر تھوڑی ہوں میں خرد رحمٰن ہوں سنتی سب کی ہوں لیکن کرتی اپنی ہوں ۔۔

وہ ناک چڑہا کر بولی ۔

افففف کیا کروں میں اسکا.

وہ غصے سے بڑبڑایا ۔

وہ تپا تھا اسکے بچپنے سے ۔

خرد بات سنو میری غور سے ۔

وہ اسکا چہرہ اپنے مظبوط ہاتھوں میں لیتا ہوا اسکے چہرے پر جھک کر بولا۔

تمہاری جان کو خطرہ ہے میں اسی لیے یہاں آیا ہوں ورنہ میری جان کو اور بھی بہت کام ہیں مجھے کسی ضروری کام سے جانا ہے میں اور یہاں نہیں رک سکتا تم یہاں سے باہر نہیں نکلو گئی ۔

وہ سرد لہجے میں کہتا ہوا پلٹا تھا جب وہ سرعت سے اسکی مظبوط کلائی جھکڑ گئی ۔

وہ رکا !

تمہیں کیسے پتا اور یہ لینز بلیک کیوں لگائے ہیں تمہیں کوفت نہیں ہوتی روپ بدل بدل کر مجھے تو تمہیں دیکھ کر ہی کوفت !

وہ سرعت سے کلائی چھڑاتا غصے سے وہاں سے نکل گیا ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial

کتنا مغرور انسان ہے یہ !

میری بات بھی پوری نہیں سنی میں کوئی فالتو بولتی ہوں جو میری کوئی سنتا ہی نہیں ۔

وہ غصے سے کہتی ہوئی اپنا پسٹل اپنی پاکٹ میں ڈالتی باہر نکل آئی ۔۔

میری بات سنی جو میں اسکی بات مانوں ۔

وہ کہتی ہوئی باہر نکل گئی تھی ۔

خرد ادھر آو بیٹا !

صفورا نے اسے آواز لگائی انکے پاس مسز منور (اہان کی ماں). کھڑی تھی ۔

وہ گہری سانس لیتی انکے قریب آئی

ہیلو انٹی !

مروت سے مصنوعی مسکان سے وہ بولی ۔

وعلیکم اسلام بیٹا !

انہوں نے آگے سے کافی شرمندہ کر دیا تھا تھا اسے ۔

وہ ناقدانہ نظروں سے اسکے سراپے کا جائزہ لے رہیں تھی ۔

جو کھلے وائٹ فلیپر اوپر شارٹ بلیک فراک پہنے ہوئے تھی بال حسب معمول دو پونیاں میں قید تھے ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

ارد گرد کتنی پیاریاں اور فیشن ایبل لڑکیاں تھیں اور ایک یہ تھی پوری نمونہ پتا نہیں انکے شوہر اور بیٹے کو اس میں کیا پسند آیا تھا ۔

وہ لب بھینچ کر سوچ کر رہ گئیں ۔

خرد ان سے ایکسیوز کرتی ہوئی مرحا کے پاس آ گئی ۔

سپوٹ لائٹ کا دائرہ پھر سے خرد پر بنا تھا ۔

ٹریگر پر دباو بڑھا تھا جب وہ ایک دم سے نیچے جھکی تھی ۔

افف میرا بریسلیٹ گر گیا تھا ۔

وہ بریسلیٹ اٹھاتی مرحا سے بولی ۔

خرد کل مہندی پر ڈانس ہوگا ماہ رخ اور مینا (کزن) کریں گئی ۔

مرحا نے اسے ایکسائیٹڈ سے انداز میں بتایا بھائی اور رانیہ بھی کریں گئے ۔

مرحا نے اشتیاق سے اسے بتایا ۔

جبکہ وہ مسکراتے ہوئے دور کھڑے ویٹر کو دیکھ رہی تھی جو سرد نظروں سے اسے ہی گھور رہا تھا

۔

وہ لب بھینچ کر مسکرائی اسے اس کو چڑانا بڑا مزہ دیتا تھا ۔

آج صبح سے ہی گھر میں خوب رونق تھی مرحا پارلر گئی ہوئی تھی ۔

Classic Urdu Material
https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

جبکہ خرد نیند پوری کر رہی تھی وہ صفورا کے دو تین بار جگانے پر بھی نہیں اٹھی تھی ۔

صبح چھ بجے میں تمہارا حویلی انتظار کروں گا ۔

کسی کے کہے الفاظ اسے اچانک سے ہی یاد آئے تھے ۔

وہ سر پر ہاتھ مارتی اٹھی ۔

بنا چینج کیے اور نا ہی الجھیاں پونیاں سنوارے وہ نائٹ ڈریس پر گون چڑھاتی سنیکرز پہن کر پسٹل پاکٹ میں رکھتی باہر بھاگی کہاں اس نے چھ کہا تھا اور کہاں اب گیارہ بج رہے تھے ۔

وہ سب سے چھپتی چھپاتی سائیکل اٹھا کر باہر لے آئی ۔

سائیکل دوڑاتی وہ حویلی کے دروازے کے سامنے تھی سائیکل وہی چھوڑے دروازے کے پاس آئی جو کہ کھلا ہوا تھا ۔

دروازہ دھکیلیتی وہ اندر آئی حویلی میں ہو کا راج تھا سارے میں خاموشی سی چھائی ہوئی تھی ۔

وہ برے برے منہ بناتی حویلی کی پچھلی سائیڈ آئی ۔

خرد کے ہونٹ اچانک سے ہی مسکرائے تھے جو نقاب کیے بنا شرٹ کے باہر لون میں بیٹھا جیمی سے کوئی فائل پکڑ رہا تھا ۔

خرد کو دیکھ کر جیمی وہاں سے نکل گیا جبکہ اس نے گھور کر نیٹ کی سلیوز سے اسکے جھانکتے بازو دیکھے ۔

وہ دھیمے قدموں سے چلتی اسکے قریب آئی ۔

وہ نظریں اسکے وجود پر جمائے اسے دیکھتا رہا ۔

مجھے کیوں گھورے جا رہے ہو۔

وہ اسکے سامنے والی چیئر پر بیٹھتی ہوئی بولی ۔

وہ بنا کچھ کہے اسے دیکھتا رہا ۔

میں نے صبح چھ بجے کا کہا تھا اور دوسری بات جب میں نے کہا تھا کمرے سے باہر مت نکلنا تو کیوں نکلی ۔

وہ اس پر پھنکارا جس پر وہ سہمی ۔

میں کیا اب اپنے گھر فنکشن کا بھی اٹینڈ نا کرتی ۔

وہ منمنائی تھی ۔

خرد رحمٰن کیوں بات تمہارے زہن میں نہیں بیٹھتی کیوں اپنی جان کی دشمن ہو ۔

وہ اسے ایک دم کھینچتا ہوا سرد لہجے میں بولا ۔

خرد کو وہ بہت آرام سے اپنے گھٹنے پر بٹھا چکا تھا ۔

خرد حیرت سے آنکھیں پھاڑے اسے دیکھ رہی تھی جس کی نیلی آنکھوں میں ایک الگ سے ہی رنگ تھے اسکے لیے ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

خرد میری بات سنو اکیلی کہی نہیں جاو گئی یہاں جاوں کسی کے ساتھ جاو گئی دوسری بات جو بھی مشکوک دیکھے اسے گولی سے اوڑا دو ۔

وہ اسکے الجھے بکھڑے بالوں کو دیکھتا ہوا نرم لہجے میں بولا ۔

سچ میں اڑا دوں !

خرد نے شرارت سے تصدیق چاہی ۔

ہاں !

وہ فقط یہی بولا۔

خرد نے جھٹ سے پسٹل نکال کر اسے کے ماتھے پر رکھی ۔

سب سے زیادہ تو تم مجھے مشکوک لگتے ہو تمہں اڑا دوں ۔

خرد نے پسٹل کے ٹریگر پر انگلی رکھتے ہوئے کہا ۔

وہ مسکرایا لیکن خرد نہیں دیکھ سکی ۔

میں تمہیں اجازت دیتا ہوں تم جزیل احمد کو اڑا دو ۔

وہ سرد لہجے میں بولا تھا ۔

خرد نے گہرا سانس لیا پھر اٹھ کر پودوں کے پاس آئی ۔

تم کون ہو اور یہ حویلی کس کی ہے ۔

وہ مضطرب لہجے میں بولی ۔

Classic Urdu Material
https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

وہ اٹھتا اسکے قریب آیا ۔

یہ حویلی آیت احمد کی ہے ۔

وہ اسے غور سے دیکھتا ہوا بولا۔

یہ کون ہے !

خرد نے حیرت سے پوچھا ۔

آج سے ٹھیک دس دن بعد میں تمہیں تمہارے اس سوال کا جواب دوں گا اور اسی دن تمہیں اس حویلی کے اندر لے کر چلوں گا ۔

وہ اسکے سراپے کو دیکھتا ہوا بولا۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

جو وائٹ سلک کی شرٹ جو سلیو لیس تھی وائٹ ہی سلک کا پجامہ اوپر گلابی کلر کا نیٹ کا گون تھا جو پیروں تک آتا تھا وہ جلدی میں گون کے بٹن بند کرنا بھول گئی تھی شاید۔

وہ اسکے سراپے کو دیکھتا ہوا اسکے قریب آیا ۔

ایسی ڈریسنگ میں تم اب مجھے نظر آئی تو کچا کھا جاوں گا ۔

وہ سرد لہجے میں بولا ۔

خرد نے جلدی سے گون کے بٹن بند کرنے چاہے جب وہ اسکا ہاتھ گون سے ہٹاتا خود اسکے بٹن بند کرنے لگا ۔۔

خرد کو اسکی انگلیوں سے عجیب سا کرنٹ لگا وہ پیچھے ہونے لگی تھی جب وہ گون پکڑتا اسے اپنے اور نزدیک کر گیا ۔

وہ اسکے بٹن بند کرتا اسے دیکھنے لگا ۔

آئندہ اختیاط کرنا ۔

وہ گھمبیر لہجے میں بولا

وہ جلدی سے پیچھے ہوئی ۔

خرد اسے دیکھتی الٹے قدم پیچھے ہوتی جلدی سے وہاں سے بھاگئی تھی ۔

وہ کافی دیر وہاں کھڑا رہا پھر پلٹ کر چیئر پر بیٹھا۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

مرحا کی تو آج چھب ہی نرالی تھی ۔

وہ ریڈ شرارے گرین کرتی میں لمبے بالوں کی چوٹی کیے ان میں پھول پروئے ہوئے تھی پنک لپسٹک میں پھولوں کا زیور پہنے وہ جھولے پر بیٹھی سب کو مسکرا مسکرا کر دیکھ رہی تھی ۔

میں کہہ رہی ہوں میں یہ ڈریس نہیں پہنوں گئی تو نہیں پہنوں گئی ۔

وہ بیڈ پر پڑی گرین فراک کی طرف اشارا کرتی ہوئی بولی --

خرد اگر تم نے یہ ڈریس نا پہنا تو میرے سے کبھی بات نا کرنا ۔

صفورا بیگم نے کافی غصے سے کہا ۔

پہنا دیں پھر مجھے سے نہیں ایسے ڈریس پہنے جاتے ۔

وہ منہ بسور کر بولی ۔

صفورا بیگم نے جلدی سے ڈریس پکڑا اور اسے لیے واش روم کی طرف بڑھیں --

آدھے گھنٹے میں وہ باہر تھیں ۔

خرد کو دیکھ کر سب مسکرانے لگے تھے جس پر صفورا بیگم شرمندہ سی ہوئی ۔

https://www.classicurdumaterial.com/

وہ گھٹنوں تک آتی فراک نیچے ریڈ چوڑی دار پجامہ پہنے ایک کندھے پر ریڈ سادہ ڈوپٹے رکھے وہ ریڈ ربینز سے دو پونیاں بنائے ہوئے تھی صفورا بیگم نے اسے کتنا ڈانٹا منع کیا لیکن اس نے دو پونیوں پر کوئی کمپرمائز نا کیا ۔

صفورا بیگم جانتی تھی وہ کتنی ڈیٹھ ہے اس لیے انہیں مانتی ہی بنی --

وہ بنا کسی کی ہنسی پر کنفیوذ ہوئے مرحا کے پاس آئی ۔

بہت پیاری لگ رہی ہو ۔

مرحا نے اسے دیکھ کر مسکرا کر کہا--

تم بھی بہت پیاری لگ رہی ہو یار ۔

وہ کھلے دل سے بولی ۔

تب ہی ماہ رخ اور مینا ڈانس کرنا شروع کر چکیں تھیں ۔

پورے گارڈن میں میوزک کی تیز آواز گونجی تھی ۔

وہ دونوں بہت مہارت سے ڈانس کے سٹیپ لے رہیں تھیں ۔

یار میرا بھی دل کر رہا ہے ڈانس کرنے کو ۔

وہ انہیں دیکھتی حسرت سے بولی ۔

میں مما سے پوچھ کر آتیں ہوں ۔

مما میں بھی ڈانس کر لوں ۔

خرد صفورا کے پاس آتی ہوئی اشتیاق سے بولی۔

نہیں بیٹا آپکو نہیں آتا گر جاو گئی آپ ۔

صفورا نے نرم لہجے میں اسے منع کیا۔

نہیں گرتی آپکی بیٹی ڈونٹ وری!

وہ کہتی ہوئی بنا انکی سنے مینا اور ماہ رخ کے پاس آگئی جو ڈانس کے ہلکے ہلکے سٹیپس لے رہیں تھیں ۔

وہ انکے ساتھ کھڑی ہوتی انہیں غور سے دیکھنے لگی ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial

پھر ہلکے ہلکے پیر اور ہاتھوں کو حرکت دینے لگی --

روبن نے مسکرا کر اسکا ہاتھ تھاما تھا خرد مسکرائی ۔

وہ اس کا ہاتھ پکڑ کر اس کے ساتھ ہلکے ہلکے سٹیپ لینے لگا تھا ۔

خرد مسکرائی وہ یہ سب بہت انجوائے کر رہی تھی ۔

دور کھڑے ویٹر نے دانت پیسے تھے ۔

مینا اور ماہ رخ نے ایک دوسرے کو کوئی اشارا کیا تھا جس پر مینا نے سر ہلا کر خرد کے پیر میں پیر پھنسایا تھا جس سے وہ منہ کے بل فرش پر گرنے لگی تھی جب وہ سرعت سے اسے تھام گیا تھا کیونکہ وہ اسی طرف آرہا تھا وہ ایک کائیا انسان تھا مینا اور ماہ رخ کو دیکھ چکا تھا اشارا کرتے ہوئے وہ ہر چیز پر نظر رکھنا جانتا تھا ۔

خرد اسکے کندھے کو تھامتی کھڑی ہوئی انہیں کسی نے نہیں دیکھا تھا سوائے روبن اور ماہ رخ نے یا

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

اندر آتے آہان نے جو کوٹ کے بٹن بند کرتا اسی طرف آرہا تھا ۔

خرد گہرے گہرے سانس لیتی اسے دیکھنے لگی ۔

بہت شوق ہے ڈانس کا ۔

وہ بھینچے لہجے میں بولا تھا۔

خرد نے بھولپن سے جلدی سے سر ہلایا۔

وہ اسے سیدھا کھڑا کرتا دوسری طرف چلا گیا۔

ہائے خرد رحمٰن !

آہان نے اسے مخاطب کیا۔

ہائے !

خرد نے بنا مروت کے کہا۔

میرے ساتھ ڈانس کا شوق پورا کر سکتیں ہیں آپ۔

نہیں اب مجھے ایسا بھی کوئی شوق نہیں ڈانس کا۔

خرد پونیاں ٹھیک کرتی مغرور لہجے میں بولی۔

Classic Urdu Material
کلاسک اردو میٹیریل
https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

آنٹی خرد کو کہیں نا میرے ساتھ ڈانس کرئے یہ شاید آپ کی اجازت کی منتظر ہے۔

آہان نے طنز سے اپنی طرف آتی صفورا سے کہا۔

بیٹا کر لو ڈانس۔

صفورا نے اسے تنبیہی لہجے میں کہا۔

مما مجھے نہیں !

صفورا خرد کے نا کرنے سے پہلے ہی اسکا ہاتھ آہان کے ہاتھ میں رکھ چکی تھی وہ یہ رشتہ ہاتھ سے جانے نہیں دینا چاہتی تھی ۔

خرد نے غصے سے آہان منور کو دیکھا جس کے ہونٹوں پر طنزیا مسکراہٹ بہت واضع تھی ۔

وہ خرد کا ہاتھ تھام کر اسے ڈانس فلور پر لایا ہی تھا جب لائٹ بند ہوئی تھی ایک دم سے پورے گارڈن میں اندھیرا چھایا تھا ۔

پانچ منٹ کے بعد پھر سے پورا گارڈن روشنیوں سے چمکا تھا ۔

آہان نے اپنے ہاتھ پر دھرے ہاتھ کو مسکرا کر دیکھا پھر اسے

وہ جھٹ سے اپنا ہاتھ کھینچ گیا کیونکہ وہ خرد نہیں مینا تھی ۔

مینا بہت اشتیاق سے اسے دیکھ رہی تھی ۔

آہان نے چونک کر سارے گارڈن میں نظر دوڑائی لیکن خرد رحمٰن اسے کہی نہیں دیکھی ۔

خرد نے حیرت سے اسے دیکھا جو اسے اٹھائے اوپر چھت پر لے آیا تھا ۔

وہ سرد نظروں سے خرد کو دیکھ رہا تھا ۔

ڈانس کا شوق چڑا تھا اس آہان منور کے ساتھ ۔

ویٹر ہو اپنی اوقات میں رہو ہاں ڈانس کا شوق تو مجھے واقع چڑا تھا ۔

وہ لب دانتوں میں دباتی مسکرا کر بولی ----

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

وہ اسے ایک جھٹکے میں اپنے قریب کر گیا۔

جب خرد نے اسے ہلکی مسکان سے دیکھا۔

میری ایک شرط پوری کرو!

مجھے اپنا دیدار کراو۔

وہ اسکے نقاب کو دیکھتی سنجیدگی سے بولی۔

اور اگر نا کرواوں تو!

جزیل احمد سرد آواز میں بولا۔

تو میں اس آہان کو مسکرا کر دیکھوں

وہ ابھی کہہ ہی رہی تھی جب وہ اپنے چہرے سے ایک جھٹکے سے ماسک اتار کر ہوا میں اچھال چکا تھا۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

ماسک دور اچھالتا وہ اسکی طرف غصے سے بڑھا تھا۔

خرد سارا منہ کھولے حیرت سے اپنے سامنے کھڑے انتہائی حسین انسان کو دیکھ رہی تھی۔

جس کے نقوش انتہائی حسین تھے سفید رنگ نیلی آنکھیں براون بال اسے فارنر ظاہر کرتے تھے.

نا تو کانوں میں بالیاں تھیں نا ہی بال بڑے بڑے تھے،

خرد تو ملکوں ملک گھومی تھی وہ دعوے سے کہہ سکتی تھی ایسا حسین مرد اس نے اپنی زندگی میں نہیں دیکھا تھا ۔

وہ آنکھیں سکیڑے اسے دیکھ رہا تھا۔

جبکہ خرد بے یقینی سے اسے دیکھے جا رہی تھی ۔

ہو گئ تسلی کر لیا دیدار یا ابھی باقی ہے ۔

وہ سرد لہجے میں دانت پیس کر بولا تھا ۔

تم انسان نہیں ہو سکتے اتنے پیارے انسان نہیں ہوتے ۔

وہ کچھ دیر بعد حیرت سے بولی تھی ۔

وہ جواباً بیزار تاثرات لیے اسے دیکھتا رہا ۔

وہ اسکی طرف بڑھتا اسے خود سے بہت قریب کر گیا تھا۔

خرد جزیل احمد میرا کارڈ کہاں ہیں جو تمہیں اس دن ریسٹورینٹ میں گرا ملا تھا ۔

وہ سرد لہجے میں اسکی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے ایک ایک لفظ چبا کر بولا تھا۔

خرد نے اسے گھورا خلانکہ اسکی ایسی روعب دار پرسنلٹی تھی کہ اسکے ساتھ کام کرنے والے اسکی طرف دیکھ کر بات نہیں کرتے تھے اس کی پرسنلٹی میں ایک رعب تھا۔ لیکن یہ لڑکی اس پر نا تو اسکی گھوری اس پر کام کرتی نا ڈانٹ ڈپٹ ۔

Classic Urdu Material
https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

وہ مجھے گرا ہوا ملا تھا ۔

اور گری ہوئی چیز جسے ملے وہ اسکی ملکیت ہوتی ہے ۔

خرد بھی ایک ایک لفظ چبا کر بولی ۔

خرد میرا کارڈ مجھے واپس کرو میرا کارڈ تمہارے اس گھر میں کسی کے ہاتھ لگ سکتا ہے جو تمہارے لیے مشکلات پیدا کر دے گا سو میرا کارڈ دو ورنہ !

وہ دانت پیس کر بولتا آخر میں اسے دھمکی دیتا اس کا چہرہ اپنے چہرے کے بہت قریب کر گیا تھا۔

ورنہ !

خرد نے آئی برو اچکا کر پوچھا ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

وہ اسکی خوبصورتی سے کچھ متاثر نظر نہیں آرہی تھی وہ اسے نارمل طریقے سے دیکھ رہی تھی جو جزیل احمد کو پسند آئی تھی ورنہ لڑکیاں تو اس کے گرد شہد کی مکھیوں کی طرح منڈلاتی تھیں ۔

خرد اپنے نام کی طرح ہی انوکھی تھی ۔

ورنہ ایک بھوت انسان کو پورا نگل سکتا ہے ۔

وہ اس کی پونیاں کستا ہوا بے تاثر لہجے میں بولا۔

کوئی نہیں تم بھوت نہیں ہو تم انسان ہو اور ویسے بھی تم مجھے نہیں کھا سکتے میرے میں ہڈیاں زیادہ ہیں گوشت کم ۔

وہ منہ بناتے ہوئے بولی۔

خرد میری بات سنو تم کسی سے میرے بارے میں بات نہیں کرو گئی اپنے فرینڈز سے بھی نہیں اور نا ہی ہمارے نکاح کا کسی کو بتاو گئی ۔

وہ اس کا ہاتھ پکڑ کر کہتا سیڑھیاں اترنے لگا چہرے پر ماسک لگاتا وہ خرد کو بہت اچھا لگا تھا۔

جلدی سے میرا کارڈ نکالو ۔

وہ اسے اسکے کمرے میں لاتا ہوا بولا۔

خرد اسے گھورتی ہوئی واش روم کی طرف بڑھ گئی ۔

وہ بھی اسکے پیچھے آیا ۔

خرد دھونے والی پینٹ کی پاکٹ ٹٹولنے لگی کیونکہ اس نے کارڈ اسی ٹروزر میں ڈالا تھا ۔ وہ جھاڑنے لگی لیکن کارڈ ہوتا تو ملتا نا اس پر جزیل احمد کا نام تھا اور بھی بیت کچھ لیکن خرد اپنی نالائقی میں وہ کارڈ شاید گھم کر چکی ۔

نہیں مل رہا !

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

خرد نے روہانسے لہجے میں کہا۔

وہ جواباً اسکے ہاتھ سے پینٹ پکڑ کر خود پاکٹس کو ٹٹولنے لگا پھر دوسری تیسری اسکی سب جینز پینٹ چیک کر لیں لیکن کارڈ نا ملا ۔

خرد بی بی کارڈ یہاں نہیں ہے کہاں رکھا تھا سوچو لاسٹ بار تمہارے واش روم میں کون آیا تھا ۔

وہ غصے سے بولا۔

خرد گلا تر کرتی اسے دیکھنے لگی جو غصے سے اسی کی طرف متوجہ تھا ۔

میں ہی آئی تھی بعد میں پتا نہیں ۔

وہ منہ بسور کر بولی ۔

آففففف خرد جزیل کیا کروں میں تمہارا ایک کارڈ تک تم سے سنبھالا نہیں گیا خون پی جاوں گا میں تمہارا اگر میرے بارے میں کسی کو کچھ پتا چلا تو ۔

وہ کافی غصے سے بولا تھا تبھی باہر دروازے پر دستک ہوئی ۔

دونوں نے چونک کر دروازے کی طرف دیکھا ۔

باہر کون ہے ۔

وہ حیرت سے بولی ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

خرد !

وہ چونکی یہ آواز تو اسکے ڈیڈ کی تھی ۔

ڈیڈ ہیں تم کھڑکی سے نکل جاو ۔

وہ اسے گھورتا ہوا باہر کھڑکی کی طرف آیا لیکن یہ کیا کھڑکی تو شاید کسی نے باہر سے بند کر دی تھی ۔

کوئی جان چکا ہے میرے بارے میں ۔

وہ سپاٹ انداز میں بولا ۔

خرد کا دل زوروں سے دھڑک اٹھا۔

اب کیا ہوا گا ۔

باہر سے اب بہت سے لوگوں کی ملی جلی آوازیں آنے لگی تھی ۔

ریلکس رہو تم دروازہ کھولو۔

کیا تم پاگل ہو سب تمہارے بارے میں پوچھیں گئے تو میں کیا کہوں گئ ۔

وہ پریشانی سے بولی ۔

ڈونٹ وری میں ہوں نا تم دروازہ کھولو ۔

وہ مکہ بناتا کھڑکی کی طرف آیا وہ چاہتا تو ایک جھٹکے سے کھڑکی توڑ سکتا تھا لیکن ایسے تو سب کو شک ہو جاتا ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

وہ کھڑکی کو دیکھتا ہوا دروازے کے پاس آیا ۔

دروازہ کھولو۔

وہ اسے کہتا ہوا دروازے کے پیچھے ہوا ۔

خرد سر ہلاتی ہوئی دروازہ کھول چکی تھی ۔

دروازہ کھلتے ہی رحمٰن صاحب صفورا مرحا تقی صاحب اور حاجب اندر آئے ۔

بیٹا کون تھا کمرے میں حاجب کہہ رہا تھا تمہارے کمرے سے چلانے کی آوازیں آرہی تھیں ۔

وہ فکرمندی سے بولے ۔

نہیں تو ڈیڈ میں تو سونے لگی تھی میں واش روم تھی اس لیے دروازہ کھولنے میں دیر ہو گئی۔

وہ حاجب کو گھورتی ہوئی بولی ۔

پھر اسے دیکھا ۔

حاجب کمرے میں تو کوئی نہیں ۔

صفورا بیگم غصے سے بولی ۔

چاچی پتا نہیں لیکن خرد کی چلانے کی آواز اور کسی مرد کی آواز آئی تو میں پریشانی سے آپ سب کو بولا لایا۔۔

حاجب کمرے میں نظر دّوڑاتے ہوئے بولا۔

پھر واش روم کی طرف بڑھا لیکن واش روم میں کوئی ہوتا تو نظر آتا نا ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/Classic Urdu Material/

بیٹا آپ باہر آو تھوڑی دیر کے لیے !

رحمٰن صاحب نے غصے سے حاجب کو دیکھتے ہوئے خرد کو مخاطب کیا۔

وہ جو دروازے کی طرف آنے لگا تھا رحمٰن صاحب کے غصے کو دیکھتا ہوا باہر نکل گیا۔

مرحا بھی اسے باہر بلاتی ہوئی باہر نکل گئی۔

وہ جلدی سے دروازہ بند کرتی دروازے سے ٹیک لگا گئی۔

وہ آہستہ سے اسکی طرف آیا۔

تم کون ہو اور مجھے کیوں ہر بار بچاتے ہو۔

وہ اچانک سے اسکے سامنے آتی ہوئی بولی تھی۔

وہ جواباً ہلکا سا مسکرایا تھا۔

ماسک کی وجہ سے وہ دیکھ نا سکی اسکی پیاری مسکراہٹ۔

خرد جزیل احمد اس کا جواب میں تمہیں بہت جلد دوں گا ابھی ٹھیک وقت نہیں آیا۔

وہ اسکے بیڈ پر بیٹھتا ہوا بولا۔

کم از کم اتنا تو بتا دو ماسک کیوں لگاتے ہو۔

وہ اسکے پاس کھڑی ہوتی تجسس سے بولی۔

نظر نا لگے اس لیے !

وہ مسکراتے لہجے میں بولا تھا۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

خرد دانت پیس کر رہ گئی ۔

اتنے بھی کوئی حور پرے نہیں ہو ایک عام سی شکل ہے تمہاری!

میں تم سے زیادہ خوبصورت ہوں کبھی دیکھا مجھے لوگوں سے چہرہ چھپاتے ہوئے یا نظر لگتے ہوئے ۔

وہ سینے پر ہاتھ باندھتی غصے اور فخر سے گردن اکڑا کر بولی ۔

وہ مسکراتی آنکھوں سے اسکا جائزہ لیتا ہوا کھڑا ہوا ۔۔

کنفیڈنس ہونا اچھی بات ہے لیکن خوش فہمی میں رہنا انسان کے لیے فائدہ مند نہیں بلکہ نقصان دہ ہوتا ہے ۔

اور آج تمہارا ایک امتحان ہے اگر اس میں پاس ہوئی تو تمہارے لیے میرے پاس ایک گفٹ ہو گا اور اگر ناکام ہوئی تو سزا ۔

کونسا امتحان !

وہ اچنبے سے بولی ۔

جواباً

وہ مسکرا کر دروازہ کھولتا ہوا باہر نکل گیا ۔

ہیں کیا یہ پہلے مجھے بد صورت کہہ رہا تھا خود ہو گئے تم بد صورت تمہاری ماں تمہاری بہن تمہاری بیوی!

نہیں بیوی شاید خوبصورت ہی ہو۔۔

وہ کہتے ہوئے جلدی سے سر نفی میں ہلاتی بولی

ُغصے سے دروازہ بند کرتی چینج کرنے واشروم میں چلی لگی ۔

وہ جیسے ہی گارڈن میں آئی صفورا بیگم اسے غصے سے دیکھ کر لب بھینچ کر رہ گئی ۔

وہ میڈیم چینج کر آئی تھی سکن شارٹ فراک نیچے بلیک جینز پہن آئی تھی ۔

رحمٰن صاحب اسے تھامتے سٹیج پر لے آئے وہ حیرت سے انہیں دیکھتی آہان کو دیکھنے لگی جو طنزیا مسکان سے اسکا ہونق چہرہ دیکھ رہا تھا ۔

خرد کو خطرے کی گھنٹیاں کہی آس پاس بجتی محسوس ہوئیں ۔

اٹینشن ایوری بڈی !

رحمٰن صاحب کی اونچی آواز پر سب انکی طرف متوجہ ہوئے ۔

میں آج یہاں ایک اناونس کرنا چاہتا ہوں اپنی اکلوتی بیٹی کے بارے میں ۔

خرد نے انہیں چونک کر دیکھا۔

حاجب نے لب بھینچ کر معصوم چیرے والی بلا کو گھورا ۔

خرد پریشانی سے رحمٰن صاحب کو دیکھتی اہان کے والدین کو دیکھنے لگی ۔

جو مسکراتے ہوئے رحمٰن صاحب کی بات کی تصدیق کر رہے تھے۔

میں اپنی اکلوتی بیٹی کی شادی منور شیرازی کے بیٹے اہان شیرازی سے طے کرتا ہوں ہم اپنی رشتے داری اور مضبوط کرنے جا رہے ہیں آج انگیجمنٹ کی ایک چھوٹی سی رسم کریں گئے آپ سب لوگوں کی موجودگی میں ۔۔۔

منور صاحب انکے سیکنڈ کزن تھے۔۔

رحمٰن صاحب اپنے بھائیوں کو تو بتا چکے تھے اور آج سارے خاندان کو بھی بتا تھا ۔

اس لیے سب ہی راضی تھے ۔

مسز منور نے منہ بناتے ہوئے پرس سے انگھوٹھی نکال کر آہان کو پکڑائی ۔۔

آہان نے رنگ تھام کر خرد کی طرف ہاتھ بڑھایا ۔

جو پریشانی سے سامنے کھڑے ویٹر کے لباس میں اسے دیکھ رہی تھی ۔

خرد ہاتھ آگے کرو ۔

صفورا بیگم نے خرد کو ٹوکا ۔

خرد نے آہان کے ہاتھ میں رنگ دیکھی پھر اگلے ہی پل اسکی طرف بڑھا دیا ۔

آہان نے ہاتھ تھاما ہی تھا جب خرد لہرا کر نیچے گری تھی ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/Classicurdumaterial

آہان سمیت سب نے شاکس سے نیچے گری بے ہوش ہوئی خرد کو دیکھا۔

سب پریشانی سے خرد کے ارد گرد ہوئے تھے

دور کھڑا ویٹر مسکرایا تھا ۔

خرد پاس ہوگئی تھی اس امتحان

میں !

وہ الٹے قدم چلتا وہاں سے نکل گیا۔

حنادر خرد کو اٹھاتا اندر لایا رحمٰن صاحب نے جلدی سے ڈاکٹر کو فون کیا ۔

ڈاکٹر کے زکر پر خرد نے صبر کے گھونٹ بھرے ۔

حنادر بیٹا اسے اٹھا کر کمرے میں لے چلو۔

تھوڑی ہی دیر میں ڈاکٹر چھوٹا سا بیگ پکڑے حمود کی ہمراہی میں اندر آئے ۔

خرد اس ماسک والے کو کوس کر رہ گئ ء ۔

آپ سب باہر جائیں مجھے چیک کرنا ہے انہیں ۔

لیڈی ڈاکٹر نے سب کو اسکے ارد گرد دیکھ کر سب کو مخاطب کیا سب سر ہلاتے ہوئے باہر نکل گئے ۔

صفورا پریشانی سے اسکی پیشانی چومتی باہر نکل گئ ۔

آپ آنکھیں کھول سکتیں ہیں مجھے سر نے بھیجا ہے ۔

Classic Urdu Material
https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial

ڈاکٹر کی مسکراتی آواز پر اس نے جھٹ سے آنکھیں کھولیں ۔

خرد نے حیرت سے ڈاکٹر کو دیکھا

کیا مطلب ہے تمہارا میں سچ میں بے ہوش ہوئی تھی ابھی ہوش میں آئی ہوں بات سنو باہر جا کر سب سے کہنا خرد بے ہوش ہو گئی تھی اور اسے ٹینشن وغیرہ سے دور رکھا کریں اور اسکی ہر بات مانا کریں

میم مجھے سر J نے بھیجا ہے انہوں نے مجھے سمجھا دیا ہے جو کہنا ہے باہر ۔

خرد نے گھور کر اس ڈاکٹر کو دیکھا ۔

ہاں ٹھیک ہے لیکن یہ ضرور کہنا انہیں ٹینشن سے دور رکھا کریں اور اسکی باتیں بھی مانا کریں ورنہ مکہ مار کر تمہارے دانت توڑ دوں گئی ۔

خرد نے دھمکی دینا فرض سمجھا۔

جبکہ ڈاکٹر نے اسے گھور کر دیکھا۔

ڈاکٹر نے بایر جا کر سب کو ریلکس کر دیا کہ بی پی لو گیا تھا اس لیے وہ بے ہوش ہو گئی تھی

۔

جس پر رحمٰن صفورا اور مرحا نے شکر کا کلمہ پڑھا ۔۔

آج حنادر اور مرحا کی برات تھی ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/Classicurdumaterial

مرحا اور رانیہ صبح سے ہی پارلر چلی گئی تھی تیار ہونے ۔

مما کونسا ڈریس پہنوں ۔

وہ صفور کے پاس آتی ہوئی منہ بسور کر بولی ۔

یہ والا ڈریس نہیں یہ والا پہنو میں اپنے مال سے خرید کر لائی ہوں اپنی بیٹی کے لیے اور یہ آپ آسانی سے کیری بھی کر سکتیں ہیں ۔

صفورا پیکٹ سے ایک ڈریس نکالتی ہوئی اس سے بولی۔

مما میں آپکے کہنے پر پہن لیتی ہوں لیکن اگر گر گئی تو اس کی زمہ دار آپ ہوں گئ ۔

وہ منہ بسور کر کہتی ڈریس لے کر واش روم گھس گئی ۔

https://www.classicurdumaterial.com/

ماریہ نے مسکرا کر اپنی بیٹی کی پیشانی چومی جو پنک لہنگا کرتی پہنے بالوں کو کرل کر کے کھلا چھوڑے ماتھا پٹی لگائے بہت خوبصورت لگ رہی تھی ۔

https://www.facebook.com/classicurdumaterial

تمہیں نعمان کیسا لگا بیٹا ۔

ماریہ نے اسے اپنے پاس بٹھاتے ہوئے پوچھا۔

جس پر ماہ رخ نے ناک چڑھایا ۔

مما مجھے نہیں پسند وہ اسکی ہائٹ چھوٹی ہے ۔

ماہ رخ نے لپ سٹک ڈارک کرتے ہوئے ناز سے کہا۔

کہاں چھوٹا ہے بیٹا تم سے تو بڑا ہی ہے ۔

ماریہ بیگم نے اسے گھور کر باور کروایا جس کی ہائٹ درمیانی ہی تھی ۔

افففف مما سوچوں گئی پھر جواب دوں گئی ۔۔

ماہ رخ کہتی ہوئی مرر کے آگے آئی ۔

مما آج آپکی بیٹی کا کوئی مقابلہ نہیں کر سکے گا دیکھنا آپ بلکہ دلہنیں بھی نہیں ۔۔

ماہ رخ نے اپنا باغور جائزہ لیتا ہوئے مغرور سے لب و لہجے میں کہا۔

یہ بات تو سچ ہے میری جان بس تمہارے لیے کوئی تمہارے جوڑ کا لڑکا مل جائے ۔

ماریہ نے اسکی بلائیں لیتے ہوئے محبت سے کہا جس پر ماہ رخ ناز سے مسکرائی ۔۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

چٹاخ

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

یہ خفاظت کرو گئے تم میرے بعد اسکی !

جزیل اس کے منہ پر زور سے تھپڑ مارتا غصے سے بولا۔

وہ!

بکواس بند کرو ایڈیٹ !

وہ غصے سے بولا ۔

آئندہ اگر اسے کوئی کھڑوچ بھی آئی تو تمہاری خیر نہیں ۔

اس نے سامنے کھڑے وجود کو غصے سے وارننگ دی ۔

جس پر سامنے کھڑے وجود نے منہ بسورا ۔

روبن ٹھٹھک کر وہی رکا ۔

جو سامنے سے چلی آرہی تھی ۔

وہ ٹی پنک شرارے اوپر گھٹوں تک آتی سی گرین موتیوں کے کام والی شرٹ پہنے جس کے بازو کہنوں تک تھے بالوں کی پیچھے سادہ سی پونی پنائے بنا کسی میک اپ اور جیولری کے اچھی لگ رہی تھی وہ دونوں ہاتھوں میں بھر بھر کر چوڑیوں ڈالے ہوئے تھی بس یہی اسکا گہنا تھا ۔

کیسی لگ رہی ہوں!

وہ اسکے سامنے گھومتی ہوئی بولی ۔

پوری جوکر !

روبن ہنسی دباتا ہوا بولا ۔

تم ہوگئے جو کر اور وہ تمہاری میکی ہو گئی جو کر جو چلتی پھرتی لپ سٹک کی دکان ہے ۔

وہ غصے سے بولی۔

روبن نے اسکی چلتی زبان کو گھورا ۔

ویسے یی سینڈل کہاں سے لیئے ۔

روبن نے اسکے کھوسے کو دیکھتے ہوئے اشتیاق سے پوچھا۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

چاہیئے تو پہن لو آئی ڈونٹ مائنڈ ۔

وہ طنز سے بولی ۔

تمہارے پاس مائنڈ ہو گا تو مائنڈ کرو گئی نا ! ڈارلنگ ویسے یہ میں اپنے لیے نہیں مہک کے لیے پوچھ رہا تھا اسے گفٹ کروں گا تم آج پہن کر اتار کر اچھی طرح سے صاف کر کے مجھے دے دینا میں مہک کو گفٹ کروں گا ۔

روبن نے موبائیل پر آتے میسج کا جواب لکھتے ہوئے خرد سے کہا۔

میری جوتی تمہیں صاف کر کے دیتی ہے میرا دل کرتا ہے تمہاری میکی کو بھوت والا بنگلے میں چھوڑ دوں ویسے بات سنو میں ہرگز تمہاری شادی اس ککی باندری سے نہیں ہونے دوں گئی ۔

https://www.classicurdumaterial.com/

وہ غصے سے ناک چڑھا کر بولی ۔

Support@classicurdumaterial.com

روبن نے اسے گھورا ۔

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial

کیوں پسند آگیا ہوں میں تمہیں ۔

روبن نے شرارت سے پوچھا ۔

ارے شکل دیکھو اپنی کیا سوٹ کرتے ہو تم خرد رحمٰن کے ساتھ ۔

خرد نے فخر سے گردن اکڑا کر اسے آئنہ دیکھانا چاہا

روبن نے زور سے اسکی پونی کھینچی پھر پونی کھینچ کر رکا نہیں بلکہ بھاگ گیا۔

پتا تھا نا خرد سے پٹے گا اس لیے بھاگ گیا ڈرپوک کہی کا ۔۔

وہ غصے بڑبڑاتی ہوئی دلہن والے روم کی طرف آئی ۔

واوا یار کیا لگ رہی ہو ۔

خرد نے مرحا کی بلائیں لیتے ہوئے کہا جو واقعے بہت خوبصورت لگ رہی تھی ریڈ لہنگے میں ریڈ ہی ڈارک لپسٹک ہیوی میک اپ سے وہ واقعے پہچانی نہیں جا رہی تھی

۔

خرد دل بہت گھبرا رہا ہے یار ۔

مرحا پریشانی سے بولی ۔

کیوں گھبرا رہا ہے یار چیل کرو برات تو ویسے بھی آنے والی ہے ہمارے گنجے دلہے نے وہ پہنے ہو گئی نا جو دلہے سر پر پہنتے ہیں ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

پگڑی کہنا چاہ رہی ہو تم شاید ۔

https://www.facebook.com/Classic

مرحا بجھے دل سے بولی ۔

ہاں وہی !

خرد ہنسی ،

آدھے گنٹے بعد ڈاکٹر زبیر کے گھر والوں کا فون آگیا تھا کہ وہ نہیں آئیں گئے کیونکہ ڈاکٹر زبیر اپنی پسند کی لڑکی سے شادی کر چکے تھے اور گھر سے غائب تھے۔

یہ خبر سارے خاندان پر بجلی بن کر برسی تھی.

سب پریشان ہو گئے تھے ۔

اب کون کرئے گا شادی میری بیٹی سے۔

عالیہ بیگم روتے ہوئے بولی ۔

خرد دکھی دل سے مرحا کو دیکھ رہی تھی جو سپاٹ چہرے سے بت بن کر بیٹھی تھی.

وہ لب بھینچے سب کو روتا ہوا دیکھنے لگی ۔۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

یہ سب رو کیوں رہے ہیں ۔

روبن اسکے قریب آتا حیرت سے بولا ۔

ڈاکٹر زبیر کے گھر والے برات لے کر نہیں آئے گے وہ بھاگ گیا ہے باسٹرڈ انسان ایک بار میرے ہاتھ لگ جائے پھر تم دیکھنا اسے قبر تک پہنچا کر ہی چین سے بیٹھوں گئ ۔

خرد نفرت سے بولی ۔

او پھر اب کیا ہو گا ۔

روبن آفسوس سے بولا ۔

اب آنٹی ماریہ کہہ رہیں تھیں اس کا بیاہ تو اب کہی نہیں ہو پائے اگر آج نا ہوا تو !

خرد لب کاٹتی ہوئی بولی ۔

چچچ بہت برا سسٹم ہے یہاں کا ۔

روبن منہ بناتے ہوئے بولا۔

خرد چونکی پھر اسے سر تا پیر دیکھنے لگی ۔

پھر مسکرائی ۔

وہ اسکی مسکراہٹ سے تھوڑا مشکوک ہوا ۔

روبن تم کتنی محبت کرتے ہو مجھ سے ۔

وہ اسکا ہاتھ تھامتی ہوئی بولی ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

او میڈیم اپنی حد میں رہو کرتا ہوں محبت تم سے لیکن پاکیزہ والی!

ہینڈسم ہوں لیکن شرم کرو یار ماحول تو دیکھو تم تو میری پرسنلٹی پر مر ہی گئی ہو ---

روبن حیرت سے بولا۔

ایڈیٹ تم نے میرا ٹیسٹ ایسا سمجھا ہوا ہے تم نے!

میری بات سنو اور اگر تم نے میری بات نا مانی تو آج اسی وقت میں تم سے اپنی دوستی توڑتی ہوں۔

وہ دھمکی دیتی اسے کھینچتی ایک کونے میں لے گئی ۔

روبن نے اسے ساکت نظروں سے دیکھا ۔

دور سے وہ دونوں آپس میں ایک دوسرے سے لڑتے نظر آرہے تھے ۔

لیکن تھوڑی دیر بعد وہ اسے منانے میں کامیاب ہو گئی تھی ۔

اس نے جیسے ہی سب سے بات کی سب نے بہت سے اختلاف اٹھائے لیکن عالیہ نے غور سے دور کھڑے ہینڈسم نوجوان کو دیکھ کر ہاں کردی ۔

وہ قتل کر دینے والی نظروں سے اماں بی بنی خرد کو گھور رہا تھا ۔

خرد نے سب کو منا کر ہی دم لیا تھا ۔

مرحا وقار ولد وقار علی آپ کا نکاح ابراز احمد ولد شہریار احمد کے ساتھ سکہ رائج الوقت بیس لاکھ روپے طے پایا ہے !

کیا آپ کو یہ نکاح قبول ہے ---

مولوی صاحب اسکے پاس ایک گھنٹے بعد آئے تھے وہ حیرت سے اپنے ماں باپ کو دیکھنے لگی --

عالیہ نے اسے قبول ہے کہنے کا اشارا دیا۔

وہ ضبط کے گھونٹ بھرتی بنا اپنے ہمسفر کو جانے قبول ہے کہہ گئی تھی ---

سب کے مرجھائے چہرے پھر سے ہرے ہو گئے تھے --

سر آپکے گیسٹ آئیں ہیں باہر انکے قریب کافی لوگ اکٹھے ہو گئے ہیں --

ملازم نے جنید شیرازی کے کان میں اسے اطلاع دی ---

https://www.classicurdumaterial.com/

سر آپکے گیسٹ آئیں ہیں باہر سب انکے ارد گرد اکٹھے ہو گئے ہیں --

Support@classicurdumaterial.com

ملازم نے جنید شیرازی کے کان میں کہا جنید شیرازی جلدی سے سر ہلاتا ہوا ہال کی طرف تیز قدموں سے بڑھا۔

مرحہ کسی سے کوئی بات نہیں کر رہی تھی وہ چپ تھی ہونٹ ساکت تھے تو نظریں جھکی ہوئیں

۔

خرد کافی دیر اسے کے پاس بیٹھی اسے ریلکس کرتی رہی لیکن مرحہ کچھ نا بولی وہ ساکت سی بیٹھی رہی نا کسی کو دیکھتی نا کسی سے کوئی بات کرتی --

خرد گہرا سانس لیتی باہر آئی جب جب اسکی ٹکر ماہ رخ سے ہوئی ۔

افف کبھی دیکھ کر بھی چل لیا کرو سارے بال خراب کر دیئے میرے ۔

ماہ رخ بالوں کو سنوارتی ہوئی بولی ۔

خرد نے بیزار نظروں سے اسکے ڈارک میک میں چھپے چہرے کو دیکھا ۔

تم اتنا میک اپ تھوپ کر تھکتی نہیں ہو ۔۔

خرد نے آنکھیں سکیڑ کر اس سے پوچھا۔

یہ نیچرل بیوٹی ہے مس خرد تم کیا جانو نیچرل بیوٹی ۔

ماہ رخ منہ بناتے ہوئے تنک کر بولی ۔

جھوٹ مت بولو ماہ جتنا تم میک اپ کرتی ہو اتنا میں کروں تو کوئی پری لگوں ویسے پری تو میں اب بھی ہوں لیکن تم اتنا میک اپ کر کے بھی پری نہیں بلکہ ماہ رخ ہی لگتی ہو ۔۔

خرد اسے سناتی ہوئی اسے کندھا سے کندھا مارتی اسکے قریب سے گزر گئی ۔

جبکہ ماہ رخ نے جلدی سے پرس سے ایک چھوٹے سائز کا مرر نکالا

وہ اپنا چہرہ ہر اینگل سے دیکھتی بے چین تھی ۔

اتنی خوبصورت تو لگ رہیں ہوں یہ تو جلتی ہی رہتی میری بیوٹی سے ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

ماہ رخ مرر بیگ میں رکھتی غصے سے بولی ۔

خرد اپنے دھیان میں کسی وجود سے زور سے ٹکرائی تھی۔
خرد نے سنبھل کر سر اوپر اٹھایا تو اپنے سامنے کھڑے اہان منور کو دیکھ کر جھٹ سے اس سے الگ ہوئی ۔
شرم نہیں آتی تمہیں یوں لڑکیوں کو پکڑتے ہوئے گر رہی تھی نا مر تو نہیں رہی تھی جو جھٹ سے کمر کو پکڑ لیا آئندہ اگر پکڑا تو ہاتھ توڑ دوں گئی ۔
وہ اسے غصے سے سناتی ہوئی اسکے قریب سے گزر گئی ۔
جبکہ آہان منور اپنی طرف متوجہ لوگوں سے شرمندہ ہوا پھر دانت پیس کر اسکی پشت کو دیکھنے لگا جو اسکے دشمن کو دیکھ کر اپنی جگہ ساکت ہوئی تھی ۔۔
خرد آنکھیں پھاڑے سٹیج پر کھڑی ہستی کو دیکھنے لگی ۔
ہونٹوں پر ہاتھ رکھے وہ بے یقینی سے جنید صاحب کے سامنے کھڑے شخص کو دیکھ رہی تھی ساتھ رحمٰن صاحب بھی تھے ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial

بلیک ٹو پیس سوٹ بلیک گلاسز گریبان میں اٹکائے مظبوط کلائی میں گولڈ کی چمکتی ہوئی واچ باندھے وہ کوئی اور نہیں جزیل احمد تھا خرد حیرت زدہ رہ گئی جب ماہ رخ کو اس سے ہاتھ ملاتے ہوئے دیکھا۔

افففف یہ اسان یہاں کیوں آگیا اور اگر اس نے ڈیڈ کو بتا دیا تو۔

خرد بے چینی سے انگلیاں مڑورتے ہوئے بڑبڑائی۔

نہیں بتائے گا خرد اس نے تمہیں خود منع کیا تھا کسی کو بھی بتانے سے۔۔

خرد نے خود کو تسلی دی۔

خرد رحمن اپنی نظروں کو لگام دو تمہاری شادی مجھ سے ہونے والی ہے اور مجھے برداشت نہیں تم میرے دشمن کو یوں آنکھیں پھاڑے دیکھو ویسے بھی اتنا کوئی خوبصورت نہیں وہ جو اپنی جگہ پر جم گئی ہو۔۔

آہان منور کی طنزیہ آواز پر وہ اسکی طرف پلٹی۔

تم سے مطلب میں جیسے مرضی دیکھو ابھی شادی ہوئی نہیں اس لیے میں جس چاہے دیکھ سکتی ہوں اور دوسری بات وہ خوبصورت تو ہے اور تیسری بات وہ تمہارا دشمن ہے میرا نہیں۔

وہ طنز سے بولتی ہوئی پھر اسے دیکھنے لگی جو واچ پر ٹائم دیکھتا ان سے اجازت لے رہا تھا۔

جنید صاحب سر ہلاتے اسے نیچے لے کر اترے تھے۔

Classic Urdu Material
https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial

خرد کا دل دھڑکا وہ اسی کی طرف ہی آرہا تھا ۔

خرد سے تھوڑے قدم کی دوری پر اس نے آنکھوں پر گلاسز لگائے تھے ۔

وہ اسکے پاس سے بنا اسے دیکھے کسی ہوا کے جھونکے کی طرح گزرا تھا ۔

خرد بے ساختہ پلٹی لیکن وہ تیز قدموں سے باہر نکل گیا تھا ۔

مجھے دیکھا تک نہیں مغرور انسان نے !

خرد دل میں غصے سے بڑبڑائی ----

خرد رحمٰن چلا گیا ہے وہ --

اہان نے اسے گھورتے ہوئے مخاطب کیا --

جس پر وہ سنبھلی ۔

میں اسے نہیں سامنے لگی واچ پر ٹائم دیکھ رہی تھی --

خرد جلدی سے کہتی ہوئی صفورا بیگم کے قریب چلی گئی ۔

جبکہ آہان منور طنز سے اسکی کلائی پر نفیس سے باندھی واچ کو دیکھتا دانت پیس کر رہ گیا پھر پلٹ کر رحمٰن صاحب کی طرف بڑھا۔

ابھی رخصتی رہنے دیں مجھے تھوڑا وقت دیں ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/classicurdumaterial

کوئی ضرورت نہیں وقت دینے کی میرا مطلب ہے رخصتی میں دیری کی، تم دونوں ایسے ایک دوسرے کو جلدی سمجھ سکو گئے ۔

خرد اسکے بولنے سے پہلے ہی جلدی سے اسکی بات کاٹتی ہوئی بولی ۔

روبن نے دانت پیسے جبکہ ماریہ بیگم اور صفورا بیگم نے خرد کی ہاں میں ہاں ملائی ۔

خرد شاطر مسکراہٹ سے روبن کو دیکھنے لگی ۔

آنٹی بہت امیر ہے آپکا سن ان لاء اسکی بہت سے فیکٹریاں ہیں امریکہ اور جرمن میں ۔

وہ ماریہ بیگم کو سناتی عالیہ بیگم سے بولیں ۔ماریہ بیگم نے حیرت سے روبن جو دیکھا ۔

رخصتی ساتھ ہی ہوجائے تو بہتر ہے بیٹا ایسے میں کسی کو کوئی بات کرنے کا موقع نہیں ملے گا ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

اب کی دفعہ وقار صاحب بولے تھے ۔۔۔

روبن گہری سانس خارج کرتا سر ہلا گیا ۔

خرد مسکرائی وہ بہت خوش تھی اپنے دونوں فرینڈ کے لیے ۔۔

مرحہ نے حیرت سے اپنے ساتھ بیٹھتے روبن کو دیکھا ۔

وہ تو کوئی اور سمجھی تھی یہ کیا ہوا تھا اسکے ساتھ ۔

اسکی شادی اس انگریز سے کیسے ہو سکتی تھی بھلا ۔

روبن نے غصے سے مرحہ کو دیکھا جو آنکھیں پھاڑے اسے دیکھے جا رہی تھی ۔

مما یہ تو انگریز ہے نا مطلب غیر مسلم پھر میری شادی اس سے کیسے کردی آپ لوگوں نے ۔

مرحہ حیرت سے عالیہ سے بولی ۔

موٹو ابراز مسلمان ہے بس اسکی لک انگریزوں والی ہے اور روبن اِسکا نیم ہے جو کہ اسکے فرینڈ نے رکھا ہوا ہے کیونکہ ابراز کا مشکل نیم انہیں بولنا نہیں آتا تھا تو وہ اسے روبن کہنے لگے اس لیے آہستہ آہستہ سب اسے روبن کے نام سے ہی جاننے لگے۔۔

مرحہ کو خرد نے تفصیل سے بتایا ۔

جو شاک سی سب کو دیکھتی رہ گئی ۔

پھر رخصتی کا شور اٹھا تو مرحہ کو سب روبن کے عارضی کمرے میں چھوڑ آئے ۔

خرد اسکے پاس بیٹھی اسے سمجھاتی رہی ۔

جواباً وہ ناراض نظروں سے خرد کو دیکھتی رہی ۔

خرد مجھے تم۔ سے ایسی امید نہیں تھی تم نے مجھے زبردستی اس انگریز شکل والے کے پلے باندھ دیا نا ہوتی شادی میں کوئی مرے نہیں جا رہی تھی شادی کے لیے تم نے ایسا کر کے مجھے میری نظروں میں دو کوڑی کا کر دیا ہے ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/Classicurdumaterial

مرحہ نے آنسو روکتے ہوئے بھرائے ہوئے لہجے میں کہا ۔

خرد گھبرائی ۔

مرحہ پلیز مجھے غلط مت سمجھو میں نے جو کیا ٹھیک کیا یہ لوگ ایسے ہی رشتے ڈھونڈتے تمہارے لیے گنجے شادی شدہ جو مجھے نا منظور تھے یہ فیصلہ میں نے بہت سوچ سمجھ کر سر انجام دیا ہے مجھے تم دونوں ہی بہت عزیز ہو میں تم دونوں کے لیے اچھا ہی سوچوں گئی بے فکر رہو آہستہ آہستہ سب کچھ ٹھیک ہو جائے گا اور روبن اس لپ سٹک کی دوکان کا پیچھا چھوڑ دے گا ۔

خرد اسے سمجھاتی آخر میں دل میں بولی ۔

خرد مجھے اکیلا چھوڑ دو !

مرحہ بیڈ سے اٹھتی ہوئی سپاٹ لہجے میں بولی ۔

خرد منہ بسورتی ہوئی باہر نکل گئی ۔

یہ روبن کہاں گیا افف گاڑی بھی نہیں لگتا ہے باہر نکل گیا ہے لنگور۔

خرد غصے سے بڑبڑائی ۔۔

روبن رات ڈیڈھ بجے کمرے میں آیا وہ بھی خرد نے کالز کر کر کے اسے پاگل کر دیا تھا !اسکے دھمکی بھرے میسج پڑھ کر اسے آنا پڑا۔ ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/classicurdumaterial/

وہ دھیمے قدموں سے روم میں آیا ۔

مرحہ کمرے میں نہیں تھی ۔

وہ سکون کی سانس لیتا اپنے بیڈ پر گرا ۔۔

لیکن یہ سکون تھوڑے وقت کا ہی اسے نصیب ہوا ۔

خرد مرحہ کی کلائی کھینچتی اسے اندر لے آئی ۔

مرحہ تماشا مت بناو اپنے رشتے کا اب اسی کمرے میں رہو جب تک روبن کوئی پیارا سا تمہارے لیے گھر نہیں لے لیتا ۔

خرد زبردستی مرحہ کو روم میں لاتی ہوئی بولی جو اپنے کمرے میں چلی گئی تھی وہ تو خرد نے اس کے کمرے کی جلتی بجھتی لائٹ دیکھ لی تھی وہ اسے کھینچ کھانچ کر روبن کے عارضی روم میں لے آئی تھی ۔

روبن نے دانت پیس کر اماں بی بی کو دیکھا ۔۔

روبن اب میری معصوم فرینڈ تمہارے زمے داری ہے مجھے شکایت نہیں ملنی چاہیئے ۔۔

وہ مرحہ کو زبردستی روبن کے ساتھ بٹھاتی ہوئی روم سے بھاگ گئی ۔

مرحہ گہری سانس لیتی ہوئی لب بھینچ گئی ۔

میں جانتی ہوں میں تمہیں پسند نہیں تمہیں خرد نے مجبور کیا ہے اس شادی کے لیے ، مجھے بھی تم پسند نہیں مجھے سڑی شکل والے لوگ نہیں پسند ۔

مرحہ نے سپاٹ انداز میں کہا جس پر روبن نے گھور کر اس موٹی کو دیکھا ،جیسے مجھے تو تمہاری شکل بہت پسند ہے ۔

روبن واش روم کی طرف جاتا غصے سے بڑبڑایا۔

مرحہ تکیہ درست کرتی بیڈ کے درمیان میں لیٹ گئی ۔

روبن نے حیرت سے اسے دیکھا ۔

او ہیلو میڈیم آپ اٹھنا پسند کریں گئی میرے بیڈ سے !

یہ میرا بیڈ ہے آپ جہاں چاہے سوں لیکن ایک بیڈ پر میں تمہارے ساتھ نہیں سوں گا ۔۔

روبن نے اسکی طرف آتے ہوئے اونچی آواز میں کہا۔

جس پر مرحہ نے اس بد لحاظ کو گھورا۔۔

میں بھی تمہارے ساتھ سونے کے لیے مری نہیں جا رہی تم کہی اور سو جاو میں تو یہی سوں گئی اور اگر بیڈ پر آئے تو میری ایک ٹانگ ہی کافی ہو گئی تمہارے لیے ۔

مرحہ نے بنا کسی لحاظ کے اسے سنایا ارر اسکا تہہ کیا ہوا کمبل اوڑھ کر سوتی بن گئی ۔

روبن کمر پر ہاتھ رکھے حیرت زدہ رہ گیا یہ ہو کیا رہا تھا اسکے ساتھ ۔۔۔:

وہ گہری سانس لیتا ہوا صدمے سے خود سے بڑبڑایا۔۔۔

پھر کاوچ پر بیٹھتا مہک کے بارے میں پریشانی سے سوچنے لگا۔۔

خرد صبح ہوتے ہی واک کے لیے باہر نکل گئی ۔

وہ پاکٹ میں ہاتھ ڈالے کوئی انگلش سونگ گنگنا رہی تھی ۔

کانوں میں ہینڈ فری تھے ۔

وہ اپنے دھیان میں تھی جب اس ماسک مین کو دیکھا جو رات کے حلیے سے الٹ تھا بالوں کی چھوٹی سی پونی بنائے وائٹ ماسک پہنے وہ بلیک شرٹ میں بلیو جنیز میں وہ رف سے حلیے میں تھا۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

وہ اسے ہی دیکھ رہا تھا ۔

https://www.facebook.com/classicurdumaterial

خرد کو رات کا منظر یاد آیا جب وہ اسے کیسے اگنور کیے گزرا تھا۔

وہ لب بھینچتی ہوئی اسکے قریب سے انجان بن کر گزر گئی ۔

وہ نیلی میں ایک مسکراہٹ لیے اسکے پیچھے بڑھا۔

میرے پیچھے مت آنا میں نہیں جانتی تمہیں ۔

اپنے پیچھے قدموں کی آواز سن کر وہ تنک کر بولی تھی ۔

وہ جواباً اسکے پیچھے چلتا رہا جیسے وہ اس سے نہیں کسی اور سے مخاطب ہو ۔

کم سنتے ہو کیا !

کیا کہا ہے میں نے میرے پیچھے مت آنا لیکن ڈیٹھوں کی طرح چلے آ رہے ہو تم میں شرم ہے یا نہیں --

وہ غصے سے اسکی طرف پلٹتی ہوئی بولی ۔

وہ جواباً اسکے قریب رکا ۔

آپ بدلا اتارنا بھی جانتی ہیں ۔

وہ مسکراتے لہجے میں بولا --

خرد ساکت ہوئی !

(تم نے بدلہ لیا ہے میرے بیٹے سے میں تمہیں زندہ نہیں چھوڑوں گئی تم نے میرے جوان بیٹے کو موت کی گھاٹ اتار دیا ہائے اللہ اس نے کتنا بیانک بدلہ لیا ہے میرے بیٹے سے --)

خرد کے چاروں طرف کسی کے کہے الفاظ گردش کرنے لگے تھے ۔

وہ ساکت نظروں سے اسے دیکھتی کہی پیچھے چلی گئی تھی ۔

اپنے ہاتھوں کپڑوں میں خون دیکھتی وہ چلائی ۔

میں نے اسے مار دیا --

وہ بڑبڑائی --

جزیل حیرت سے اسے تھام چکا تھا ۔

وہ اپنے ہاتھوں کو دیکھ رہی تھی پھٹی پھٹی نظروں سے --

تم بھی مجھے مارو گئے میں تمہارا بھی خون کردوں گئی ۔

وہ اسکے سینے پر سر رکھتی عجیب طرح کے لہجے میں بولی تھی ۔

خرد چپ !ایک دم چپ کیا ہوا ہے

وہ اسے جھنجھورتے ہوئے بولا ۔

وہ ایک دم سنبھلی ۔

کچھ نہیں ہوا اور تم دور رہو مجھ سے رات کیسے ماہ رخ سے ہاتھ ملا رہے تھے اور مجھے دیکھ کر اگنور کردیا ہاو کڈ یو ڈو ۔

وہ کمر پر ہاتھ رکھتی غصے سے بولی ۔

وہ الجھی نظروں سے اسکا کچھ دیر پہلے کا رویہ سوچ رہا تھا ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

خرد تم ٹھیک ہو !

وہ اسکے سر پر ہاتھ رکھتا ہوا فکرمندی سے بولا۔

وہ ایک لمحے کے لیے چپ ہوئی پھر اسے دیکھتا رہی ۔

خرد کیا ہوا تھا تمہارے ساتھ ۔

وہ سرد لہجے میں بولا۔

وہ سر جھکا کر کھڑی رہی ۔

وہ اسکے جھکے سر کو دیکھتا رہا پھر اسکا ہاتھ تھام کر چلنے لگا وہ بھی اسکے ساتھ چلتی رہی وہ اسے اپنی بلیک گاڑی میں بٹھاتا خود ڈرائیونگ سیٹ ہر بیٹھتا گاڑی سٹارٹ کر چکا تھا ۔

خرد چپ چاپ اسکے چہرے کو دیکھتی رہی ۔۔

وہ اسے حویلی میں لیے آیا ۔

جیمی ناشتہ لاو ۔

وہ باہر گارڈن میں بیٹھتا ہوا جیمی کو آرڈر دے گیا ۔۔

جیمی سر ہلاتا ہوا چلا گیا ۔

خرد تم نے سجاد علی کو کیوں مارا تھا ۔

وہ اسے پانی دیتا سپاٹ انداز میں بولا ۔

اس نے میرے ساتھ زیادتی کی تھی جب میں آٹھ سال کی تھی اور جب میں دس سال کی ہوئی تو میں نے اسے چاقو سے مار دیا ایک سال جیل رہی اسکی بعد ملک در ملک ۔۔

وہ سپاٹ لہجے میں کہتی اسے پتھر کا کر گئی تھی ۔

وہ لڑکی کیا تھی! کون کہہ سکتا تھا اسے دیکھ کر کہ اسکے ساتھ اتنا کچھ ہو چکا ہے ۔۔

وہ ایک جھٹکے سے اپنی جگہ سے کھڑا ہوا تھا

کیا مطلب !

وہ درزیدہ لہجے میں بولا ۔

مطلب یہ میرا ریپ ہوا تھا ۔

وہ سنجیدگی سے کہتی ہوئی اسکے سامنے پڑا جوس کا گلاس اٹھا گئی ۔

وہ صدمے سے دو تین قدم پیچھے ہوا ۔

وہ پھٹی پھٹی آنکھوں سے اسے دیکھنے لگا جس کے چہرے پر کوئی تاثر نہیں تھا وہ بالکل سپاٹ تھا۔

https://www.classicurdumaterial.com/

وہ تو پتا کر رہا تھا خرد نے کیوں قتل کیا تھا اس سجاد شیرازی کا وہ تو خواب میں بھی نہیں سوچ سکتا تھا اس کی عزیز ہستی اتنا سب کچھ سہہ چکی ہے۔

https://www.facebook.com/Classic-Urdu-Material/

خرد جوس کے گونٹ لیتی اسے دیکھنے لگی ۔

کیا تم اب مجھے چھوڑ دو گئے !

خرد نے مسکراہٹ سے پوچھا۔

حو ہلنے تک کے قابل نہیں رہا۔تھا اسے دیکھ کر کون کہہ سکتا تھا یہ انسان بڑے بڑے مجرموں کو موٹ کی گھاٹ اتار چکا ہے ۔

اسکے الفاظ جزیل احمد پر بجلی بن کر برسے تھے ۔

وہ تیز قدموں سے باہر کی طرف بھاگا تھا ۔

خرد ایک۔ جھٹکے سے اپنی جگہ سے کھڑی ہوتی اسکے پیچھے دو تین قدن دوڑی پھر رک گئ ء ۔

آنکھ سے ایک آنسو ٹوٹ کر گرا تھا ۔

وہ آنسو ایک جھٹکے سے پونچھتی دھیمے قدموں سے چلتی باہر نکل گئی تو وہی ہوا جس کا اسے خدشہ تھا ۔

وہ چھوڑ گیا تھا اسے اسکی سچائی جان کر بنا کچھ کہے سنے ۔

وہ سپاٹ چہرے سے چلتی گئ۔

وہ آج تک روئی نہیں تھی ۔وہ سمجھتی تھی رونے سے انسان کمزور ہوتا ہے ایسا اسکے نانا کہتے تھے جو خرد سے بہت پیار کرتے تھے ۔

نانا! ہاں وہ آگے ہوں گئے کینڈا سے ۔

وہ خود سے بڑبڑاتی ہوئی جلدی سے گھر کی طرف دوڑی ۔

اسد شیرازی اسکے نانا تھے جو بائی پاس کروانے اکینڈا گئے تھے وہ جب سے ہاکستان آئی تھی وہ باہر تھے شاید وہ آ گئے ہوں --

گھر میں ابھی تک صبح کے اثار نظر نہیں آرہے تھے رات دیر تک جاگنے کی وجہ سے ابھی تک کوئی بھی جاگا نہیں تھا مہمان بھی ابھی تک یہی تھے ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

وہ دھیمے قدموں سے چلتی صفورا بیگم کے کمرے میں آئی وہ دونوں سو رہے تھے ۔

خرد بیڈ پر چڑتی انکے درمیان میں جگہ بناتی لیٹ گئی ۔

پھر رحمٰن صاحب کے سینے سے لگتی آنکھ بند کر گئی ۔

رحمٰن صاحب چونکے ایسے تو وہ تب گلے لگتی تھی جب وہ سخت پریشان ہوتی تھی لیکن یہ بھی سچ تھا وہ اپنی پریشانی کسی سے شیئر نہیں کرتی تھی۔

رحمٰن صاحب اسے بانہوں میں لیتے اس پر کمبل ٹھیک سے اوڑھنے لگے ۔۔

اس نے ساری رات جاگتے سوتے گزاری تھی ۔

وہ گردن مسلتا نیچے سے اٹھا بیڈ خالی تھا واش روم سے پانی گرنے کی آواز آرہی تھی ۔

وہ لب بھینچتا بیڈ پر دراز ہوا ۔۔

تب ہی مرحا واش روم سے باہر آئی ۔

وہ وائٹ کھدر کے سوٹ میں ملبوس تھی ۔

روبن کو بیڈ پر دیکھ کر ہونٹ چڑھائے ۔

میرا لیے یہی ہی رہ گیا تھا پوری دنیا میں اسکی تو شکل ہی مجھے زہر لگتی ہے ۔

وہ خود سے بڑبڑائی ۔۔

تمہاری شکل بھی مجھے شہد نہیں یقیناً زیر ہی لگتی ہے میں خود حیران ہوں پوری دنیا میں یہ توپ اللہ کو میرے لیے ہی ملی تھی ۔۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

اسکی اونچی بڑبڑاہٹ پر وہ اٹھ کر بیٹھتا جواباً جل بھن کر بولا ۔

مرحہ حیرت سے اسکی چلتی زبان کو دیکھنے لگی۔۔

شرم نہیں آتی لڑکی کو توپ بولتے ہوئے ۔

مرحہ نے غصے سے پوچھا۔

توپ کو توپ ہی بولا جاتا ہے مس مرحہ وقار ۔

وہ تپ کر بولا ۔

افففف تم نے تو عورتوں کو بھی پیچھے چھوڑ دیا ہے زبان درازی میں ۔

وہ کمر پر ہاتھ رکھتی غصے سے بولی

اور دوسری بات کوئی گھر ڈھونڈو مجھے نہیں طعنے سننے کہ شادی کے بعد بھی میکے میں پڑی ہے کیا فائدہ ہوا اسکی شادی کر کے اس لیے آج ہی کوئی میری شان کے مطابق گھر ڈھونڈو چاہے عارضی ہے یہ رشتہ لیکن لوگوں کو باتیں بنانے کا میں موقع نہیں دینا چاہتی تم تو پتا نہیں کیسے انسان ہو باتیں سن لو گے لیکن میں کسی کی باتیں نہیں سنتی ۔۔

مرحہ اچھا خاصا اسے جھاڑتی ہوئی کمرے سے نکل گئی ۔

پیچھے وہ حیرت سے منہ کھولے اسکی پشت کو دیکھتا رہ گیا جو جاتے جاتے دروازہ خاصا زور سے بند کر گ ؔی تھی ۔۔

مما جنید انکل نے جس سے میرا تعارف کروایا تھا وہ کتنا خوبصورت تھا میں اسے دیکھ کر رہ نہیں سکی پاس چلی گئی تو جنید چاچو نے میرا اسے سے تعارف کروا دیا مما کتنا پیارا بولتا ہے وہ اور اوپر سے پرسنلٹی اففففف اور دیکھنے کا انداز !

مما آپکی بیٹی کا دل لے اوڑا ہے وہ میں تو فدا ہی ہو گئی اس پر ۔۔

ماہ رخ نے ماریہ کی گود میں سر رکھے آنکھیں میچتے ہوئے رات کے منظر کو یاد کرتے ہوئے ماریہ کو بتایا۔

ماریہ نے اسے گھورا ۔

افف سدھر جاو ماہ رخ وہ بہت بڑا بزنس مین ہے اور تمہارے چاچو بتا رہے تھے ان سے ڈیل کرنے کے لیے وہ سالوں سے اسکے پیچھے ہیں اب جا کر وہ مانا ہے تم سے شادی کے لیے کیسے مان سکتا ہے وہ !

ماریہ نے اسے اٹھاتے ہوئے خقیقت سے آشنا کیا ۔

میں نہیں جانتی اس کو دیکھنے کے بعد میں کسی اور کے بارے میں سوچ ہی نہیں سکتی پوری رات میں سوئی نہیں اسکا چہرہ نگاہوں میں گھمتا رہا ہے ۔

مما آپ چاچو سے بات کریں نا شاید وہ مان جائے ۔

ماہ رخ بے تابی سے بولی ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

افف ماہ رخ پاگل ہو گئی ہو تم اب میں تمہارے چاچو سے یہ سب باتیں کرتی ہوئی اچھی لگوں گئی کیا۔

تیار ہو کر باہر آو ناشتہ کر لو۔

وہ غصے سے کہتی ہوئی کمرے سے نکل گئی۔

افف وہ انسان تو میری آنکھوں میں ہی بس گیا ہے اسے کیسے بھول سکتی ہوں ہرگز نہیں وہ ماہ رخ کا ہے۔۔

ماہ رخ بیڈ پر گرتی بالوں کی لٹ کھینچتی ہوئی بولی ۔۔

سارے کمرے کا خشر نشر کر دیا تھا اس نے۔

خرد !

وہ گھٹنوں کے بل گرتا خلق کے بل چلایا تھا آواز میں چھپا درد دروازے کے باہر کھڑے جیمی نے بھی شدت سے محسوس کیا تھا۔

تمہارے ساتھ یہ سب کرنے والا کاش وہ زندہ ہوتا! تو پوری دنیا دیکھتی اسے کتوں کی موت مرتے ہوئے۔۔

افففف میں کیا کروں میں کیسے اس انسان کو تکلیف پہنچاوں جو تم نے سہی محسوس کی میں کچھ نہیں کر سکا میں کچھ کرنے کے قابل ہی نہیں رہا۔۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

وہ خرد سے مخاطب ہوتا چلایا تھا ۔۔

وہ وائٹ جینز میں بلیک ڈھیلی شرٹ جس کے بازو کٹ والے تھے شرٹ پر بڑے بڑے وائٹ بٹن لگے ہوئے تھے دو پونیاں کیے وہ اس گھر کے دروازے کے سامنے کافی دیر سے کھڑی تھی لیکن دروازہ نوک کرنے میں اسے بہت سی ہمت چاہیئے تھی ۔۔

اس گھر میں اس نے بہت ازیت سہی تھی ۔

وہ گہری سانس لیتی ڈور نوک کر گئی ۔

کافی دیر بعد دروازہ کھلا تھا ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial

سامنے اسی سالہ ایک بزرگ ہاتھ میں چھڑی لیے کھڑے تھے ۔

وہ مسکراتے ہوئے انکے پر نور چہرے کو دیکھنے لگی ۔

کیسی ہے میری بچی !

وہ مسکرا کر بولے ۔

میں ٹھیک ہوں آپ سے ملنے کا دل کیا تو چلی آئی آپ کینڈا سے آگے لیکن مجھے بتایا تک نہیں

۔

خرد نے لاڈ سے ان سے شکواہ کیا تھا۔۔

آو باہر چلیں یہاں سب جاگ گئے تو سب غصہ کریں گئے تمہاری موجودگی سے ۔

وہ اسکی کلائی تھامتے اسے باہر لے کر نکل گئے۔۔

وہ پارک میں بیٹھے اسے دیکھنے لگے جس کا چہرہ آج انہیں کچھ مرجھایا ہوا سا لگا تھا۔

کیا ہوا بچے آپ اتنی پریشان کیوں ہیں ۔۔

وہ اسکے سر پر ہاتھ رکھتے ہوئے بولے ۔۔

پریشان تو نہیں ہوں نانا جی بٹ میں سوچتی ہوں کہ اس دنیا میں خرد رحمن کا کوئی اپنا ایسا ہے جو اسکا بپت اپنا ہو ۔

وہ انکا ہاتھ تھامتی ہوئی بولی ۔

وہ مسکرائے ۔

بیٹا اللہ ہے نا اسکے ہوتے ہوئے یہ عارضی سہارے نہیں ڈھونڈنے چاہیئے اسکا ساتھ مانگنا چاہیئے جو ابدی ہے ۔

انہوں نے اسکا چہرہ باغور دیکھتے ہوئے نرم لہجے میں کہا۔

وہ مسکرائی ہاں اسکا سہارا ابدی ہے پتا ہے کیا نانا جی میں چاہتی ہوں اپکی بیٹی کے کوئی ناز نخرے اٹھائے اسے اپنے ہاتھوں سے کھانا پکا کر کھلائے اس کی ڈھیر ساری بے تکی باتیں سنے

۔

وہ مسکرا کر شرارت سے بولی ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

وہ جواباً مسکرائے ۔

ایسے ہی مسکراتے رہا کرو یقین کرو آپ مسکراتی کھلکھلاتی ہوئی اچھی لگتیں ہیں ۔

وہ محبت سے بولے ۔

آپ مما کو مت بتانا میں آپ سے ملنے آئی تھی وہ خوامخواہ غصہ کریں گئی ۔۔

خرد نے آئس کریم خریدتے ہوئے کہا۔

کیا آپ نا کہتی تو میں صفورا کو آپ کے بارے میں بتاتا ۔۔

وہ سنجیدگی سے بولے ۔

وہ جواباً آئس کریم کی بائٹ لیتی نفی میں سر ہلا گئی ۔

وہ اسے آئس کریم کھاتے دیکھنے لگے ۔

سجاد تم نے خرد کی زندگی خراب کردی نفس کے بہکاوے میں آکر ۔۔

وہ تاسف سے بولے ۔۔

سجاد انکے بھائی کا بیٹا تھا صفورا کا رضاعی بھائی ۔۔

نانا ایک بائٹ ۔

وہ آئس کریم انکے ہونٹوں کے قریب کرتی شرارت سے بولی ۔

وہ جواباً مسکراتے ہوئے کانوں کو ہاتھ لگا گئے ۔

جس پر وہ کھلکھلائی۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

دور گاڑی سے ٹیک لگائے کھڑا وجود اسکی شرارت پر ہنسا تھا۔

خرد خدا کرئے تم ایسے ہی کھلکھلاتی رہو !۔

دل سے دعا دی تھی اسنے ۔

لیکن کچھ دعائیں دیر سے قبول ہوتیں ۔

روبن دوسری سائیڈ سے گزرنے لگا تو وہ شرارت سے اسی سائیڈ ہوجاتی ۔

کیا مسلہ ہے تمہارے ساتھ جان چھوڑو میری جا رہا ہوں تمہارے اس گھر سے ایک دو دن تک ۔

روبن نے غصے سے کہا۔

افف اتنا غصہ !

اتنا غصہ کرنے سے رنگ کالا پڑ جاتا ہے مائے سویٹ بس اب غصہ تھوکو اور میری فرینڈ مرحہ کو وہ ساری خوشیاں دو جس پر اسکا حق ہے ۔

خرد نے اسکا گال کھینچتے ہوئے لاڈ سے کہا۔

خرد رحمٰن شادی کر لی ہے یہ کافی نہیں ہے اپنے مشورے اپنے پاس رکھو --

روبن تنک کر کہتا ہوا باہر نکل گیا ۔

خرد نے اسے گھورا جو گاڑی سٹارٹ کرتا گھر سے نکل گیا --

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial

وہ منہ بناتے ہوئے ابھی تھوڑا آگے بڑھی ہی تھی جب اسکا پیر کسی کے پیر سے الجھا تھا اور وہ منہ کے بل سیڑیوں پر گری تھی ۔

حاجب مسکرایا ۔

خرد منہ پر ہاتھ رکھتی ہوئی اٹھی !

اس کے دانتوں کے درمیان سے خون نکلنے لگا تھا ۔

چچچ زور سے لگی کرمنل بی بی کو ۔

حاجب مصنوعی تاسف سے بولا ۔

خرد اسے سپاٹ نظروں سے دیکھتی ایک دم سے اسکی طرف بڑھی ۔

وہ اسکا سر پکڑتی زور سے کرسٹل کے بھاری گلدان پر مار چکی تھی ۔۔

یہ سب اتنا اچانک ہوا تھا کہ حاجب کو سنبھلنے کا موقع نہیں ملا تھا۔

چچچ نوٹی بوائے کو زور سے لگی ۔۔

وہ اسکے ماتھے سے نکلتا ہوا خون دیکھ کر ویسے ہی انداز میں بولی جیسے وہ بولا تھا ۔

خرد تیری یہ ہمت تم میرے بیٹے کو مارو اب گھر پر غنڈا گردی شروع کر دی ہے تم نے، آخر کب تک ہم تمہاری حرکات کو در گزر کرتے رہیں گئے ۔۔

ماریہ چلا کر بولی ۔

آپ اپنے بیٹے کی حرکات کو سدھاریں پہلے میرے پر بعد میں آئیے گا ۔۔۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial

خرد آستین سے منہ سے خون خشک کرتی غصے سے بولی۔۔

تمہاری یہ جرات ایک تو غنڈا گردی کرتی ہو اوپر سے زبان چلاتی ہو ۔۔

وہ غصے سے بولتی اس پر ہاتھ اٹھا گئی تھی لیکن خرد انکا ہاتھ درمیان میں ہی روک چکی تھی ۔

خرد رحمٰن پر اسکے ماں باپ کے علاوہ اور کوئی ہاتھ نہیں اٹھا سکتا مائی ڈیئر چچی ۔۔

وہ انکا ہاتھ جھٹک کر کہتی ہوئی حاجب کی طرف آئی جو اسے قہر بھری نظروں سے اسے دیکھ رہا تھا ۔

آئندہ اگر ایسی حرکت کی تو تمہارا وہ حال کروں گئی کہ یاد رکھو گئے ۔۔

وہ اسے غصے سے کہتی گھر سے ہی باہر نکل گئی ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial

درزیدہ نظروں سے آس پاس سے گزرتی ہوئی گاڑیاں کو دیکھتی وہ سڑک پر ایک بڑے سے پتھر پر بیٹھی ہوئی تھی ۔۔

جب کوئی اچانک سے اس کے قدموں میں بیٹھا تھا ۔

وہ اپنے گھٹنوں پر دھرے ہاتھ کو دیکھ کر چونکی پھر سر اٹھا گئی جو ماسک لگائے اپنی نیلی آنکھوں میں اسکے لیے ڈھیروں پیار لیے اسے دیکھ رہا تھا۔

وہ اسے دیکھتی رہی جواباً وہ بھی اسے دیکھتا رہا ۔

آیت احمد گھر چلیں !

وہ دھیمے نرم لہجے میں بولا تھا وہ بنا اسے کے پکارے نام پر غور کیے اسے دیکھتی رہی ۔

خرد رحمٰن آئی ایم سوری میں اپنا وعدہ نبھا نہیں سکھا میں تمہارا خیال نہیں رکھ سکا ۔۔

وہ اسکا ہاتھ آنکھوں سے لگاتا سر جھکائے دھیمے لہجے میں بولا ۔

خرد نا سمجھی سے اسے دیکھتی رہی جو اس بیٹھی ہوئی کو ہی اپنی بانہوں میں اٹھا کر چلنے لگا تھا

۔۔

خرد اسے دیکھتی رہی۔۔

وہ اسے جھرنے کے پاس بٹھاتا خود اسکے قدموں میں بیٹھا ۔

تم کون ہو تم نے کس سے وعدہ کیا تھا میرے خیال رکھنے کا ۔

خرد نے سپاٹ لہجے میں اس سے پوچھا۔

خود سے کیا تھا میری گڑیا !

وہ تھوڑی دیر بعد خود پر قابو پاتا ہوا بولا ۔

خرد مسکرائی ۔

تم تو مجھے چھوڑ گئے تھے نا.

خرد نے سپاٹ انداز میں اس سے پوچھا۔

خرد رحمٰن کو جزیل احمد کبھی نہیں چھوڑ سکتا یہ بات یاد رکھنا ۔۔

وہ مظبوط لہجے میں بولا ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

خرد تمہیں تیرنا آتا ہے ۔

وہ پانی کو دیکھتا ہوا بولا ۔

نہیں بس کوشش کر لیتی ہوں ۔۔

وہ پانی کو دیکھ کر کندھے اچکا کر بولی ۔

وہ ایک پل میں مسکرایا ۔

پھر اسے اٹھاتا پانی میں پھینک چکا تھا ۔

خرد چلائی تھی ۔

وہ سینے پر ہاتھ باندھے اسے پانی میں ہاتھ پیر مارتے ہوئے دیکھ رہا تھا ۔

بچاو میں تمہیں چھوڑوں گ ۔ ئ نہیں !

وہ ہاتھ مارتی چلائی تھی ،

وہ جواباً سنجیدگی سے اسے دیکھتا رہا ۔

خرد اگر زندگی پیاری ہے تو تیر کر آو کیسی لڑکی ہو تم تمہیں تو تیرنا تک نہیں آتا چچ مجھے یہ امید نہیں تھی خرد رحمٰن سے ۔۔

وہ آفسوس سے بولا۔

Classic Urdu Material
https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

خرد اسے غصے سے دیکھتی ہاتھ مارتی بڑی مشکل سے پانی کے اندر جانے سے بچتی وہ کنارے تک آئی تھی ----

گہرے گہرے سانس لیتی وہ کنارے کو تھام گئی تھی --

وہ اکڑو سٹائل سے اسکے سامنے بیٹھا ۔

وہ مسکراتی آنکھوں سے اسکے پانی سے تر کپڑے اور بال دیکھنے لگا --

خرد غصے سے اسکا گریبان کھینچتی اسے پانی میں کھینچ گئی وہ چاہتا تو وہ اسے کھینچ نہیں سکتی تھی لیکن وہ بڑے آرام سے اسکے کھینچنے پر پانی میں گرا تھا ۔

وہ پانی میں کہی گھم ہوا تھا ۔

خرد نے حیرت سے اس جگہ کو دیکھا جہاں وہ گھم ہوا --

خرد نے نظریں اِدھر اُدھر دوڑائیں لیکن وہ نا ملا لیک پھر وہ ڈر کر پیچھے ہوئی وہ ایک دم سے اسکے بہت قریب سے پانی میں سے نکلا تھا ۔

خرد ڈر سے اسے دیکھتی رہی جس کے بھیگے بال اسکی آنکھوں تک آرہے تھے ۔

خرد رحمٰن ایسے تیرا جاتا ہے ۔

وہ اسکی کمر میں ہاتھ ڈالتے ہوئے نرم لہجے میں بولا--

مجھے تیرنا آتا ہے لیکن تم میری جان لینا چاہ رہے تھے تم تو دعا مانگ رہے ہو گئے یہ ڈھوب جائے مر جائے باہر نکلے ہی نا وغیرہ وغیرہ لیکن خرد رحمٰن کسی کے مارنے سے نہیں مرے گئی --

وی غصے سے اسکا ماسک کھینچتے ہوئے بولی ۔

چہرے پر ہلکی بڑھی ہوئی بیرڈ تھی تو ہونٹ بھینچے ہوئے اس شخص کے چہرے پر پانی کے قطرے اسے موتیوں کی طرح لگے تھے ۔

وہ سر جھٹکتی ہوئی سنبھلی ۔

ّمریں خرد رحمٰن کے دشمن حرد احمد ہزاروں سال جئے خوش رہے آباد رہے --

وہ اسکا منہ چومتا ہوا شدت بھرے لہجے میں بولا ۔

خرد بھوکھلائی ۔

وہ پیچھے ہونا چاہتی تھی لیکن ہو نا پائی ۔

وہ اسے کَس کر پکڑے ہوئے تھا ۔

خرد رحمٰن تمہیں تیرنا آنا چاہیئے انسان کو وہ سارے کام آنے چاہیئے جو اسکی جان بچا سکیں میں ہمیشہ تو تمہارے ساتھ نہیں ہوتا تمہیں پانی میں تیرنا سیکھنا ہو گا خرد تم جزیل احمد کی بیوی ہو جو ہر کام میں مہارت رکھتا ہے وہ اپنی بیوی میں بھی ہر مہارت دیکھنا چاہتا ہے ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

وہ اسکا چہرہ اپنے سفید ہاتھوں میں تھامے اسے مظبوط لہجے میں سمجھا رہا تھا جواباً وہ اسے سر اٹھائے دیکھتی رہی ۔

خرد آیم پروڈ آف یو !

وہ کہتا ہوا اسے اوپر اٹھا گیا خرد کے نقوش اسکے چہرے سے مس ہوئے تھے وہ اسے ایسے ہی تھامے پانی سے باہر لایا ۔

خرد جلدی سے نیچے اتری ۔

شرم نہیں آتی ایسے بیودہ حرکتیں کرتے ہوئے ۔۔

خرد غصے سے بولی ۔

بالکل بھی نہیں ۔

وہ شرٹ اتار کر جھاڑیوں پر ڈالتا بڑے ریلکس انداز میں بولا۔۔

خرد نے اسکے کسرتی وجود کو گھورا ۔

میرے سارے کپڑے بھیگو دیئے اور خود نواب صاحب اپنے کپڑے اتار کر سوکھانے لگ گئے ہیں ۔

آپ بھی اتار دیں سکھا دوں گا تمہارے بھی ۔

وہ اسکی بڑبڑاہٹ سنتا مسکراتے ہوئے لہجے میں بولا ۔۔

خرد بھوکھلاتی ہوئی خوامخواہ اپنے کپڑے ٹھیک کرنے لگی ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

ّوہ مسکرِایا ۔

خرد تم مجھے اتنی پیاری کیوں لگتی ہو !

وہ اسکا گال کھینچتا ہوا بے بس سے لہجے میں بولا ۔

جس پر وہ ٹھٹھکی ۔

لیکن مجھے تو تم اچھے نہیں لگتے ۔

وہ کندھے اچکاتی ہوئی مغرور انداز میں بولی ۔

ہاہاہا !

اسکا زندگی سے بھرپور قہقہ ہوا میں گونجا تھا۔۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

خرد اپنی جگہ ٹھٹھک کر رہ گئی بھلا اتنے خوبصورت انداز میں بھی کوئی ہنس سکتا ہے ۔۔

وہ دل ہی دل میں پیچ و تاب کھا کر رہ گئی ۔۔

وہ ہنسی کنٹرول کرتا بلیو توتھ میں آتی جیمی کی آواز کی طرف متوجہ ہوا ۔۔

بوس شیرازی آپ سے ملنا چاہتا ہے ۔۔

آرہا ہوں آدھے گھنٹے میں !

اس نے کہتے ہی بلیو توتھ بند کیا اور اس کی طرف متوجہ ہوا ۔۔

خرد منہ بسورے اپنے بالوں کی الجھی بکھڑی پونیاں ٹھیک کر رہی تھی ۔

خرد گھر چلیں !

وہ اس کے قریب آتا ہوا بولا وہ شرٹ پہن چکا تھا ۔

ہاں !

وہ اسکے اپنی طرف بڑھے ہوئے ہاتھ کو دیکھتی ہوئی بولی ۔

پھر سینے پر ہاتھ باندھتی وہ لاپرواہی سے اس سے آگے چلنے لگی ۔

وہ اپنے بڑھے ہوئے خالی ہاتھ کو دیکھ کر دھیمے سے ہنسا ۔

منہ پر دوسرا ماسک لگاتا وہ اس کے ہم قدم ہوا ۔۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

.....

آپ نے ابھی تک میرا کام کیوں نہیں کیا جبکہ میں تمہیں پورے بیس کروڑ دینے کو راضی تھا

۔

شیرازی نے لب بھینچ کر اس سے کہا جو اسی پر نظریں جمائے کرسی کو آہستہ آہستہ گھماتا اسے سنجیدگی سے دیکھا رہا تھا چہرے پر ہنوز بلیک ماسک تھا ۔

مسلہ یہ ہے مجھے کسی اور نے بھی آفر کی ہے پچیس کروڑ کی ۔

وہ بھاری آواز میں پرسوچ انداز میں بولا۔

کیا مطلب میں سمجھا نہیں کیا کسی اور نے بھی اس لڑکی کو مارنے کی تمہیں آفر کی ہے ۔

شیرازی نے حیرت سے پوچھا۔

آہہہ اس لڑکی کو نہیں تمہیں مارنے کے لیے مجھے پچیس کروڑ کی آفر کی گئی ہے مسٹر آہان شیرازی ۔۔

آہان اسکے منہ سے اپنا نام سنتا حیرت زدہ ہوا۔

کس نے آفر کی ہے !

وہ غصے سے بولا ۔

https://www.classicurdumaterial.com/

ہاہاہا!

Support@classicurdumaterial.com

شیرازی صاحب اپنے کلائنٹ کا نام میں کسی دوسرے کو نہیں بتاتا تم جانتے ہو یہ سب ۔

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

وہ قہقہ لگاتا ہوا بولا ۔

آہان شیرازی کے چہرے پر ننھے ننھے پسینے کے قطرے چمکے پھر وہ غصے سے کھڑا ہوا ۔

جس نے تمہیں آفر کی ڈھونڈ نکالوں گا میں اسے ، پھر اسے مجھ سے کوئی نہیں بچا سکتا ۔

وہ ضبط سے مٹھیاں بھینچتا کہتا ہوا باہر نکل گیا ۔

پیچھے وہ نقاب اتارتا پرسراریت سے مسکرایا ۔

موٹو یار کیا اب تم دونوں مجھ معصوم سے ناراض ہی رہو گئے۔

خرد تاسف سے اسے منانے کی کوشش کرتی ہوئی بولی۔

رہنے دو ! تم نے مجھے زبردستی کسی کے متھے مار دیا ہے وہ جب جب مجھے دیکھتا ہے غصے سے گھورتا ہے اوپر سے میرے ساتھ بیڈ پر نہیں چھوٹے سے صوفے پر سویا

جیسے میں تو مری جا رہی تھی اسے بیڈ ہر سولانے کے لیے --

مرحہ نے جلے دل کے پھپھولے پھوڑے --

اسکی یہ جرات میری دوست کو گھورے اسکا تو میں قیمہ بنادوں گئی تم بس یہ کرنا تم اسے محبت سے دیکھنا پھر وہ بھی تمہیں محبت پیار سے دیکھے گا ۔

خرد نے صوفے سے اٹھ کر کمرے کے چکر لگاتے ہوئے اسے سمجھایا۔

رہنے دو اسے پیار سے دیکھتی ہے میری جوتی ۔

مرحہ نے منہ بناتے ہوئے کہا۔۔

افففف تم دونوں ہی عجیب ہو اب میں کیا کہہ سکتی ہوں --

ویسے جو باتوں سے نا مانے اسے میں ہاتھوں لاتوں سے سمجھاتی ہوں ۔

وہ ہتھیلی پر مکہ مارتی روبن کو دیکھ کر بولی --

مکے تمہیں نہیں مجھے بھی مارنے آتے ہیں کیا ہوا جو بلیک بیکٹ نہیں ہوں تو! ہاتھا پائی کرنا میں بھی خوب جانتا ہوں --

روبن نے بھی اسے دھمکی سے نوازا ۔

روبن میں بحث کے موڈ میں نہیں ہوں میری دو باتیں سنو اگر اب تم نے مرحہ کو گھورا یا بیڈ کی بجائے صوفے پر سوئے تو یاد رکھنا خرد رحمٰن تمہیں بھگا بھگا کر مارے گئی !

دوسری بات اب تم دونوں کی اگر مجھے کوئی شکایت ملی تو اس دن میری کٹ سے تم دونوں کو کوئی نہیں بچا سکتا ۔

وہ کہتی ہوئی دونوں کو دیکھنے لگی جن کے منہ پورے کے پورے کھلے ہوئے تھے ۔

روبن نے گھور کر مرحہ کو دیکھا جو اسکی باتیں تو اسے بتا گئی تھی لیکن اپنی چھپا گئی تھی میسنی چغل خور کہی کی ۔۔

https://www.classicurdumaterial.com/

روبن غصے سے بڑبڑایا ۔

Support@classicurdumaterial.com

سیم ٹو یو !

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

وہ خرد کو دیکھتی اسکی بڑبڑاہٹ کے جواب میں آہستہ سے بڑبڑائی ۔۔

روبن اسے گھورتا ہوا کمرے سے واک آوٹ کر گیا۔

مرحہ مسکرائی بچو آگے آگے دیکھو ہوتا ہے کیا۔

وہ مزے سے دل ہی دل میں بڑبڑائی ۔۔

جبکہ خرد نے اسے تیکھے چتونوں سے دیکھا۔

جس پر اس نے مظلوم سی شکل بنائی ۔؛

••§§§§§§••§§§§§§§••§§§§§§§§••

یہ آج کچن میں اتنی رونق کیوں ہے --

خرد نے ایپل کی بائٹ لیتے ہوئے ماہ رخ سے پوچھا جو چہرے پر بلیچ کیے ہاتھوں کا مینی کیو کر رہی تھی --

تمہیں بتانا ضوری نہیں سمجھتے ہم ۔

ماہ کو اس پر بہت غصہ تھا وہ سر جو پھاڑ چکی تھی اسکے پیارے بھائی کا۔

نا بتاو سڑی شکل والی ویسے بھی بہت تیز زرائعے ہیں نیرے کچھ ہی منٹوں میں پتا لگا لوں گئی

۔

وہ کہتی ہوئی اسکے پاس رکی پھر جو اس نے اتنی محنت سے بلیچ چہرے پر لگائی تھی ٹشو پکڑتی اسکے آدھے چہرے سے بلیچ ٹشو سے پھونچتی اوپر بھاگ گئی ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

ماہ نے بت بنے اپنے چہرے کو دیکھا جس پر آدھی بلیچ غائب تھی --

خرد یو بچ تمہیں نہیں چھوڑوں گی میں اس کا بدلہ تو تمہیں چکانا پڑے گا --

ماہ صوفے سے اٹھتی چیخ کر غصے سے بولی --

وہ جواباً پلٹ کر اسے ہوائی کس دیتی اوپر اپنے پورشن میں گھم ہو گئی۔ ۔

آج ماریہ چچی عالیہ چچی کچن میں ایک ساتھ کوکنگ کر رہیں ہیں کوئی خاص وجہ ۔

ایپل کھاتے ہوئے اس نے صفورا بیگم سے تجسس سے پوچھا۔

اللہ جانے یا وہ جانے ۔

صفورا بلش لگاتی مصروف سے انداز میں بولی ۔

میں اور رحمٰن آج منور بھائی کی طرف ڈینر پر انواٹڈ ہیں دس نو بجے تک ہم آجائیں گے پیچھے سے تمہاری کوئی شکایت نا ملے مجھے سمجھی ابھی میں مال جاوں گئی وہی سے ہی منور کی طرف چلی جاوں گئی۔۔

صفورا نے بیگ کندھے پر رکھتے ہوئے اسے وارن کیا ۔۔

وہ جواباً ایپل کھاتی انکے بیڈ پر دراز ہو گئی ۔

افففف تم کب بڑی ہو گئی جوتے تو اتار لیتی بیڈ پر لیٹنے سے پہلے۔۔

صفورا نے سر پیٹ کر اپنی ڈیٹھ بیٹی سے کہا۔

اب تو گندا ہو گیا نا میں نہیں اتار رہی ۔

وہ منہ بسور کر بولی ۔

صفورا بیڈ پر بیٹھتی اسکے جوتوں کے تسمے کھولتی اسکے پیروں سے نکال کر سیدھی ہوئی ۔

بلینکٹ بھی مجھے پر ڈال دیں نا ۔

منہ چلاتی ان سے بولی ۔

وہ جواباً گہری سانس لیتی اس پر کمبل اوڑھتی ٹک ٹک کرتی ہوئی باہر نکل گئی ۔۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/Classicurdumaterial/

وہ نرم تکیے میں منہ دیتی آنکھیں موندھ گئیں ابھی دوپہر کے چار ہی بجے تھے ۔

••••••••••••§§§§§§§§§•••••••••

کمرے میں آتی مرحہ زور سے اس سے ٹکرائی جو کبڈ کی طرف جا رہا تھا مرحہ کی اچانک ٹکر پر اس پر چڑ دوڑا۔ ۔

کیا آنکھیں ادھار پر دے رکھیں ہیں میڈیم نے یا مجھ سے ٹکرانے میں بڑا مزہ آتا ہے اب یہ بھی جا کر خرد میڈیم سے چغلی کر دینا چغل خور ۔۔

وہ ماتھا مسلتا غصے سے بولا ۔

وہ جواباً کمر پر ہاتھ رکھتی ناک سکوڑے اسے دیکھتی رہی ۔

تم سے ٹکرانے میں مزہ ارے تمہاری تو میں شکل بھی ان دیکھوں مجبوری میں دیکھتی ہوں ورنہ کہاں میں گندمی رنگت کی حامل پیاری لڑکی اور کہاں تم پھیپنے نقوش کا حامل نقلی انگریز ۔۔

وہ بھی جواباً کونسا اس سے کم تھی ۔

نقلی انگریز پھیپنے نقوش !

وہ حیرت سے بڑبڑایا ۔

ہاں اور دوسری بات تم میں کونسا لال ہیرے جوڑے ہیں جو تن سے ٹکرانے میں مجھے مزہ آتا ہے ارے تم کیا ہینڈسم ہو ہینڈسم تو میرے سر بلال ہیں تمہارا تو صرف سفید رنگ ہے وہ تو سارے ہی ہینڈسم ہیں ۔۔۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

غصے سے کہتی وہ واشروم میں گھس گئی ۔

افففف اتنا کچھ سنا گئی یہ مجھے اور میں سنتا رہا بہت لڑاکا ہے یہ تو اور یہ سر بلال کون ہے ۔

مرر میں خود کو غور سے دیکھتا وہ پرسوچ انداز میں بڑبڑایا۔ ۔

••••••••••§§§§§§§§§••••••••••••

خرد کی رات آٹھ بجے آنکھ کھلی کمرہ اندھیرے میں ڈوبا ہوا تھا ۔

وہ ارد گرد غور سے دیکھتی سائیڈ ٹیبل پر پڑا لیمپ آن کر گئی اب کمرے میں مدھم سی روشنی تھی ۔

بہت بھوک لگ رہی !

وہ پیٹ پر ہاتھ رکھتی خود سے کہتی باہر ڈائننگ ہال کی طرف بڑھی ۔

سیڑیوں پر وہ سرعت سے رکی !

سامنے ہی بلیک ٹو پیس سوٹ میں کوئی اور نہیں جزیل احمد تھا ۔

جو ڈائننگ ٹیبل کی چیئر پر بیٹھا جنید صاحب کی کوئی بات سن رہا تھا چہرے پر سنجیدگی برقرار تھی

۔

جزیل احمد کی چیئر کے بالکل سامنے والی چیئر پر ماہ رخ بیٹھی تھی جو پنک فراک بلیک چوڑی دار پچامہ بالوں کو سٹریٹ کیے پنک لپ سٹک لگائے بڑی نفاست سے اسکی پلیٹ میں میکرونی ڈال رہی تھی ۔

وہ حیرت سے لب بھینچتی دیوار پر لگے بڑے سے مرر میں خود کو دیکھنے لگی ۔

دو پونیاں جن میں سے سارے بال باہر تھے کھلا براون ٹروزر وائٹ ڈھیلی شرٹ پہنے وہ بڑے عام سے حلیے میں تھی ۔

وہ انہی قدموں پر واپس اوپر کی طرف بھاگی ۔

کبڈ سے بلیک جینز پنک شرٹ جس کے بازو بڑے کھلے سے بنے ہوئے تھے آگے موتی لگے ہوئے تھے شرٹ کے گلے پر بھی موتی لگے ہوئے تھے ۔۔

وہ کپڑے لیتی جلدی سے واش روم کی طرف بڑھی ۔

چینج کر کے بال کھولے ان میں جلدی جلدی کنگی کرتی انہیں دو پونیوں میں قید کیا چہرے پر فئیرنس کریم لگاتی وہ جلدی سے صفورا بیگم کا لپ گلو ہونٹوں پر پھیر گئی یہ ایک نیچرل کلر کی شیڈ تھی جو اس کے بھرے بھرے ہونٹوں پر بہت سوٹ کی تھی ۔

https://www.classicurdumaterialgroup/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

جلدی جلدی شوز ریک میں سے پنک سینڈل نکالتی ان میں پیر ڈالتی باہر بھاگی ۔

آج میرے مما ڈیڈ گھر پر نہیں تھے تو مجھے کسی نے کھانے پر بولایا ہی نہیں اس لیے کہتے ہیں اپنے ماں باپ اپنے ہی ہوتے ہیں ۔

وہ سب کو مخاطب کرتی روبن کے ساتھ پڑی خالی چیئر پر بیٹھ گئی اور پھر میکرونی کی وہ پلیٹ اٹھالی جو ماہ نے بڑے پیارے سے جزیل احمد کے آگے رکھی تھی اس نے ابھی میکرونی کو ہاتھ تک نہیں لگایا تھا۔

ماریہ بیگم اور ماہ نے غصے سے اسے دیکھا ۔

نہیں بیٹا نمی گئی تھی تمہیں بولانے تم سو رہی تھی اس لیے ڈسٹرب نہیں کیا ۔

ٰعالیہ بیگم نے نرم لہجے میں اس سے کہا جس پر اس نے منہ بسورا پھر اسے دیکھا جو سر جھکائے بڑی نفاست سے فورک سے روسٹ چیکن کھا رہا تھا ۔

مرحہ کی پلیٹ تو کھانے سے پُر تھی ۔

وہ سر جھکائے کھانا کھانے میں پوری طرح محو تھی ۔۔

خرد نے اسے دیکھا جو عالیہ کو مزید کھانا ڈالنے سے منع کر گیا تھا ۔

میں خرد رحمٰن اور آپ !

وہ خود ہی اسے مخاطب کر گئی تھی ۔

جزیل احمد !

وہ اسے زرا سا دیکھتا اپنا تعارف کروا گیا ۔۔

ماہ نے اسے گھورا لیکن ماہ کی گھوری بھلا خرد پر کیا اثر ڈال سکتی تھی ۔

کیا کرتے ہیں آپ !

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

وہ مزید بولی

خرد چپ کر کے کھانا کھاو ۔

جنید نے غصے سے اسے ٹوکا ۔

میں اپنا بزنس کرتا ہوں ۔

وہ بڑے نرم لہجے میں اس سے بولا ۔

لیکن پہلے تو کبھی آپ کو اِدھر نہیں دیکھا ۔

جنید ماہ رخ حاجب عالیہ نے لب بھینچے جنید نے نظروں ہی نظروں میں اسے چپ رہنے کا اشارا کیا ۔

جسے وہ بڑے آرام سے اگنور کر گئی ۔۔

ابھی ہی تو ہم بزنس پارٹنر بنے ہیں مس خرد رحمٰن ،

وہ پانی کا گلاس ہونٹوں سے لگاتا ہوا بولا ۔

ماہ رخ نے اس مغرور انسان کو حیرت سے دیکھا اس کے مخاطب کرنے پر تو وہ کچھ نہیں بولا تھا لیکن اب کیسے اس کے بے تکے سوالوں کے جواب دے رہا تھا ۔

چپ رہو مائے ڈارلنگ !

روبن نے اس کے پیر پر پیر مارتے ہوئے کہا ۔

ماہ مجھے زرا وہ کباب اور رائتہ پلیٹ میں ڈال دو کھانا سرو کرنے کا بہت شوق ہے نا تمہیں ۔

Classic Urdu Material
https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

خرد نے ماہ کو مخاطب کیا جو گال پر ہاتھ رکھے اسکے شوہر کو بڑی محویت سے دیکھ رہی تھی ۔

ماہ نے حیرت سے اسے دیکھا ۔

ماہ یار آپ سے ہی کہہ رہی ہوں ڈال دیں !

وہ طنزیا مسکان سے بولی ۔

ماہ نا چاہتے ہوئے بھی ہونٹوں پر مصنوعی مسکان سجاتی اسے کباب اور رائتہ پلیٹ میں ڈال کر پکڑا گئی ۔۔

ٹھینکس !

وہ پلیٹ پکڑتی مسکرا کر بولی جس پر ماہ نے اور عالیہ نے اسے دل میں جی بھر کوسا ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

کیا آپ شادی شدہ ہیں !

وہ کباب منہ میں ڈالتی اس سے بولی !

خرد اگر کھانا کھا لیا ہو تو کمرے میں چلی جاو !

جنید نے اسے سپاٹ لہجے میں مخاطب کیا ۔

جبکہ وہ پانی پیتا ہلکا سا مسکرایا تھا جو کسی نے نہیں دیکھی تھی سوائے روبن کے ۔۔

نہیں ابھی تو کھانا سٹارٹ کیا ہے میں نے ۔۔

خرد لا پرواہی سے بولی اور آپ نے بتایا نہیں آپ کی شادی ہوگئی یا نہیں ۔

خرد روبن کی پلیٹ سے کھیرے کا ٹکڑا اٹھا کر منہ میں ڈالتی ہوئی بولی ۔

نہیں ہوئی مس خرد رحمٰن ،

وہ مسکراتے لہجے میں بولا تھا جس پر ماہ کی باچھیں کھلی تھیں ۔

جبکہ خرد نے دانت پیسے ۔

ارے اتنی عمر ہو گ ۔ی ہے آپکی لیکن ابھی شادی نہیں ہوئی !کیا آپ کو کسی نے لڑکی دی نہیں یا آپ نے کروائی نہیں ۔

وہ آئی برو اچکاتی ہوئی بولی ۔

افففف یہ لڑکی !

جنید صاحب دانت پیسنے کے علاوہ اور کچھ نہیں کرسکتے تھے جبکہ باقی سب اسکی کنورسیشن کو انجوائے کر رہے تھے ماہ ، عالیہ حاجب اور جنید کو چھوڑ کر ۔۔

نہیں میں انٹرسٹڈ نہیں شادی میں ۔

وہ نیپکن سے ہونٹ صاف کرتا ہوا بولا ۔۔

او میں بھی نہیں ہوں لیکن کرنی پڑے گئی مجھے ! اپنے کزن آہان سے شادی آپ شاید جانتے ہوں اسے وہ بھی آپکی طرح بہت بڑا بزنس مین ہے اور ہینڈسم بھی ۔

وہ پانی کا گلاس فنش کرتی بڑے مغرور انداز میں بولی ۔

اب دانت پیسنے کی باری جزیل احمد کی تھی ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial

وہ سب کھانا کھا کر ڈرائنگ روم میں بیٹھے تھے ۔

میری ماہ چائے بہت ہی زبردست بناتی ہے ماہ جاو تم چائے بنا کر لاو ۔ماریہ نے کہتے ہی ماہ رخ کو مخاطب کیا۔

جی !

وہ کہتی ہوئی اٹھی ۔

لیکن چچی ماہ رخ کو تو میں آج تک کچن میں نہیں دیکھا ۔

موبائیل پر گیمز کھیلتی خرد نے بھولپن سے پوچھا۔

جس پر وہ آج اسے دل میں ہی کوس سکتی تھی ۔

وہ ہلکا سا مسکرائی ۔

جبکہ جزیل کے چہرے پر بہت سنجیدہ سے تاثرات تھے ۔

ماہ اسے گھورتی ہوئی کچن میں چلی گئی --

جبکہ وہ اسے دیکھنے لگی جو کوئی فائل پکڑے جنید اور تقی صاحب سے سنجیدگی سے بات کر رہا تھا

۔

مغرور انسان !

وہ موبائل پر انگلی مارتی غصے سے بولی ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial

تب ہی ماہ رخ چائے لے آئی ۔

اس نے بڑی نزاکت سے جزیل احمد کو چائے پیش کی ۔

سوری آئی ڈونٹ لائیک ٹی ۔

وہ موبائیل پر آئی کال رسیو کرتا ہوا لاپرواہی سے بولا ۔

ہاہاہا!

خرد کا قہقہ بڑا بے ساختہ تھا کیونکہ ماہ کا منہ تو دیکھنے لائق تھا ۔

سب نے ناگواری سے اسے دیکھا ۔

سوری!

کامیڈی فلم دیکھ رہی تھی تو ہنسی نکل گئی کنٹرول نہیں ہوئی ۔۔

وہ اسے گھورتا ہوا کال سننے کے لیے ایک طرف ہو گیا ۔۔

وہ کال سنتا پلٹا تھا جب سامنے سے موبائیل میں مصروف حاجب کو اس طرف آتا ہوا دیکھا ۔

حاجب اسکے پاس سے گزرا جب اسنے اچانک سے اسکے جوتے میں اپنا جوتا پھنسایا تھا جو موبائیل میں بری طرح مگن تھا اس لیے وہ بڑے بے ساختہ انداز میں نیچے فرش کا حصہ بنا تھا ۔

سب نے حیرت سے حاجب کو نیچے گرا دیکھا ۔

جس کا ماتھا بڑے زور سے زمین پر بجا تھا زخم کچا ہونے کی وجہ سے وہی سے پھر سے خون رسا تھا ۔

سوری لگی تو نہیں !

ماریہ اور تقی صاحب نے بھاگ کر اسے اٹھایا جب اس نے بڑے لاپرواہ سے انداز میں پوچھا ۔

نہیں !

حاجب نے مروت سے کہا۔

خرد نے آنکھوں میں ہلکی سی نمی لیے اسے دیکھا۔

وہ سب سے جانے کے لیے اجازت لے رہا تھا ۔

وہ اجازت لیتا بڑی مغرور چال چلتا وہاں سے نکل گیا ۔

وہ موبائیل پینٹ میں اڑستی باہر نکل گئی کیونکہ سب حاجب کی طرف متوجہ تھے ۔

وہ جانتا تھا وہ اسکے پیچھے ہے ۔

وہ جان بوجھ کر موبائیل نیچے گرا گیا ۔۔

خرد جلدی سے نیچے جھکی موبائیل اٹھانے وہ بھی سرعت سے ایک گھٹنے پر وزن ڈالتا نیچے بیٹھا

۔

خرد رحمٰن میرے پیچھے آنے کی کوئی خاص وجہ ۔

اس نے دھیمے سے اس سے پوچھا۔

میں تمہارے پیچھے نہیں آئی کھانا کھا کر میں واک کرتی ہوں ۔۔

وہ بھی دھیمے لہجے میں بولی ۔

Classic Urdu Material
https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

روبن بالکنی میں کھڑا ان دونوں کو ہی دیکھ رہا تھا ۔

او اچھا تو پھر مس رحمٰن واک کر لیں آپ ۔

وہ موبائیل اٹھا کر کہتا گاڑی کی طرف بڑھ گیا جہاں ڈرائیور ڈور کھولے کھڑا تھا وہ بڑے سٹائل سے گاڑی میں بیٹھتا اسکی نظروں سے اوجھل ہو گیا تھا۔

خرد کا اچانک ہی دھیان اوپر کھڑے روبن پر گیا ۔

میں تو اسکا موبائیل اٹھا کر دے رہی تھی ۔

وہ خوامخواہ ہی اسے اپنی صفائی پیش کر گئی ۔

کیا میں نے پوچھا کہ پورے پانچ منٹ تک نیچے بیٹھی موبائیل کو پکڑتی خرد رحمن سے !

مجھے لگتا ہے موبائیل فرش سے چپک گیا ہو گا اس لیے اسے اٹھانے میں اتنی دیر لگ گئی ۔

وہ طنز کرتا ہوا بالکنی سے ہٹتا کمرے میں چلا گیا ۔

خرد دانت پیستی رہ گئی ۔

ہاتھ لگو تم زرا میرے بچو تم کافی دن سے پیٹے جو نہیں ہو میرے ہاتھوں سے اس لیے بڑے طنز کرنے آگے ہیں تمہیں --

وہ منہ بناتی ہوئی بڑبڑائی--

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial

رات کیا بکواس کی ہے تم نے گیسٹ کے سامنے جانتی ہو وہ کتنا بڑا بزنس مین ہے کافی عرصے سے ہم اس سے ڈیل کرنا چاہ رہے تھے اب جا کر کہی مانا ہے وہ ،

اور تم فالتو باتیں لے کر بیٹھ گئی اگر وہ ڈیل کینسل کردیتا تو ۔

جنید نے صبح صبح ہی اسے جھاڑ دیا تھا ۔

جنید بچی ہے اسے نہیں پتا ہو گا !

رحمٰن صاحب نے اپنے چھوٹے بھائی کو سنجیدگی سے ٹوکا۔

بچی ہے یہ!

اور یہ بچی ہی رہے گئی بھائی صاحب آپکے لیے کل اس نے میرے بیٹے کا سر پھاڑ دیا ہے ماہ سے لڑائی کی ہے اوپر سے میینرز بالکل بھی نہیں ہیں اس میں ماہ نے گیسٹ کو کھانا سرو کیا لیکن اس میڈیم نے مہمان کے آگے سے کھانا اچک لیا اسکی کس کس بات سے در گزر کریں ہم کل سے میرا بیٹا سر درد سے کراہ رہا ہے ۔

ماریہ بیگم نے انتہائی غصے سے رحمٰن صاحب سے اسکی شکایت کم کوسا زیادہ ۔

خرد سر جھکائے ہاتھ آگے باندھے کھڑی تھی باپ کا خیال تھا ورنہ انکی باتیں سنتی اسکی جوتی ۔

رحمٰن صاحب نے اسے سنجیدگی سے دیکھا جس کا چہرہ انتہائی معصومیت کی نشان دہی کر رہا تھا، ایسا لگ رہا تھا یہ سب باتیں اس کے متعلق نہیں کسی اور کے متعلق کی جا رہیں ہوں۔۔

خرد کیا سن رہا ہوں میں !

رحمٰن صاحب نے اس سے سرد لہجے میں باز پرس کی ۔

ڈیڈ انکے بیٹے اور بیٹی نے پہلے مجھے چھیڑا تھا میں نے کچھ نہیں کیا انکے بیٹے کا سر بھی میں نے نہیں پھاڑا وہ ٹھوکر کھا کر گرا تھا اس لیے اسکا سر پھٹا تھا دوسری بات انکی بیٹی نے مجھے گالیاں دیں تھی برا بھلا کہا تو آگے سے میں نے بھی سنا دیں میرا تو کوئی قصور نہیں ڈیڈ !

سر جھکائے معصومانہ انداز میں کہا گیا ۔

ماریہ اور ماہ نے حیرت سے اسے دیکھا جو بات کہہ کر رکی نہیں تھی بلکہ رونے کی ایکٹنگ کرتی باہر بھاگ گئی ۔

آپ سب میری بیٹی کا پیچھا چھوڑ دیں تو بہتر ہو گا آپ سب کے لیے ۔۔

رحمٰن صاحب چائے کا کپ پکڑ کر کھڑے ہوتے ان سب سے سرد لہجے میں کہتے اپنے کمرے کی طرف بڑھ گئے ۔۔

افففف دیکھا کتنی بڑی جھوٹی لڑکی ہے یہ سب باپ کی شے پر کرتی ہے کونسا کسی نے کچھ کہنا ہے اسے ۔۔

ماریہ نے تقی صاحب کے آگے چائے کا کپ رکھتے ہوئے جلے دل سے کہا ۔

آپ سب سے آپ کے ہی طریقے سے نمٹوں گئی مائے ڈیئر چچی ۔

وہ پاکٹس سے میں ہاتھ ڈالے مسکراتے ہوئے خود سے کہہ رہی تھی ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial

پسٹل نکال کر چیک کرتی وہ ویسے ہی پسٹل کا نشانہ لینے لگی تھی جب سامنے اچانک سے ایک بڑا سا کتا آگیا ۔

کتا !

ایک بار اسے مسز نینی کے کتے نے پنڈلی پر بہت زور سے کاٹا تھا جس کا ابھی بھی نشان تھا اسکی پنڈلی پر ۔

مما جی ڈوگی آگیا ۔

وہ پسٹل وہی پھینکتی چلاتی ہوئی بھاگی کتا اسے چلاتے اور بھاگتا دیکھ کر اسے کے پیچھے بھاگا تھا ۔

https://www.classicurdumaterial.com/

ہائے یہ تو پیچھے ہی ہے --

Support@classicurdumaterial.com

وہ پیچھے کی طرف دیکھتی اور زور سے بھاگنے لگی تھی۔

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

اسکا گرا ہوا پسٹل کوئی طنزیہ مسکان سے اٹھا گیا تھا۔

ڈیڈ بچائیں کہاں ہیں آپ دونوں !

وہ دوڑتے ہوئے چیخی تھی ۔

کتا ہنوز بھونکتا ہوا اسکے پیچھے تھا کہاں چھپوں وہ کہتے ہی کالونی کے ایک گھر کے کھلے دروازے سے جھٹ سے اندر داخل ہو گئی اور جلدی سے گیٹ لاک کردیا ۔

دروازے سے ٹیک لگائے وہ گہرے گہرے سانس لینے گئی ۔

کتا باہر بھونک رہا تھا ۔۔۔

آپ بتائیں میں کیا کروں وہ ایک کو میرے سر پر بٹھا چکی ہے دوسری ایئر پورٹ پر میرا ویٹ کر رہی ہے میں کیا کروں کیسے نکلوں اس مصیبت سے ۔

وہ دھیمے قدموں سے چلتی اندر آنے لگی تھی جب کھلے گلاس ڈور سے کسی کی جھنجھلائی ہوئی آواز آرہی تھی ۔

https://www.classicurdumaterial.com/

یہ آواز تو وہ پہچانتی تھی ۔

Support@classicurdumaterial.com

وہ سرعت سے آگے آئی ۔

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

سامنے اوپن ایریا کچن کا منظر صاف نظر آرہا تھا ۔

ایک وجود جو شرٹ اتارے کچن میں کھڑا اپنے لیے کافی پھینٹ رہا تھا دوسرا شلف پر بیٹھا بول رہا تھا ۔

اس نے بے ساختہ اپنے ہونٹوں پر ہاتھ رکھا تھا ۔

اپنے مسلے خود ہینڈل کرنا سیکھو ۔

سنجیدہ سی با رعب آواز گونجی تھی ۔

آپ کا ہی دیا ہوا مسلہ ہے یہ اب آپ ہی نکالیں گئے مجھے اس مسلے سے ۔

شلف پر بیٹھا وجود تنک کر بولا تھا ۔۔

ابراز جاو میرا سر نا کھاو !

وہ جھنجھلایا تھا ۔

ہاں اب تو آپ ایسا ہی کریں گئے میرے ساتھ میرے لیے گھر دیکھیں کوئی! اور دوسری بات آپ کا دماغ میں نہیں آپکی بیوی کھاتی ہے اور بہت اچھی طرح سے کھاتی ہے ۔

وہ تنک کر بولا !

ابراز منہ بند کرو اور نکلو یہاں سے میرے آرام کا ٹائم ہے یہ۔

کیسے بڑے بھائی ہیں آپ کبھی جو میری بات کو عزت دی ہو تو اُدھر وہ مارتی ہے اِدھر آپ ڈانٹتے ہیں میں کہاں جاوں معصوم انسان ۔

وہ دہائی دیتا ہوا بولا تھا ۔

خرد منہ پر ہاتھ رکھے ایک دم پلٹی ۔

وہ باہر کی جانب بھاگی تھی دروازہ کھولا ہی تھا اس نے جب سٹریٹ میں دم ہلاتے ہوئے کتے کو دیکھ کر اس نے سرعت سے دروازہ پھر سے بند کر دیا۔

وہ دروازہ بند کرتی اس سے ٹیک لگا گئی ۔

وہ کافی کا سپ لیتا چونکا پھر کافی لیے ہی باہر تیز قدموں سے آیا ۔۔

وہ ساکت ہوا !

خرد بھی اسے دیکھتی تیز قدموں سے اسکے پاس آئی اسکے ہاتھ سے بھاپ اڑاتی کافی کا مگ چھینتی اس کے پیروں میں ہی پھینک چکی تھی وہ قیمتی چپل پہنے ہوا تھا جس سے کافی کی ساری چھینٹیں اسے کے سفید پاوں پر گریں تھیں ۔

خود تو میڈیم جاگر شوز پہنے ہوئے تھی ۔

وہ غصے بھری نظروں سے اسے دیکھ رہی تھی ۔

جو سنجیدگی سے ہونٹ بھینچے اسے ہی دیکھ رہا تھا ۔

بھائی کون !

وہ کہتا ہوا اپنے سامنے کھڑی شخصیت کو دیکھ کر چپ ہوا ۔

وہ میں ہاں مجھے جنید انکل نے ایک فائل دی تھی وہی دینے آیا تھا انہیں ۔

ابراز نے جلدی سے وہاں اپنی موجودگی کی وجہ بتائی ۔

گھر کے نوکر گھر کے سارے افراد مر گئے تھے جو انکل جنید نے تمہیں فائل دی جاو جاکر دے آو اور اتنے تم شریف کے فائل پکڑے چلے آئے دینے ارے تم جیسا بد لحاظ انسان تو پوری دنیا

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/Classic-Urdu-Material/

میں کہی نہیں دھوکے باز انسان تمہاری تو خیر نہیں اس بھوت کے ساتھ مل کر مجھے بے وقوف بنا رہے تھے ۔

وہ اسکا گریبان پکڑتی اس ہر پھنکاری تھی۔

مسٹر جزیل بچائیں مجھے اس سے !

وہ اس سے اپنا آپ چھڑاتا جزیل کے پیچھے چھپتا ہوا بولا۔

بھائی بولو بھائی تمہاری بکواس سن چکیں ہوں میں ،

وہ غصے سے دانت پیستی اسکی طرف بڑھی ۔

خرد میری بات سنو۔

وہ اسے تھامتا نرم لہجے میں بولا۔

ہاتھ چھوڑو میرا دھوکے باز انسان ابھی جا کر میں تم دونوں کی سچائی بتاتی ہوں ڈیڈ کو پتا نہیں کون ہو تم دونوں !

وہ کہتے ہوئے باہر کی طرف بڑھی لیکن سٹریٹ میں کھڑے کتے کو دیکھ کر بے ساختہ رکی۔۔

وہ آنکھیں سکیڑیں سٹریٹ میں گھموتے کتے کو دیکھ کر اسے دیکھنے لگا ۔

جاو خرد رحمٰن بتاو سب کو جا کر ۔

وہ سرد لہجے میں بولا۔۔

جا رہی ہوں لیکن ابھی میرے پاوں میں درد ہے تھوڑا سکون آئے تو جاتی ہوں ۔

بھائی اسے روکیں بڑی خطرناک ہیں یہ دونوں سہیلیاں !

ابراز اسکے کان کے پاس بولا جس پر اس نے بیزاری سے اپنے بھائی کو دیکھا۔

جا رہی ہوں تم دونوں کو تو میں اب انسپکٹر اشعر کو دوں گی تم دونوں کہی terrorist تو نہیں --

وہ منہ پر ہاتھ رکھتی اچنبے سے بولی ۔

ہاں میں دہشت گرد ہوں اور یہ بھی دہشت گرد ہے کچھ اور جاننا ہے ۔

وہ اسکی کلائی پکڑ کر زبردستی اندر لاتا ہوا بولا۔

کیاااااا!

ابھی کے ابھی مجھے !

وہ ابراز کو دیکھ کر چپ ہوئی جو اسے مسکراتی نظروں سے دیکھ رہا تھا۔

کیا چاہتے ہو مجھ سے ۔

وہ سوکس سے چاقو نکالتی ہوئی بولی ۔

جزیل اسکی بات پر اسے تھام کر اپنے سینے کے قریب کر گیا ۔

خرد نے حیرت سے اسے دیکھا پھر ابراز کو دیکھ کر جلدی سے اپنا آپ اس سے آزاد کروانا چاہا ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

ابراز گھر جاو !

اس نے اپنی نظریں خرد کے چہرے پر جماتے ہوئے اسے حکم دیا۔

لیکن بھائی یہ مجھے گھسنے نہیں دے گئی وہاں !

ابراز نے روہانسے لہجے میں کہا۔

خرد نے روبن کو دیکھ کر منہ ہی منہ میں اسے ہزاروں گالیوں سے نوازا۔

بھائی یہ مجھے گالیاں نکال رہی ہے۔

ابراز نے اسکی شکایت جبریل سے کی۔

آئی سے گیٹ آوٹ !

وہ سرد لہجے میں بولا جس پر روبن سرعت سے وہاں سے غائب ہوا تھا۔۔۔

چھوڑو مجھے دھوکے باز انسان تم تو ماسٹر مائنڈ ہو اور میں تمہیں ایک چھوٹا موٹا چور سمجھی تھی تم نے سالوں سے اپنے بھائی کو میرے پیچھے چھوڑا ہوا ہے آخر چاہتے کیا ہو مجھ معصوم سے ۔۔

خرد اسکے سینے پر زور سے مکہ مارتی ہوئی اس پر چلائی ۔

وہ جواباً اسے دیکھتا اسے زور سے سینے سے لگا گیا ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

خرد نے حیرت سے اسے دیکھا۔

میں چور ہی نہیں کرمنل بھی ہوں قتل وغیرہ بھی کرتا ہوں ۔

کتنے لوگوں کو قتل کر چکے ہو ۔

وہ اسکی باتت بیچ میں ہی کاٹتی ہوئی حیرت سے بولی ۔

تقریباً سو دو سو تک ۔

وہ بے تاثر لہجے میں بولا۔

کیاااااا !

وہ حیرت سے بولی ۔

ابھی مزید کروں گا ڈیئر اور اب بہت جلد ایک اور قتل کرنے والا ہوں ۔

وہ اسکی ناک کو انگلیوں کی چٹکیوں میں لیتا سنجیدگی سے بولا ۔

کس کا !

خرد نے پسینے سے تر چہرہ لیے اس سے پوچھا۔

تمہارا !

وہ گھمبیر لہجے میں کہتا ہوا اسکے چہرے پر جھکا ۔

کیاااا

وہ چیخی !

Classic Urdu Material
https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial

ہاں تمہارا کروں گا اگر تم نے اپنی زبان بند نا رکھی تو !

وہ اسکے ماتھے سے لے کر اسکے ہونٹوں تک ایک لکیر کھینچتا ہوا لاپرواہی سے بولا۔

تم مجھے مارو گے یعنی خرد رحمٰن کو --

وہ اسکے حیرت سے پوچھنے پر ہاں میں سر ہلا گیا۔

تم ہاتھ لگا کر دیکھاو تمہارے ہاتھ توڑ دوں گئی تمہاری بوٹی بوٹی کر کے چیل کوؤں کے آگے ڈال دوں گئی خرد رحمٰن کی جائیداد کے ہیچھے ہو نا تم !

وہ غصے سے بولی !

ہاں تمہاری جائیداد کے پیچھے ہوں !

وہ مسکراتے لہجے میں بولا۔

وہ حیرت سے اسے دیکھتی سر ہلا گئی ۔

تمہیں اپنی جائیداد سے ایک ٹھینگا نہیں دوں گئی باسٹرڈ۔

خرد رحمٰن زبان کو صاف رکھو !

وہ اسکا جملہ اسکے ہونٹوں پر انگلی رکھ کر روک گیا تھا ۔

کیوں رکھوں زبان پر لگام تمہارا قتل میرے ہاتھوں لکھا ہے ۔

وہ اس سے دور ہوتی ہوئی نفرت سے بولی ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial

افففففف انتہائی کند زہن لڑکی ہو تم !

وہ مسکراتے ہوئے لہجے میں بولا --

روبن ایئر پورٹ پر کھڑا میکی کے انتظار میں تھا جب وہ۔اسکی طرف ہاتھ ہلاتی دوڑ کر آئی ۔

وہ گرے چست پینٹ اوپر گرے ہی شارٹ شرٹ پہنے اوپر بلیک کوٹ پہنے بالوں کی اونچی ٹائٹ پونی بنائے سفید رنگت پر عام سے نقوش اس کی سفید رنگت کی وجہ سے بہت پیارے لگتے تھے وہ ایک پر کشش لڑکی تھی وہ ہونٹوں پر ہمیشہ ڈارک کلر کی لپسٹک لگاتی تھی جس کی وجہ سے خرد اسے لپ سٹک کی دکان کہتی تھی ---

کیسے ہو یہاں آکر تو تم مجھے بھول ہی گئے مائے بوائے --

میکی نے اسکے گلے لگتے ہوئے کہا۔

یار بس یہاں بہت زیادہ مصروف ہو گیا تھا اس لیے تم سے ڈیلی بات نہیں ہو سکی ۔

وہ اسکا بیگ پکڑتا مسکرا کر بولا۔

افف ایک تو پاکستان میں ڈسٹ بہت ہے ۔

میکی منہ پر ماسک لگاتی بیزار سے انداز میں بولی ۔

جس پر روبن مسکرایا۔

میں گھر پر رکوں گئی ہوٹل میں استعمال ہوئے روم میں میں نہیں ٹھہروں گئی ۔

وہ ٹشو سے منہ صاف کرتی نزاکت سے بولی ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

تو پھر کہاں ٹھہراوں میں تمہیں، میں تو خود کسی کے گھر پر ٹھہرا ہوا ہوں ۔

وہ حیرت سے بولا ۔

میں نہیں جانتی میں گھر پر رہوں گئی --

وہ لاپرواہی سے بولی۔

جس پر روبن سر پیٹ کر رہ گیا ۔

مس مرحہ کچھ جلدی ہی خیال نہیں آگیا آپکو جم میں تشریف لانے کا ۔

بلال کمر پر ہاتھ رکھتا طنز سے بولا۔

سر بیمار ہو گئی تھی کل ہی ٹائیفڈ بخار اترا ہے ۔

مرحہ نے بھولی شکل بناتے ہوئے کہا۔

کیا ٹائیفڈ !

بلال حیرت سے بولا۔

جی سر !

وہ جواباً بولی ۔

حیرت ہے اتنا خطرناک بخار بھی آپکو دبلا نہیں کر پایا ۔

بلال حیرت سے بولا ۔

سر اگر آپکی پوچھ گیچھ ہو گئی ہو تو میں اپنا کام کروں --

Classic Urdu Material
https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

مرحہ طنز سے بولی ۔

اوکے کام۔کریں دھیان سے اپنا ۔۔

بلال سر جھٹک کر کہتا اندر چلا گیا ۔

پیچھے وہ منہ بناتی جھٹ سے چیئر پر بیٹھی ۔۔

زندگی تیرے رنگ ہزار۔

وہ منہ بناتے ہوئے بڑبڑائی۔

یہ کند زہن کسے بولا تم نے ہاں !

میں کند زہن نہیں ہوں اپنے پاس سے گزرتے انسان کو پہچان جاتی ہوں وہ کیسی نیت کا ہے تمہیں بھی تو پہچان گئی تھی کہ تم بھوت صفت انسان ہو اور بھوت ہی نکلے ۔۔

وہ چلا کر بولی ۔

وہ کمر پر ہاتھ رکھے اسے دیکھتا رہا ۔

خرد میری کافی کس نے گرائی ہے باہر ۔

وہ بڑے آرام بھرے لہجے میں بولا۔

خرد چونکی یہ کیسا سوال تھا ۔

Classic Urdu Material
https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

میں نے گرائی ہے اور ہزاروں ایسی کافی تمہارے سر پر گراوں گئی سمجھے تن جانے دو ورنہ پولیس کو بولا لاوں گئی ۔

وہ تنک کر غصے سے بولی۔

خرد سامنے کچن ہے جاو اور میرے لیے کافی بنا کر لاوں صرف پانچ منٹ میں سر درد کردیا ہے تم نے میرا ---

وہ اسے حکم دیتا صوفے پر بیٹھا ---"

ہیں !

خرد نے حیرت سے اسکے آرڈر کو سنا ۔

تمہارے لیے کافی بناتی ہے میری جوت--

وہ سرعت سے اسکے ہونٹوں پر اپنا بھاری ہاتھ رکھ گیا تھا۔

میرے ساتھ ایسی لینگوئج مت یوز کرنا ورنہ کچا کھا جاوں گا ہڈیوں سمیت ۔

اس کے سرد لہجے پر وہ گھبرائی ۔

مجھے جانے دو --

خرد اس سے بولی ۔

وہ گہری سانس لیتا اسے تھام کر صوفے پر بٹھا گیا ۔

میری بات دھیان سے سنو یارا --

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

میں تمہیں کوئی دھوکہ نہیں دوں گا اور نا ہی تم پر کوئی آنچ آنے دوں گا بس کچھ وقت تک ویٹ کرو سب کچھ بتا دوں گا ۔

وہ اس پر جھکے گھمبیر لہجے میں بولا ۔

خرد اسکی شفاف نیلی آنکھوں میں دیکھتی رہی ۔

کچھ وقت دو مجھے پھر سب کچھ تمہارے سامنے ہو گا اور میں تمہیں کوئی نقصان نہیں پہچانا چاہتا یقین رکھو جزیل احمد پر--

وہ بڑے نرم لہجے میں بولا۔

خرد اسکی آنکھوں میں دیکھتی رہی جیسے ان نیلی آنکھوں نے اس پر کوئی سحر سا پھونک دیا ہو ۔

https://www.classicurdumaterial.com/

خرد رحمن ابراز میرا چھوٹا بھائی ہے بس اتنا کافی ہے باقی سب کچھ بعد میں تفصیل سے بتاوں گا۔

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

وہ ہنوز نرم لہجے میں بولا۔

اور تم جو مجھے قتل کرنے والے ہو ۔

وہ تاسف سے بولی ۔

وہ ہنسا۔

خرد رحمن کیا کبھی کوئی خود کو قتل کر سکتا ہے ۔

وہ اس سے پوچھ رہا تھا ۔

لیکن میں تمہاری نہیں اپنی بات کر رہی ہوں تم نے مجھے ابھی قتل کرنے کی دھمکی دی ہے ۔

وہ اسے دیکھتی غصے سے بولی ۔

وہ جواباً آفسوس سے اسے دیکھنے لگا وہ واقعی ایک کند زہن لڑکی ثابت ہوئی تھی اسکی نظروں میں

--

وہ سر نفی میں ہلاتا سیدھا کھڑا ہوا ۔

خرد جاو گھر !

وہ تیوری چڑہائے بولا۔

جارہی ہوں میں کونسا تمہارے اس شیش محل میں رکنا چاہ رہی ہو ں ۔

خرد کو بہت غصہ آیا یوں اسے گھر سے چلے جانے کا کہنا ۔

لیکن پہلے سٹریٹ میں کھڑے کتے کو بھگاو ۔

وہ چلا گیا ہے ۔

وہ کچن میں جاتا ہوا بھرے نارمل لہجے میں بولا ۔

ڈرتی نہیں ہوں میں اُس سے ،

بس یہ جانور مجھے اچھا نہیں لگتا ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial

وہ چاقو سوکس میں ڈالتی ہوئی بہادر انداز اپناتے ہوئے بولی ۔

..I know

وہ کہتا ہوا اپنے لیے دوسری کافی بنانے لگا ۔۔

خرد اسکی چوڑی پشت کو دیکھتی باہر نکل گئی ۔۔

آخر کیا راز ہے اس انسان میں لیکن پتا نہیں کیوں میرا دل اس سے نفرت نہیں کر پاتا میں کیا کروں اس دل کا ۔۔

وہ چلتے ہوئے آفسوس سے بولی ۔

ماہ نے بڑے پیار سے جنید صاحن کے آگے چائے کا کپ رکھا ۔

جیتی رہو بیٹا !

وہ چائے کا کپ اٹھاتے ہوئے بولے ایک حسرت تھی جو انکے دل میں جاگی تھی انکی بھی تو ایک چھوٹی سے ایک دن کی بیٹی تھی جو انہوں نے خود ہی کہی گھما دی تھی ۔

وہ حسرت سے ماہ کو دیکھتے ہوئے سوچ بیٹھے تھے آج۔

ماہ مسکرا کر چلی گئی ۔

خرد نے مسکرا کر ماہ کو کندھا مارا ۔

بڑی خدمتیں ہو رہیں ہیں چاچو کی واوا کہی انہیں امپریس تو نہیں کرنا چاہ رہی !

وہ شرارتی انداز اپنائے ہوئے بولی ۔

جو نیلی آنکھوں والا یہاں آیا تھا نا بڑا جھوٹا ہے کیسے کہہ رہا تھا اس دن میں شادی شدہ نہیں لیکن وہ شادی شدہ ہے قسم سے میں ابھی اسے اسکی بیوی کے ساتھ دیکھ کر آئیں ہوں ۔

وہ فریج کھولتی بڑے نارمل لہجے میں بولی ۔

بکواس بند رکھو اور جھوٹ کم بولا کرو ۔

ماہ نے نفرت سے اسکی پشت دیکھتے ہوئے کہا ۔

یہ جھوٹ وغیرہ خرد نہیں ماہ بولتی ہے اور قسم اٹھوالو جس کے چاہیے وہ انسان شادی شدہ ہے اسکی بیوی نے مجھے بتایا کہ وہ ایک ماہ سے اسکے نکاح میں ہے وہ تو میسنا ہے وہ کیوں بولے گا بیوی نے ساری پول کھول دی اسکی میرے سامنے ۔۔

وہ پیپسی کا کین کھول کر ہونٹوں سے لگاتی اسے بتاتی کچن سے نکل گئی ۔

پیچھے ماہ دھواں دھواں چہرہ لیے کھڑی رہ گئی ۔

اُسے تو لڑکیوں کو اپنے پیچھے لگانے کا بڑا شوق ہے لیکن میرے ہوتے تمہارا یہ شوق نہیں پورا ہو گا مائے ہسبنڈ ۔

وہ پیپسی پیتی منہ ناک چڑھا کر بولتی مرحہ کے روم میں آئی ۔

مرحہ بیڈ پر چٹ لیٹی ہوئی تھی ۔

ارے کیا ہوا یار ایسے کیوں لیٹی ہو ۔۔

خرد نے فکرمندی سے پوچھا۔

ارے مت پوچھو اس سر بلال نے آج مجھ سے کتنے بھاری بھاری ڈمبل اٹھائے ہیں یار میری تو بازو ٹوٹتے توٹتے بچی ہے۔۔

وہ منہ بسورے بولی ۔

اسے بس مجھے کہی نظر آنے دو پھر دیکھنا میں اس سے کتنے بھاری بھاری ڈمبل اٹھواتی ہوں تمہارا انتقام خرد لے گئی بے فکر رہو چلو اب باہر چلیں ونڈو شاپنگ کرتے ہیں پاکٹ منی تو ختم ہو گئی ہے اب ونڈو شاپنگ سے ہی گزارا کرنا ہو گا ۔

خرد نے اسے بازو سے پکڑ کر اٹھاتے ہوئے کہا ۔

یار چینج تو کر لینے دو ۔

مرحہ منہ بناتے ہوئے واش روم میں گھس گئی ۔

وہ دونوں جوس کے سپ لیتیں ونڈو شاپنگ کر رہیں تھیں ۔

یار خرد وہ دیکھو کتنی پیاری ٹیل گون فراک ہے مجھے پیسے بھی نہیں لینے دیئے تم نے ورنہ لے لیتے ۔

وہ فراک لاکھ کی ہے اور تمہارے پاس بیس پچیس ہزار ہی ہونے تھے ۔

خرد نے ناک سکوڑتے ہوئے کہا۔

جس پر مرحہ نے منہ بسورا ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/classicurdumaterial/

ارے اب شوہر سے لیا کرو پاکٹ منی بہت مالدار ہے وہ کمینہ ۔

وہ غصے سے بولی ۔

خرد گالی نکالنے کی عادت کو سٹاپ کردو ورنہ شادی کے بعد شوہر سے مار کھاو گئی ۔

مرحہ نے ایک فراک کو اپنے ساتھ لگاتے ہوئے اسے سمجھایا ۔

وہ کہی مجھ سے ہی ناپٹ جائے کوجا ۔

وہ تنک کر بولی ۔

افف ایسی ورڈنگ باہر کے ممالک میں رہ کر صرف خرد رحمٰن ہی بول سکتی ہے ۔

وہ جو اسے جواب دینے والی تھی ٹھٹھکی ۔

بلیک پینٹ شرٹ اوپر براون کوٹ پہنے بڑی بڑی ڈاڑھی بلیک چشمہ لگائے وہ اپنی پہچان دنیا سے تو چھپا سکتا تھا لیکن خرد رحمٰن سے نہیں ۔

خرد کی چونکنے کی وجہ اسکے ساتھ ایک لڑکی تھی جو شاپنگ کر رہی تھی اور وہ سر ہلا کر اسے خرید لینے کا کہہ رہا تھا ۔

لڑکی درمیانی شکل کی تھی خرد کی نظر میں حلانکہ لڑکی بہت پیاری شکل کی تھی وہ درمیانے قد کی حامل لڑکی کمر تک آتے بالوں کی مالک تھی ۔

او تو یہ لڑکیوں کو شاپنگ بھی کرواتا ہے اور پہچان بھی چھپاتا ہے ۔

مرحہ کونسی فراک پسند تھی تمہیں !

خرد نے اسے پر ہی نظریں جمائے مرحہ سے پوچھا۔

کیا فائدہ یار کونسا خرید سکتیں ہیں ہم ۔

تم خرید لو اور جو جو چاہیئے وہ بھی لے لو تم بھی کیا یاد کروں گئ کہ کس سخی سے پالہ پڑا تھا تمہارا۔۔

وہ کہتے ہوئے ارد گرد لٹکے کپڑے اتارنے لگی بنا دیکھے وہ جو جو سامنے آرہا تھا لیتی جا رہی تھی ۔

جبکہ مرحہ حیرت سے اسے دیکھتی خود بھی اپنے لیے وہ فراک لے بیٹھی تھی ساتھ میچنگ شوز بھی لے لو ۔

خرد نے مرحہ سے کہا۔

مرحہ خوش ہوتی اسے گال پر کس کرتی شوز کی شاپ پر بھاگی ۔۔

وہ کاونٹر پر سب سامان رکھتی بل کی لسٹ بنوانے لگی ۔

مرحہ بھی اپنی شاپنگ لیے چلی آئی ۔

ارے شوہر کے ہوتے بیوی تھوڑی نا پے کرتی ہے ۔

خرد نے بل واپس کاونٹر کو دیتے ہوئے مسکرا کر کہا۔

جی کیا مطلب !

وہ لڑکا گھبرا کر بولا۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

ارے اپنی شکل دیکھی ہے تم نے تمہیں نہیں کہہ رہی وہ جو سامنے کھڑے ہیں نا لمبے قد والے بڑی بڑی ڈاڑھی والے وہ میرے شوہر ہیں انہوں نے کہا ہے جو چاہے خرید لو بل وہ پے کریں گئے تم ان سے پیسے خرد جزیل احمد سے نہیں ۔

وہ شاپنگ بیگ پکڑتی بنا مرحہ کے کھلے منہ پر توجہ دئے بولی ۔

لیکن میڈیم۔ایسے کیسے پہلے ہمیں ان سے تصدیق کرنی ہو گئی ۔

وہ لڑکا سنجیدگی سے بولا۔

تصدیق کے بچے مکہ مار کر دانت توڑ کر ہاتھ میں پکڑ ادوں گئی ۔

پیسے لے لینا کہنا خرد جزیل احمد کا بل ہے،ا پے کر دے گا اگر نا پے کی تو اس کارڈ پر فون کر دینا پیسے مل جائیں گئے ۔

خرد کہتی ہوئی کارڈ زبردستی اسکے ہاتھ میں دیتی بیگ پکڑتی باہر نکل گئی ساتھ مرحہ کا بھی بازو پکڑ کر کھینچتی اسے باہر لے گئی۔۔۔

ہاہاہا!

خرد قہقہ لگاتی سب کو اپنی طرف دیکھنے پر مجبور کر گئی ۔۔۔

مرحہ کتنے کی شاپنگ کی ،

وہ کمر پر ہاتھ رکھتی اس سے پوچھ رہی تھی ہونٹوں پر بہت شرارتی مسکان تھی ۔

ڈیڈھ لاکھ کی !

Classic Urdu Material
https://www.classicurdumaterial.com/
Support classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial

مرحہ شرمندگی سے بولی !

ڈفر تین لاکھ کی تو کرتی ۔

خرد آفسوس سے بولی ۔

اتنا بل بھائی میں نے تو صرف پچاس ہزار کی شاپنگ کی ہے ۔

رانیہ حیرت سے بولی ۔

دیکھائیں بل !

وہ بل رانیہ کے ہاتھ سے لیتا چونکا بل۔پورے آٹھ لاکھ کا تھا ۔

یہ کیا ہے ہاں !

وہ تیوری چڑھائے کاونٹر بوائے کی طرف بڑھا ۔

سر آپکی بیوی نے شاپنگ کی ہے یہ انہی کا بل ہے وہ جاتے جاتے کہہ گئی تھیں آپ سے بل لے لوں انہیں جلدی ہے ۔

لڑکے نے گھبراتے ہوئے کہا ۔

میری بیوی !

وہ حیرت سے بولا۔

لیکن انکی تو ابھی شادی ہی نہیں ہوئی ۔

Classic Urdu Material
https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

رانیہ کاونٹر مین کو گھورتے ہوئے بولی ۔

کیا پرابلم ہے یہاں ۔

دوسرا لڑکا انکے قریب آتا ہوا بولا۔

سر انکی بیوی نے شاپنگ کی تھی جاتے جاتے کہہ گئیں تھیں انکے ہسبنڈ بل پے کریں گے

اب یہ کہہ رہے ہیں انکی شادی نہیں ہوئی ۔

وہ لڑکا روہانسے لہجے میں بولا۔

شہباز تم پورے ڈفر ہو پہلے صاحب سے تصدیق تو کرتے وہ لڑکی تمہیں چونا لگا گئی ہے ۔

دوسرا لڑکا غصے سے بولا ۔

سوری سر یہ نیا لڑکا ہے اس کچھ پتا نہیں تھا اور تم سٹی ٹی وی فوٹیج نکالو زرا ۔

اسکی کوئی ضرورت نہیں آئی ایم ہیئر ۔

پیچھے سے آتی آواز پر وہ سب اسکی طرف پلٹے ۔

جزبیل۔اسے دیکھ کر چونکا وہ کیسے نہیں سمجھا تھا ایسے کام تو صرف اسکی بیوی ہی کر سکتی ہے۔

وہ پر اعتماد چلتی انکے قریب آئی وہ شوز وال بیگ رہ گیا تھا میرا ۔

وہ سنجیدگی سے بولی ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial

مائے ڈیئر ڈارلنگ آپ پے کر دینا ۔

وہ سب کے سامنے اسکے گلے کا ہار بنتی لاڈ سے بولی ۔

پھر بنا شرمائے اسکا گال چوم گئی ۔

وہ حیرت زدہ سب کے سامنے شرمندہ ہوا سب ان دونوں کو ہی دیکھ رہے تھے ۔

ڈارلنگ کیا یہ تمہاری نئ گرل فرینڈ ہے اچھا ہو گئ کوئی!

میں چلتی ہوں بل پے کردو اور انہیں ایکسٹرا پیسے بھی دینا انہوں نے بہت سر کھپایا ہے آپ سے ۔

وہ کہتے ہوئے بنا اسکے سرد تاثرات پر توجہ دیئے سب کی نظروں سے اوجھل ہو گئی ۔۔

رانیہ حیرت سے جزیل کو دیکھ رہی تھی جو ہونٹ بھینچے اس سے نظریں چڑائے کارڈ نکال رہا تھا پے کرنے کے لیے ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

مرحہ گاڑی ڈرائیو کرتی اسے بھی ایک آدھ گھوری سے نواز دیتی جبکہ وہ مزے سے کھڑکی سے باہر دیکھتی آئس کریم کھا رہی تھی ۔

کون تھا وہ !

مرحہ نے موڑ کاٹتے ہوئے اسے سے پوچھا۔

کون !

خرد نے لاپراوہی سے پوچھا۔

وہی جس کے کھاتے میں ساری شاپنگ ڈالی ہے اور جس کے گلے لگ کر گال پر کس کیا تھا۔

مرحہ نے سنجیدگی سے کہا۔

جبکہ خرد کی آئس کریم گرتے گرتے بچی تھی۔

گلے اور گال پر کس ایسے واحیات کام کیا خرد رحمٰن کر سکتی ہے ہرگز نہیں تم نے کسی اور کو دیکھا ہو گا۔

خرد نے کانفیڈینس سے خود کا دفاع کیا۔

جی نہیں گلاس ڈور سے تم صاف نظر آرہی تھی ایسے واحیات کام کرتے ہوئے نظر کمزور نہیں ہے میری تم ایسے ہی تو کسی کے گلے لگ کر کس نہیں کر سکتی ضرور دال میں کچھ کالا ہے۔

مرحہ نے غصے سے کہا۔

وہ گھبرائی !

ہو ہی نہیں سکتا وہ کوئی اور ہو گئی! خرد ایسے بے شرموں والے کام نہیں کرتی ۔ میں ہنڈرڈ پرسنڈ شیور ہوں تم نے کسی اور کو دیکھا ہے۔

خرد نے بالوں کی پونیاں آگے کرتے ہوئے کندھے اچکا کر کہا۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

بس کردو میں اپنی خرد کو پہچان سکتی ہوں اور دوسری بات اگر میری جگہ چاچو حاجب یا ماہ وغیرہ دیکھ لیتے تو کیا ہوتا سوچا ہے ۔

مرحہ نے گاڑی گیٹ سے اندر لاتے ہوئے کہا ۔

میں وہ تھی ہی نہیں تو سوچوں کیا ۔

ایسی ڈھٹائی کی امید صرف خرد رحمٰن سے ہی کی جا سکتی تھی۔۔

مرحہ نے تاسف سے اسے دیکھ کر سوچا جو گاڑی کی ڈگی سے اپنے شاپنگ بیگ نکال رہی تھی ۔

اتنی شاپنگ اتنے پیسے کہاں سے آئے تم دونوں کے پاس۔

ماہ نے حیرت سے انہیں لدے پھندے دیکھ کر پوچھا۔

خرد مسکرائی ۔

ماہ تمہارے اس نیلی آنکھوں والے کی جیب سے کی ہے۔۔

خرد مسکرا کر کہتی اوپر سیڑیاں چڑ گئی جبکہ مرحہ شرمندہ سی ہوتی اپنے روم میں چلی گئی ۔

اس لڑکی سے تو سیدھے جواب کی توقع کرنا بھینس کے آگے بین بجانے کے برابر ہے ۔

ماہ نے غصے سے سوچا۔۔

روبن سرعت سے اپنی جگہ سے کھڑا ہوا اسے دیکھ کر ۔

وہ کمر پر ہاتھ رکھے تیکھی نظروں سے اسے ہی دیکھ رہی تھی ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

مجھ معصوم کا کیا قصور بھائی کو گھورنا تھا نا جن کا یہ پلین تھا ۔

روبن سرعت سے بیڈ پر چڑتا ہوا بولا۔۔۔

تمہاری جب تک دھلائی نا کر لوں میرے ہاتھوں کو چین نہیں آئے گا اس لیے شرافت سے میرے ہاتھ آجاو ورنہ مار مار کر تمہارا بھرتا بنا کر کھا جاوں گئی ۔

وہ بیڈ کے پاس آتی غصے سے بولی ۔

مائے ڈارلنگ معاف کردو ورنہ میں بھی اس بار اپنے ہاتھوں کو روک نہیں سکوں گا ۔۔

روبن نے کہتے ہوئے آخر پر اسے دھمکی دی ۔

ٹھہر جاو تم زرا تمہارا تو میں خشر بگاڑتی ہوں ۔

وہ اسکی شرٹ کھینچ کر بولی ۔

وہ اسے کی گردن اپنے ہاتھوں میں ڈبوچ چکی تھی ۔

وہ اسے مکہ پر مار رہی تھی جب روبن نے اسکی پونیوں کو زور سے کھینچا خرد نے حیرت سے اپنے بالوں کو پونیوں سے آزاد ہوتے دیکھا پھر کیا تھا وہ دونوں ہی ایک دوسرے پر پل پڑے وہ مکے گھونسوں سے ایک دوسرے سے لڑ رہے تھے ۔

یہ کیا ہے !

مرحہ حیرت سے بولی ۔

وہ دونوں سرعت سے ایک دوسرے کے بال چھوڑ گئے تھے ۔

دونوں کے بکھڑے بال چہرے پر سرخ نشان وہ دونوں اب معصومیت سے مرحہ کو دیکھ رہے تھے ۔

یہ کسا منظر تھا کیا تم دونوں لڑ رہے تھے ۔

مرحہ نے کمر پر ہاتھ رکھ کر حیرت سے پوچھا۔

نہیں ہم بس پیار سے ایک دوسرے کا حال چال پوچھ رہے تھے ۔

روبن نے اپنے بال سیٹ کرتے ہوئے تنک کر جواب دیا جس پر مرحہ نے اسے گھورا ۔

وہ مرحہ اس نے میرے پیسے دینے تھے تو بس وہی وصول کرنے کی کوشش کر رہی تھی ۔

https://www.classicurdumaterial.com/

وہ پونیاں ٹھیک کرتی ناک چڑھا کر بولی

Support@classicurdumaterial.com

اور دوسری بات اس دھوکے باز انسان سے دور رہنا کل کو کہی تمہارے پیسے نا لے کر بھاگ جائے ۔

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

خرد روبن کو گھور کر مرحہ سے کہتی ہوئی باہر نکل گئی ۔

روبن نے اسکی پشت کو گھور کر دیکھا پھر مرحہ کو دیکھ کر منہ بنایا ۔

اپنا منہ سیدھا ہی رکھو پہلے ہی کافی ٹیڑھا ہے ۔

خرد بیڈ شیٹ درست کرتی غصے سے بولی ۔

مہک نے حیرت سے اسکے کمرے کی بتی جلتے دیکھا وہ۔اس دن سے اسے نظر نہیں آیا تھا ۔

وہ اسکے کمرے کی طرف بڑھ گئی.

کمرہ خالی تھا ۔

ہیں یہ کہاں گیا کمرے کی تو لائٹ جل رہی تھی ۔

مہک حیرت سے ادھر ادھر دیکھتے ہوئے بڑبڑائی ۔۔

لیکن پھر وہ۔چونکی وہ بغیر شرٹ کے واش روم۔سے شاور لے کر باہر آیا تھا باڈی پر پانی کے قطرے پھسل رہے تھے ۔

مہک تو آنکھیں پھاڑے اس حسن کے دیوتا کو دیکھ رہی تھی اتنا حسن اس نے پہلے اپنی لائف میں نہیں دیکھا تھا.

وہ آنکھیں سکیڑے اسے دیکھ کر لب بھینتا شرٹ جلدی سے پکڑتا اپنے گلے حسم پر چڑھا گیا ۔

کیا تکلیف تھی یہاں آنے کی نکلو میرے کمرے سے کیا مینرز نہیں آتے کسی کے کمرے میں اینٹر ہونے کے ۔۔

وہ غصے سے سرد لہجے میں بولا ۔

آئی ایم سوری دراصل میں شیمپو لینے آئی تھی میرے باتھ میں سے ختم ہو گیا تھا تو اس لیے چلی آئی اور ڈور اس لیے نوک نہیں کیا مجھے لگا آپ گھر پر نہیں ہوں گئے۔۔

مہک بھرے سلجھے لہجے میں بولی ۔

سوری مس میں نا کسی کی چیزیں یوز کرتا ہوں نا اپنی۔چیزیں کسی کے ساتھ شیئر کرتا ہوں اس لے آپ جا سکتیں ہیں ابراز کے کمرے میں ہو گا شیمپو۔۔

وہ طنز سے بولتا ہوا کمرے کا دروازہ اسکے منہ پر بند کر گیا۔۔

ہاو روڈ !

مہک غصے سے بولی --

آہان منور شیرازی پر نظر رکھو اس سے کچھ بھی امید کی جاسکتی ہے اور خرد پر بھی دھیان رکھو ۔

وہ باڈی سپرے کرتا ہوا فون میں کسی آدمی سے بولا --

*

صفورا بیگم منہ بنائے بیٹھی تھی ۔

وہ سب مجھے پہلے ہی میکے نہیں گھسنے دیتے تھے اب تو مجھے بالکل میکے کا راستہ بند ہوتا نظر آرہا تھا --

صفورا بیگم پریشانی سے بولی ۔

کچھ نہیں ہو گا !

ہمیں اپنی بیٹی کا سوچنا ہے صفورا نا کہ لوگوں کا تم یہ بھی تو سوچو کتنا اچھا رشتہ ملا ہے خرد کے لیے اسکی آنکھوں میں میں نے خرد کے لیے محبت دیکھی ہے اور خرد کی آنکھوں میں اسکے لیے میں جانتے بوجھتے اپنی بیٹی کی زندگی برباد نہیں کرسکتا تھا مجھے اس وقت بھی آہان سے بہتر رشتہ ملتا تو میں آہان پر اس رشتے کو فوقیت دیتا ---

رحمٰن صاحب چائے کے سپ لیتے ہوئے سنجیدگی سے بولے --

مجھے بہت خوشی ہوتی ہے جب آپ کے لہجے میں خرد کے لیے محبت دیکھتی ہوں جب آپ کوما میں رہے اور خرد جیل میں تو وہ دن میرے لیے کسی قیامت سے کم نہیں تھے آپ ہوتے تو نا

ہماری بیٹی کے ساتھ وہ خادثہ ہوتا نا وہ جیل میں رہتی انہوں نے پیسہ کے بل بوتے پر ہماری کم سن خرد کو جیل میں رکھا ۔

صفورا بیگم آنسو پونچھتی ہوئی بولی ---

رحمٰن صاحب آفسردگی سے انکا سر تھپکتے ہوئے لب بھینچ کر رہ گئے۔

_____.....

مجھے کل تک خرد رحمٰن اپنے قبضے میں چاہیئے --

آہان کی۔سپاٹ آواز کسی کے فون میں گونجی تھی ۔

سر وہ کل سے گھر سے ہی نہیں نکلی --

اسکے آدمی نے اسے اطلاع دی ۔

یہ میرا میٹر نہیں مجھے وہ چاہیئے کیسے بھی کرو لیکن اس لڑکی کو کڈنیپ کر لاو ۔

آہان کہتا ہوا فون بند کر گیا ۔

جـــــزبیل احمد ۔

تمہیں تو میں ایسا سبق سیکھاوں گا کہ یاد رکھو گئے تم نے آہان شیرازی سے اسکا لقمہ چھینا ہے اب میں تم۔سے تمہارا پیارا لقمہ چھینو گا ۔

وہ سیگریٹ پیتا ہوا نفرت سے بولا۔

_____ ..... _____

Classic Urdu Material
https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial

جـــــزیل احمد !

وہ پیچھے سے اسکے اونچا سا بولی۔۔

وہ جو ملنگوں والے حلیے میں سڑک پر بیٹھا تھا۔

خرد رحمٰن کی اینٹری پر سر پیٹ کر رہ گیا جو اسے کہی بھی مل جاتی تھی اور فوراً پہچان بھی لیتی تھی ۔

وہ بنا اسے دیکھے سر جھکائے تسبیح پڑھتا رہا ۔

اے ملنگ تم اتنے حلیے کیوں بدلتے ہو اتنے تو گرگٹ رنگ نہیں بدلتا جتنا تم بدلتے ہو ۔۔

وہ اسکے قریب اکڑو سٹائل میں بیٹھتی ہوئی اسکی شکل دیکھتی پرسوچ انداز میں بولی ۔

ٹھاہ !

تب ہی جـــــزیل احمد پر حملہ ہوا تھا ۔۔

وہ خرد کو اپنی طرف کھینچتا ہوا ایک جھٹکے سے پسٹل جھولے سے نکالتا ہوا ان پر فائر کرتا گاڑی کے پیچھے ہوا۔

تمہاری وجہ سے میرا کام خراب ہو گیا ۔۔

وہ فائر کرتا ہوا ہونٹ بھینچ کر بولا ۔

میری وجہ سے مجھے کیا پتا تھا تمہارے دشمن بھی بیس بدل کر تمہارے آس پاس ہیں ۔

وہ غصے سے بولی اور پسٹل پاکٹ سے نکالتی وہ بھی نشانہ باندھ کر انکا مقابلہ کرنے لگی ۔

جـــــزیل احمد نے فخر سے اسے دیکھا جب ایک گولی اسکا کا ہاتھ چیر گئی تھی۔۔

//////////////_____/////////////

مایا نے حیرت سے اسے دیکھا وہ کیا کہہ رہا تھا شادی وہ بھی اس سے ایسے بھلا کیسے ممکن تھا انکے مذہب ایک دوسرے سے الگ تھے ۔

وہ شادی بھلا کیسے کر سکتی تھی۔۔

خرد کے ہاتھ سے نکلتا خون جـــــزیل احمد کو ٹھٹھکا گیا تھا ۔

وہ لب بھینچتا ہوا دو دو پسٹل سے ان پر فائر کرنے لگا تھا وہ جو ایک دو رہ گئے تھے بھاگ گئے تھے ۔

جـــــزیل نے خرد کو دیکھا جو لب بھینچے ضبط سے ہاتھ کو دیکھ رہی تھی جس سے خون نکل رہا تھا گولی ہتھیلی کو چھوتی ہوئی گزر گئی تھی ۔

وہ اسکا ہاتھ پکڑتا اس پر اپنا وائٹ رومال باندھتا اسے لیے گاڑی کی طرف بڑھا وہ آنسو صاف کرتی اسکے ساتھ وائٹ پجارو میں بیٹھی ، اسکا حلیہ ابھی بھی ملنگوں جیسے تھا ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterials

خرد ڈونٹ وری میں ابھی تمہیں اپنے ڈاکٹر کے پاس لے کر جاوں گا وہاں سے تمہارا ٹریٹمنٹ کرواوں گا تمہیں بالکل بھی درد نہیں ہوگا ۔۔

وہ گاڑی فل سپیڈ پر چھوڑے نرمی سے اسکا سر تھپکتا ہوا دھیمے سے فکرمند لہجے میں اسے تسلی دے رہا تھا ۔

رومال خون سے رنگ چکا تھا ۔

خرد خون دیکھ کر اور تیزی سے رونے لگ جا تی ۔

وہ اسکا ہاتھ تھام کر اپنے سینے پر رکھ گیا سبز کھلا سا چولہ تھا جو اس نے پہنا ہوا تھا۔

مجھے بہت تکلیف ہو رہی ہے ۔

وہ آنسو پر کنٹرول کرتی سسک کر بولی ۔

ہم آچکے ہیں ڈاکٹر کے پاس ڈونٹ وری ۔

وہ گاڑی ایک بہت بڑی بلڈنگ کے سامنے روکتا ہوا بولا ۔

پھر اسکی طرف آکر اسے تھام کر اپنے بازو میں اٹھا گیا

میں چل سکتی ہوں ۔

وہ اپنی طرف متوجہ ہوتے لوگوں کو دیکھ کر بولی ۔

آئی نو مائے وائف ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

وہ شیشے کے ڈور سے اندر آتا ہوا بولا ۔

وہ لفٹ سے اوپر آتا ایک بہت بڑے کمرے میں آچکا تھا جہاں ایک ڈاکٹر روکنگ چیئر پر بیٹھا ایکسرے وغیرہ دیکھ رہا تھا۔

ڈاکٹر مرتضیٰ۔

وہ ڈاکٹر کو پکارتا خرد کو انکی پاس والے چیئر پر بٹھا گیا ۔

ڈاکٹر جزیل کو دیکھ کر چونکا ۔

تم ٹھیک تو ہو نا ۔

ڈاکٹر فکرمندی سے بولا ۔

نہیں ڈاکٹر میری خرد ٹھیک نہیں ہتھلی پر گولی لگی ہے جو نکل چکی ہے خون بہت بہہ چکا ہے آپ جلدی سے اسکا ٹریٹمنٹ کریں ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

وہ جلدی سے بولتا خرد کے ہاتھ سے رومال اتارنے لگا ۔

خرد آنسو بہاتی ڈاکٹر کے ساتھ دوسرے کمرے میں چلی گئی ۔

وہ خون آلود رومال تہہ کر کے چولے کی پاکٹ میں ڈال گیا ۔

ڈاڑھی کھجاتا ہوا وہ اضطرابی کیفیت میں کمرے کا چکر پر چکر لگانے لگا ۔

کچھ ہی دیر میں ڈاکٹر اسے ساتھ لیے چلے آئے ۔۔

خرد کے ہاتھ کی بینڈیج ہو چکی تھی چہرہ سرخ پڑ چکا تھا تو ہونٹ سوج چکے تھے ۔

وہ اسکے پکڑتا چیئر پر بٹھاتا ڈاکٹر سے اسکے زخم کے حوالے سے پوچھ گچھ کرنے لگا ۔

خرد منہ بسورے اب اسے دیکھ رہی تھی وہ تو ایسے ہی واک پر باہر آگئ تھی جب مین سڑک پر فقیر بیٹھا دیکھا وہ فقیر کے پاس آتی پیسے نکال کر اسے دیتی پلٹ گئی تھی جب وہ چونکی اسکے وائٹ ہاتھ میں بلیک تل۔اسے ہر بار اس کا پتا دے جاتا تھا وہ اسے اسی وقت آواز لگا بیٹھی تھی اب اسے کیا پتا تھا اسکے دشمن اسکے آس پاس ہی ہیں ۔

خرد لنچ کرنے چلیں ۔

وہ گاڑی سٹارٹ کرتا ہوا خرد سے بولا ۔

تمہیں اس حلیے میں کوئی اندر نہیں گھسنے دے گا ۔

وہ۔اسکے حلیے کو دیکھتی منہ بسور کر بولی ۔

اسکی فکر نا کرو مائے ہارٹ وہ سنسنان سڑک پر گاڑی روکتا سب سے پہلے اپنی ڈاڑھی اتار چکا تھا آج چہرہ کلین شیو تھا کٹاو دار ہونٹ اسے دیکھ کر ہلکی سی مسکان میں ڈھلے تھے ۔

خرد کا دل زوروں سے ڈھڑکا ۔

وہ بے ساختہ دل پر ہاتھ رکھ گئی تھی جیسے ڈھڑکنے سے روکا ہو۔

۔

وہ اب چوّلے کے بٹن کھول رہا تھا ،

خرد اسی کی طرف ٹکٹکی باندھے دیکھ رہی تھی ۔

لینز نکال کر ایک بوکس میں ڈالے تھوڑا سا اوپر ہوتا ہوا وہ پیروں تک آتے چولے کو اتار کر پیچھے پھینک چکا تھا نیچے وہ براون پینٹ پر ہاف سلیوز والی وائٹ شرٹ پہنے ہوئے تھا پسٹل بیلٹ باندھے بروان ہی واچ باندھے وہ نظر لگ جانے کی حد تک پیارا لگ رہا تھا۔

خرد نیم وا ہونٹوں سے اسے دیکھ رہی تھی جو ہلکی مسکان سے براون شیڈ والا چشمہ لگا چکا تھا۔

کیا اب مجھے وہ گھسنے دیں گئے کہ اب بھی نہیں ۔

وہ گلابی کاٹ دار ہونٹوں کا کونا اوپر والے ہونٹ میں دباتے ہوئے اس سے پوچھ رہا تھا۔

خرد نے سرعت سے اپنے حلیے کو دیکھا اسے کہاں پتا تھا راستے میں اس سے ٹکراو ہو جائے گا وہ تو وائٹ پینٹ پر بلیک گھٹنوں تک آتا گون پہنے ہوئے تھی نیچے بلیک ہی شرٹ تھے جو ریشمی کپڑے سے صاف نظر آرہی تھی پونیاں الجھی سی تھیں وہ ہونٹ بسورے اپنے حلیے کو دیکھتی سخت تاسف میں تھی کیا تھا میں چہرے پر تھوڑی سی فاونڈیشن ہی لگا آتی اور لپ گلو لگا لیتی ۔

وہ سخت غصے سے بڑبڑائی --

تم مجھے گندے مندے الجھے سلجھے سب روپ میں قبول ہو خرد، تمہارے آگے مجھے کچھ نہیں دیکھتا کچھ بھی نہیں ۔

وہ گھمبیر لہجے میں کہتا ہوا اسکے چہرے پر جھکا تھا ۔

خرد دھڑکتے دل سے اسکے سینے پر ہاتھ رکھ کر اسے پیچھے ہٹا گئی ۔

زیادہ فری ہونے کی ضرورت نہیں میرے ساتھ مجھے بھوک لگی ہے کھانا کھلاو ورنہ میں مر جاوں گئی ۔

وہ خفگی سے بولی ۔

مریں میری خرد کے دشمن ۔

وہ گاڑی سٹارٹ کرتا ہوا دھیمے لیکن شدت بھرے لہجے میں بولا ۔۔

وہ اسے ایک شہر سے دور پہاڑوں پر بنے کھلے اوپن ایریا ہوٹل میں لایا جہاں سے نیچے کا نظارہ بہت ہی خوبصورت تھا ۔

خرد حیرت میں ڈوبی قدرت کے حسین منظر میں کھوئی ہوئی تھی ۔۔

چھوٹی سے باونڈری بنائی گئی تھی وائٹ ٹیبل چیئر تھے جہاں بہت سے منچلے بیٹھے گفتگو اور کھانے میں مصروف تھے ۔

خرد پینٹ کی پاکٹ سے موبائیل نکالتی جلدی سے چھوٹی سی باونڈری کے پاس آئی ۔

میری بہت سی پک بنا دو ۔

وہ موبائیل اسکی طرف بڑھاتی جلدی سے باونڈری کے پاس گئی بال سنوارے گون ٹھیک کی اور بازوں پھیلائے ۔

بنا بھی دو بازوں اکڑ گئی ہیں میری تو ۔

وہ خفگی سے بولی جو کمر پر ہاتھ رکھے اسے گھورنے میں مصروف تھا ۔

ادھر آو !

وہ اسے بازو سے پکڑ کر اپنی طرف کھینچتا ہوا بولا ۔

بنا اس کی سنے وہ اسے ٹیبل پر بٹھا چکا تھا ۔

مجھے پکس تو بنانے دیتے میں مرحہ لوگوں کو جیلس کرانا چاہ رہی تھی لیکن تم نے آج تک میری کوئی بات مانی ہے جو اب مانتے ۔

وہ تپ کر بولی ۔

ہاتھ کا درد کیسا ہے ۔

وہ بنا اسکی بات پر کوئی رئیکشن دیئے بڑے آرام سے بولا ۔

درد گیا بھاڑ میں ۔

وہ منہ بناتے ہوئے بولی ۔

ویٹر !

وہ اسکے گلاس میں ٹنڈا پانی ڈالتے ہوئے ویٹر کو آواز لگا گیا جو دوڑتا ہوا انکے قریب آیا تھا ۔۔

خرد جلدی سے سب کچھ بتا دو جو جو پسند ہے تمہیں ۔

وہ کان میں بلیو توتھ فٹ کرتا ہوا اس سے بولا ۔۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

وہ اس سے کارڈ اور مارکر لیتی اپنی سب پسند کی ڈشز پر ٹک لگانے لگی ۔۔

ویٹر نے حیرت سے کارڈ اس سے پکڑا۔

سر آپکے لیے ۔

ویٹر نے اس سے پوچھا ۔

اونلی بلیک کافی ۔

وہ خرد کی طرف دیکھتا ہونٹ بھینچے مسکرا کر بولا۔

جو کچھ لڑکیوں کو تگڑی گھوری سے نواز رہی تھی ۔

ملی یہ تو وہی لڑکی ہے جس نے تمہارے منہ پر مکہ مارا تھا ۔۔

تین چاروں لڑکیوں کے گروہ میں ایک لڑکی اپنی دوست سے بولی جو خرد کو بڑے غور سے دیکھ رہی تھی ۔

اسے میں کیسے بھول سکتی ہوں اسکی وجہ سے میں کتنے دن یونی نہیں نہیں جا پائی تھی آج اس سے حساب برابر کر کے ہی چھوڑوں گئی ۔

ملی مٹھیاں بھینچتی غصے و نفرت سے بولی ۔

یار اس لڑکی کو یہ لڑکا کہاں سے ملا گیا یہ تو کوئی فارنر لگتا ہے اور دیکھو تو رج کے حسین ہے یار اوپر سے بلیو آئز یار میں تو گھائل ہو گئی اس لڑکے کے حسن سے ۔

ملی کی دوست جـــــزیل احمد پر نظریں اٹکائے ہوئے بولی ۔

ملی نے بھی غور سے اس لڑکے کو دیکھا پھر اسکے سامنے بیٹھی لڑکی کو نفرت سے بھلا اتنا خوبصورت لڑکا یہ کہاں ڈیزرو کرتی ہے ۔

ملی جلن سے بولی---

جـــزیل احمد نے حیرت سے ویٹر کو ٹیبل پر ڈشز کے ڈھیر لگاتے دیکھا ۔

ٹیبل کے ساتھ ویٹر ایک اور ٹیبل جوڑ گیا تھا وہ ٹیبل بھی فل ہو گئی تھی ڈشز سے ۔

یہ کیا ہے !

وہ حیرت سے بولا۔

سر میڈیم نے جن جن ڈشز پر مارکر کیا تھا یہ وہی ہیں ۔

ویٹر ہانپتے ہوئے بولا ۔

کیا !!!!!

جـــزیل احمد حیرت سے اسے دیکھنے لگا ۔

جو موبائیل پر مختلف اینگل سے اپنی پکس بنا رہی تھی۔

خرد یہ کیا ہے ۔

وہ حیرت سے بولا

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

تم نے ہی تو کہا تھا اپنے پسند کی سب ڈشز آرڈر کر لوں تو میں نے کر لیں ابھی تو ہاتھ ہولہ رکھا ہے ابھی چار پانچ ڈشز رہتیں تھی ۔

وہ موبائیل سائیڈ پر رکھتی مصنوعی معصومیت سے بولی ۔

اب کھاو پھر سب !

وہ کافی کا مگ اٹھاتا ہوا سر جھٹک کر بولا ۔

خرد اٹھ کر اسکے منہ کے سامنے والی کرسی پر بیٹھی تاکہ جو لڑکیاں کب سے اسکے کوجے سے شوہر کو دیکھ رہیں تھیں وہ دیکھ نا سکیں ۔

خرد کی یہ اختیاطی تدابیر وہ اچھے سے سمجھتا تھا اس لیے دائیں سائیڈ والا آئی برو اچکا کر وہ مسکرایا ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

پہلے کیا کھاوں ؟

https://www.facebook.com/classicurdumaterial/

وہ ڈشز پر ایک طائرانہ نظر ڈالتے ہوئے بولی ۔

جبکہ وہ کافی کے سپ لیتا مسکراتی آنکھوں سے اسے دیکھے گیا ۔

وہ سب سے پہلے پلیٹ میں فش کے ٹکڑے ڈالنے لگی ۔۔

اسے فش کھاتا دیکھ وہ دوسری طرف رخ کر گیا کہ وہ اپنا دل خراب نہیں کرنا چاہتا تھا ۔

خرد سب چیزوں سے انصاف کر رہی تھی اور وہ حیرت زدہ سا اسے دیکھے گیا کہ وہ اپنے چھوٹے سے پیٹ میں اتنی چیزیں کیسے ٹکا پا رہی ہے ۔

تم بھی کھاو نا مجھے مت نظر لگاو میں نے رات سے کچھ نہیں کھایا ۔

وہ کھاتے ہوئے اسے گھور کر بولی

نظر میری خرد کے دشمنوں کو لگے ۔

وہ محبت سے بولا ۔

وہ ناک پونچھتے ہوئے مسکرائی تیکھے

کھانے سے ناک میں سے پانی آنے لگا تھا لیکن وہ پانی کو ہاتھ تک نہیں لگا رہی تھی ۔

خرد پانی پی لو پھر وہی سے سٹارٹ کر لینا ۔

وہ پانی اسکے سامنے رکھتے ہوئے بولا ۔

نہیں پانی پینے سے بھوک مر جاتی ہے اب پیسے دینے ہیں تو کوئی چیز میں فضول نہیں جانے دوں گئی اور جو بچے گا میں وہ مرحہ کے لیے پیک کروا لوں گئی ڈونٹ وری اباوٹ اٹ ۔

وہ کھانے کی طرف اشارا کرکے بولی جس پر وہ ہلکا سا مسکرایا جس پر وہ بھی مسکرائی ۔

سر وہ دونوں ہوٹل میں ہیں !

کسی نے دور بین سے انہیں دیکھتے ہوئے آہان منور کو اطلاع دی تھی ۔

مجھے وہ لڑکی مردہ یا زندہ چاہیئے اس نے میرے چاچو کو مارا تھا نا اس کا بدلہ تو اسے چکانا ہے ہی

--

آہان منور نفرت سے بولا ۔

لیکن۔سر جـــــنیل احمد اس کے ساتھ ہے ۔

ارے ساتھ ہے تو کیا ہوا تم بس جب وہ اِدھر اُدھر ہو اپنا کام کر دینا ۔

آہان نے پھنکار کر فون بند کر دیا --

سنو یہ جو کھانا بچہ ہے نا اسے پیک کر دو رزق کو ضائع نہیں کرنا چاہیئے ۔

خرد ویٹر سے کھانے کی طرف اشارا کر کے بولی ۔

ویٹر گہری سانس لیتا سر ہلا کر برتن اٹھانے لگا ۔

جبکہ وہ ٹشو اسکی طرف بڑھا گیا ۔

خرد منہ صاف کر لو ۔

وہ اسکے ہونٹوں پر لگے چاول کے دانے دیکھ کر مسکراتے لہجے میں بولا ۔

خرد اسے گھورتے ہوئے ٹشو سے ہونٹ تھپتھپاتی ہوئی کھڑی ہو گئی ۔

خرد میری جان اب کیسا فیل کر رہی ہو ۔

وہ اسکے زخم کی طرف اشارا کر کے بولا ۔

Classic Urdu Material
https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial

زخم ٹھیک ہے تمہارے ہوتے مجھے یہ چھوٹی موٹی چوٹیں کوئی تکلیف نہیں پہنچا سکتیں ۔

وہ اسکے خوبصورت چہرے کو دیکھتی سنجیدگی سے بولی۔

ملی اسے یہاں سے دھکا دینا بہت آسان ہے سیدھا نیچے کھائی یا پانی میں گرے گئی ۔

اسکی فرینڈ تابی سفاکی سے بولی --

کیونکہ وہ جیلس تھی کہاں اتنا خوبصورت نوجوان اور کہاں وہ لڑکی ۔

ہاں یہ بیسٹ ہے ۔

ملی غصے سے بولی ۔

خرد بازوں پھیلاتی اسے پک بنانے کو کہہ رہی تھی وہ سر ہلاتا اسکی پکس بنانے لگا--

خرد چلیں !

وہ اسکا موبائیل اپنی پاکٹ میں گھساتا ہوا بولا --

خرد آس پاس گرینری کو دیکھتی ہوئی سر ہلا گئ وہ اسکی طرف آنے لگی تھی جب ایک لڑکیاں کا ٹولہ انکے درمیان حائل ہو گیا تھا۔

جـــزیل احمد پریشانی سے دیکھنے لگا کہ وہ گروپ میں نظر نہیں آرہی تھی ۔

خرد انکے بیچ سے گزرنے لگی جب ملی نے اسے کندھے سے تھام کر روکا خرد اسے دیکھتی اچنبے سے دیکھنی لگی جیسے پوچھا ہو کیا تکلیف ہے ۔

وہ لڑکی طنز سے مسکرائی پھر ادھر ادھر دیکھنے لگی کوئی بھی انکی طرف متوجہ نہیں تھا۔

دوسرے ہی پل وہ اسے ہونٹ بھینچتی دھکا دے گئی تھی۔

خرد جو بالکل چھوٹی سی ریلینگ

کے پاس کھڑی تھی وہ چیختی ہوئی نیچے گرنے لگی تھی جب وہ سرعت سے اسکی انگلیاں اپنے مظبوط ہاتھوں میں تھام گیا۔

وہ ایک جھٹکے سے خرد کو اپنی طرف کھینچ گیا تھا۔

خرد اسکے سینے سے لگے کانپ رہی تھی۔

وہ لڑکیاں پیچھے ہوتیں بھاگنے لگیں تھیں جب وہ خرد کو سینے سے لگائے ہی انکے سامنے آیا تھا

۔

آس پاس سب کھڑے ہوتے انہیں دیکھنے لگے تھے۔

ملی گھبرا گئی تھی۔

کس نے میری بیوی کو دھکا دیا تھا۔

وہ بھینچے ہوئے لہجے میں بولا تھا۔

ہم نے دھکا تو نہیں دیا تھا یہ خود ہی پیر پھسلنے سے گر۔

چٹاخ!

وہ اسکی بولتی ایک جھٹکے سے بند کر گیا تھا۔

Classic Urdu Material
https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial

شرم نہیں آتی یا گھول کر پی گئی ہو اگر تم لڑکی نا ہوتی تو ابھی تمہارے ہاتھ کاٹ دیتا یو فولش گرل جـــزیل احمد خرد سے کبھی غافل نہیں ہو سکتا سمجھی تم ۔

بتاو کس نے کہا تھا میری بیوی کو دھکا دینے کو بولو !

وہ اتنی شدت سے چلایا تھا کہ خرد بھی اپنے کانوں پر ہاتھ رکھ گئی ۔

اس نے دھکا دیا تھا سر ہم نے نہیں ۔

ملی کی فرینڈ ملی کی طرف اشارا کرتی ڈرے ہوئے لہجے میں بولی ۔

ملی نے حیرت سے اپنی فرینڈ کو دیکھا۔

بولو ورنہ ابھی تمہیں یہاں سے پھینکنے میں مجھے ایک لمحہ لگے گا ۔

وہ چلا کر بولا تھا ۔

اس نے ایک بار پوری پبلک کے سامنے مجھے منہ اور پیٹ پر مکہ مارا تھا اس لیے میں نے دھکا دینا چاہا تھا ۔

ملی سر جھکا کر بولی ۔

دل تو کر رہا ہے تھپڑوں سے تمہارا منہ لال کر دوں ۔

وہ سرد لہجے میں بولا ۔

خرد نے حیرت سے اس لڑکی کو دیکھا اسے یاد آگیا تھا یہ وہی لڑکی تھی جس نے مرحہ کا مزاق اوڑایا تھا اور اس نے غصے میں اسکے منہ اور پیٹ پر مکہ مار دیا تھا ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

وہ خرد کی کلائی پکڑتا اسے ساتھ لیے بھیڑ کو چیرتا ہوا وہ پہاڑی کی سیڑیاں اترتا سب کی نظروں سے اوجھل ہو گیا ۔۔

خرد لب بھینچ کر مسکراتی ہوئی اپنے مغرور شوہر کو دیکھنے لگی جو بنا ادھر ادھر دیکھے ناک کی سید پر چل رہا تھا۔

تم بہت غصے والے ہو ۔

وہ۔اسکے ساتھ چلتی سنجیدگی سے بولی ۔

ابھی میرا غصہ نہیں دیکھا آپ نے مائے ڈیئر جس دن دیکھ لیا اس دن بات کرنے سے بھی ڈرو گئی ۔۔

وہ سنجیدگی سے بولا۔

مجھے واش روم جانا ہے ۔

وہ کچھ دیر بعد سنجیدگی سے بولی ۔

یہاں کیا تمہیں کوئی واش روم نظر آرہا ہے مائے ڈیئر ۔

وہ رکتا ہوا بولا_____

نہیں !

وہ منہ بسور کر بولی ۔

تو پھر مائے لائف صبر کرنا ہو گا ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/Classicurdumaterial/

کوئی صبر نہیں کروں گئی مجھے یہاں واش روم چاہیئے ورنہ پیٹ میں درد شروع ہو جائے گا ۔

وہ پیٹ پر ہاتھ رکھتی بے بسی سے بولی ۔

خرد کیا یہاں ایرجنسی واش روم تعمیر کروا لوں ۔

وہ اسکی طرف رخ کرتا ہوا سنجیدگی سے بولا۔

کروا لو یار پلیززززززز نا ۔

وہ پیر پٹخ کر بولی ۔

وہ جواباً ہونٹوں پر مسکراہٹ سجاتا اسے ٹانگوں سے پکڑ کر اسے اوپر اٹھا گیا ۔

خرد نے شاک سے اسے دیکھا ۔

جو اسے دیکھتا بڑے ریلکس سے انداز میں چل رہا تھا ۔

خرد مائے لائف کنٹرول کرو ۔

وہ ہونٹ بھینچ کر بولا ۔

تمہارے دانت توڑ دوں گئی مکہ مار کر ۔

وہ خفگی سے بولی ۔

کم کھانا تھا مائے لو ۔

وہ مسکراتے لہجے میں بولا ۔۔

افففف چپ کر جاو ورنہ میں فوت ہو جاوں گئی ۔

Classic Urdu Material
https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

وہ چلا کر بولی ۔

فوت ہوں میری خرد کے دشمن ۔

وہ اسے ایک گھر کے سامنے کھڑا کرتا ہوا سنجیدگی سے بولا ۔

وہ دروازہ کھٹکاتا ہوا تھوڑا پیچھے ہوا ۔

جب ایک لڑکی باہر آئی ۔۔

کیا میری وائف آپ کا واش روم یوز کر سکتی ہے ۔

وہ سنجیدگی سے اجازت چاہ رہا تھا ۔

جی کیوں نہیں ۔

وہ لڑکی خوش اخلاقی سے بولی ۔

خرد اسکے کہنے پر جلدی سے اندر بھاگ گئی پھر نظر آتے واش روم میں گھس گئی ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

مایا نے اسکے جانے کے بعد سنجیدگی سے اسکے پرپوزل کے بارے میں سوچا ۔

زندگی

اسکے جانے کے بعد پھر سے ٹاف ہو جانی تھی اوپر سے اش وہ اش کو کھیلتے دیکھ کر مسکرائی ۔

اسے اپنے بھائی کے لیے یہ فیصلہ لینا تھا گر اسکے ماں باپ زندہ ہوتے تو اسے ایسے انسان سے ہرگز شادی نا کرنے دیتے لیکن وہ اسکی اچھائیوں کو دل سے مانتی تھی اس نے ایسے مرد کبھی

نہیں دیکھے تھے اس نے تو آس پاس حوس کے ماروں کو ہی دیکھا تھا وہ اسکے ساتھ اتنے دنوں سے رہ رہی تھی لیکن اس شخص نے اسے نظر اوٹھا کر نہیں دیکھا تھا بھلا ایسے مرد کہاں ملتے ہیں ۔

وہ سوچتی ہوئی اس کے حق میں فیصلہ کر گئی تھی وہ دل کو اگنور کر رہی تھی جو اسے دیکھ کر دھڑکتا تھا جب وہ سر جھکا کر اس سے بات کرتا یا اس کا حال چال پوچھتا ۔

وہ مسکرا کر اش کو چٹا چٹ چوم گئی جو اسکے ہونٹوں پر ہلکا سا تھپڑ لگا گیا تھا ۔

وہ خفگی سے اسے دیکھتی اپنے ساتھ بھینچ گئی --

میرا پیارا بھائی !

وہ اسکے ناک پر ناک رکھتی لاڈ سے بولی---

اشرف صاحب اور رافیعہ واپس چلے گئے تھے اس سے ناراض ہو کر بلکہ رافیعہ زبردستی بھائی کو لے گئی تھی ۔

لیلیٰ میری بیٹی خوش ہو جاو تم شادی نہیں کرنا چاہتی تھی نا شہریار سے تو میں نے اس کا پتا تمہاری زندگی سے صاف کر دیا ہے ۔

رافیعہ نے اپنی بیٹی کے روم کی لائٹ جلاتے ہوئے خوش ہوتے ہوئے کہا جو بیڈ پر کمبل اوڑھے لیٹی تھی ۔

کیا مطلب مما ۔

ارے مطلب واضع ہے تم شہریار سے نہیں رئیس سے شادی کرنا چاہتی تھی نا تو میں نے شہریار کو تمہاری زندگی سے نکال دیا ہے ارے میری اکلوتی بیٹی ہو تم تمہاری خوشی سے بھر کر تو مجھے کچھ نہیں میں چاہتی تھی ہم برداری والوں کے سامنے برا نا بنے بلکہ شہریار بنے اب دیکھو اللہ نے مجھے کیسے اچھا موقع دے دیا تھا۔

اب میں تمہاری شافی رئیس سے کردوں گئی خوش ہو جاو۔

رافیعہ نے اسکے بھکڑے بال سمیٹتے ہوئے کہا۔

امی یہ آپ نے کیا کر دیا رئیس مجھے دھتکار کر چلا گیا ہے وہ اپنی کزن سے شادی کر چکا ہے اور آپ نے دوسرا راستہ بھی بند کر دیا افففف ایک بار مجھ سے پوچھ تو لیتی آپ نے تو دونوں راستے ہی بند کروا دیئے رئیس بھی آپکی وجہ سے چھوڑ گیا کہ میری ماں نے اس کا لایا رشتہ کیسے ٹھکڑا دیا تھا اب کس امید پر تم سے شادی کروں اور جو شہریار کی طرف امید تھی آپ نے وہ بھی توڑ دی۔

لیلیٰ نے چیخ کر کہا۔

ارے کیا کہہ رہی ہو رئیس کی باری مجھے نہیں پتا تھا کہ تم اسے پسند کرتی ہو۔۔

رافیعہ بی بی صدمے سے بولی۔

اور میں نے شہریار کو بھی ہاتھوں سے گنوا دیا۔

رافیعہ حیرت سے بڑبڑائی۔۔

سر اس حویلی میں تین لوگ بچے تھے ۔

اسے کسی نے اطلاع دی فون میں سے ۔

تین کون کون سے ۔

وہ بیتابی سے بولے ۔

شہریار صاحب کا بیٹا انکا سالہ اور ایک بچی جو آگ لگنے سے دو مہینے پہلے گھم ہوگئی تھی ۔

وہ۔ سنتے ہوئے سیدھے ہوئے ۔

وہ بچی کون تھی ساری انفارمیشن نکالو یار ۔

وہ پیشانی مسلتے ہوئے بولے ۔

سر پورے گاوّں سے صرف یہی انفو اکٹھا کر پایا ہوں۔

وہ آدمی کہتا ہوا فون بند کر گیا ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

وہ فون بند کرتے پریشانی سے ہونٹ بھینچے بیٹھے رہ گئے ۔

اگر بچی گھم ہو گئی تھی تو وہ کہاں ہے کیا وہ زندہ ہو گئی کیا وہ میری بیٹی تھی ۔

وہ آفسردہ لہجے میں بولے ۔۔

مرحہ حیرت سے خرد کی بھیجی ہوئی تصویریں دیکھ رہی تھی ۔

ایک تو اس لڑکی کی فلرٹ باز طبیعت سے میں بہت تنگ ہوں ۔

وہ سر تھامے آفسوس سے بڑبڑائی ۔۔

کیا ہوا موٹے پہلوان !

روبن بالوں میں کنگی کرتا ہوا بولا۔

خود کیا ہو سڑے ہوئے کانے ہوا بھی چھو جائے تو مر جاو، کھاتے پیتے گھرانے سے ہوں کوئی بھوکے ننگے گھر سے نہیں ۔

وہ غصے سے بولی ۔

روبن جواباً منہ پھٹ بیوی کو تاسف سے دیکھ رہا تھا ۔

انتہائی کوئی بری بیوی ہو تم ۔

وہ اسے بلیک سوٹ میں دیکھ کر بولا جس پر بلیک سوٹ بہت جچ رہا تھا اونچی پونی کیے کانوں میں بلیک ہی شیشے کے ٹاپس پہنے وہ بہت غصے میں دیکھتی تھی ۔

وہ اسکی طرف آیا ۔

کیا ہے دیکھ کیسے رہو شرم نہیں آتی جہاں خوبصورت لڑکیاں دیکھتے ہو وہی بچھ جاتے ہو ۔۔

مرحہ اسے اپنے اوپر جھکتے دیکھ کر غصے سے بولی ۔۔

خوبصورت لیکن یہاں تو کوئی خوبصورت لڑکی نہیں ۔

وہ مصنوعی حیرت سے بولا ۔

مجھ سے زیادہ بھلا اس گھر میں اور کون خوبصورت ہو گا کل تو سر بلال بھی کہہ رہے تھے مرحہ تم۔پہلے سے کافی گرومنگ ہو گئی ہو میں نے کہا سر آپکے جم کو دیکھ دیکھ کر ہو گئی ہوں ۔

وہ فخر سے بولی ۔

روبن نے اسے گھورا بھلا کیسے وہ کسی غیر مرد کا یوں اپنے شوہر کے سامنے نام لے سکتی تھی۔

شرم نہیں آتی !

وہ غصے سے بولا ۔

آتی ہے لیکن تم کیوں پوچھ رہے ہو ۔۔

وہ آئی برو اچکا کر بولی ۔

کوئی غیر مرد تعریف کرئے تو اسے دو جھانپڑ مارنے چاہیئے نا کہ خوش ہونا چاہیئے ۔

وہ اسکی اونچی پونی کھینچتے ہوئے بولا ۔

اور جب تم اور لڑکیوں کی تعریف کرتے ہو تو سن رہی ہوتی ہوں بچُو، کوئی مر نہیں گئی ہوتی ۔۔

وہ اسکے ہاتھ پر جھانپڑ مارتی غصے سے بولی ۔

تو تم جیلس فیل کرتی ہو ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

وہ مسکراتے لہجے میں بولا ۔

ہاں بالکل جیسے تم میرے سر بلال سے جیلس ہوتے ہو ۔

وہ طنز سے بولی ۔

افففف میرے سر بلال واوا ۔

وہ طنز سے کہتا ہوا سیدھا کھڑا ہوا ۔۔

جیلس !

وہ ڈھیلی ہوئی پونی کستی ہوئی بولی ۔

موٹی کہی کی !

وہ اسکی ٹائٹ کی ہوئی پونی دوبارہ سے ڈھیلی کرتا ہوا کمرے سے نکل گیا ۔

مرحہ پیچھے سے ہلکا سا مسکرائی ۔

میرے سر بلال ۔۔

وہ کہتے ہی قہقہ لگا گئی۔ وہ جانتی تھی وہ سر بلال سے بہت چڑتا ہے ۔

بچو تمہیں تو تیر کی طرح سیدھا کروں گئی ۔

وہ ایپل کی بڑی سی بائٹ لیتی مسکراتے لہجے میں بولی ۔

نکاح نامہ !

عبدالرحمٰن شیرازی آفس میں تھے جب انہیں کورئیر سے ایک لفافہ وصول ہوا تھا ۔

Classic Urdu Material
https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

وہ لفافہ چاک کر کے اسکے اندر سے ایک تہہ شدہ صفحہ کھول کر پڑھتے شاکس سے رہ گئے ۔

یہ کیا تھا ۔

لفافہ انکے ہاتھ سے چھوٹ گیا تھا ۔

تم کون ہو ،

وہ اسکے ساتھ چلتی ہوئی بولی ۔

ایک عام سا انسان مائے لائف ۔

وہ دھیمے لہجے میں بولا ۔۔۔۔

افففف میرا مطلب ہے تم اتنے روپ بدلتے ہو کیوں بدلتے ہو کیا وجہ ہے مجھے بتا دو پلیززز ورنہ میری تجسس پسند فطرت مجھے مار دے گئی میں سوچ سوچ کر فوت ہو جاوں گئی بتادو اپنی چھوٹی سی پیاری سی وائف کو ۔

وہ اسکے سامنے آتی ہوئی بولی ۔

فوت ہوں خرد کے دشمن ،میری جان ایسی باتیں مت کیا کرو اور چھوٹی کوئی نہیں فقط چار سال چھوٹی ہو مجھ سے ۔

وہ مسکراتے لہجے میں اسے تھام کر اپنے سینے سے لگاتا ہوا بولا ۔

کیوں بدلتے ہو یہ روپ ؟

وہ ایڑھیاں اٹھا کر اسکی گردن پر موجود تل کو چھوتی ہوئی بولی ۔۔

Classic Urdu Material
https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

میری جاب کا حصہ ہے یہ سب اورپتا ہے مجھے آج تک کوئی پہچان نہیں سکا سوائے تمہارے

--

وہ اسے سینے میں بھینچتے ہوئے بولا ۔

اورپتا ہے میں کیسے پہچانتی ہوں تمہیں ؟

وہ مسکراتے لہجے میں بولی ۔

میرے ہاتھ کی پشت پر موجود تل سے ۔

وہ پاکٹ میں ہاتھ ڈال کر بولا ۔

خرد اسے گھورتی ہوئی سر ہلا گئی --

تو پھر چھپاتے کیوں نہیں اس تل کو ۔

وہ سوالیہ بولی ۔

تاکہ میری خرد کو مجھے پہچاننے میں کوئی دقت نا ہو ۔

وہ اسکی ناک کو انگلیوں سے پکڑ کر ہلاتا ہوا بولا ۔

خرد ہونٹ بھینچتی ہوئی مسکرا دی اور جواباً وہ بھی اسکا ناک انگلیوں کی چوٹکیوں میں دبا گی --

خرد !

افف یہ انسان تو سائے کی طرح اس لڑکی کے ساتھ رہتا ہے کیسے پکڑوں اس لڑکی کو ۔

Classic Urdu Material
https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/classicurdumaterial

وہ دونوں آدمی جھنجھلائے تھے جـــــزیل احمد ہے یہ بہت سخت اور طاقت ور اس کے ہوتے ہم کچھ نہیں کرسکتے ۔

دوسرا بھی بولا ۔

مجھے اٹھا لو نا میں تھک گئی ہوں ۔

وہ۔اسکی طرف کسی بچے کی طرح بانہیں پھیلاتی ہوئی بولی ۔

وہ اسے اٹھا کر گاڑی کی طرف بڑھا ۔

خرد کھل کر مسکرائی لیکن یہ مسکراہٹ بس کچھ وقت کے لیے تھی گھر میں ایک مصیبت برپا ہو چکی تھی اسکے لیے ۔۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

مایا نے ہاں کر دی تھی شادی کے لیے ۔۔

کیا آپ میرے لیے میرا پیارا دین چوز کریں گئی یہ کچھ کتابیں ہیں میرے دین کی آپ انہیں غور سے پڑھ لیں ،یہ انگلش میں ہیں اور دوسری بات میں کبھی آپکو فورس نہیں کروں گا میں بس چاہتا ہوں آپ ہدایت کی راہ پائیں ایسا میں نہیں میرا اللہ چاہتا ہے ورنہ وہ کبھی مجھے آپ سے نا ملواتا اور دوسری بات آپ خاص ہیں اور اللہ خاص لوگوں کو ہی اپنے دین کی طرف راغب کرتا ہے آپ اس دن پوچھ رہیں تھی نا اللہ کون ہے محمد صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کون ہیں اس کتاب کو پڑھنے سے آپکو سب پتا چل جائے گا ۔

وہ قران پاک کو غلاف سے بہت محبت و اختزام سے نکال رہا تھا ۔

آپ ہاتھ دھو آئیں یہ بہت پاک کتاب ہے ایسے اسے نہیں چھو سکتے یہ اللہ کا خاص تحفہ ہے مسلمانوں کے لیے اس میں اللہ سب انسانوں سے محاطب ہوتا ہے جب آپ پڑھیں گئی تو دل سے پڑھیئے گا تب آپ کو ایسے لگے جیسے وہ زات آپ سے خود مخاطب ہے ۔۔

وہ قران کو سینے سے لگائے بہت دھیمے لہجے میں اس سے مخاطب تھا جو مبہوت سے اسکے چہرے کو دیکھتی بہت اختزام سے اس پاک کتاب دیکھنے لگی، شہریار کی نظروں میں بہت عقیدت تھی اس کتاب کے لیے ۔

مایا سر ہلا کر ہاتھ دھونے واش روم میں چلی گئی ۔

وہ ہاتھ دھو کر آئی تو شہریار اپنے گلے سے مفرل اتار کر اسکے ننگے سر پر اوڑھ گیا تھا۔

مایا نے ہلکی مسکان سے مفرل سر پر ٹھیک کیا پھر اسکے ہاتھ سے وہ کتاب لی جیسے شہریار نے پہلے ہونٹوں اور آنکھوں سے لگایا تھا وہ بھی اسی کی طرح ہونٹوں سے چھوتی آنکھوں سے لگا گئی پھر اسکے روم سے چلی گئی ۔

شہریار مسکراتے ہوئے اسکی پشت دیکھتا رہا وہ لیلیٰ کو خاص پسند نہیں کرتا تھا جانتا تھا اسکا رئیس سے بہت پہلے کا تعلق ہے لیکن چپ تھا کہ وہ اپنی پھپھو کے بہیوئر کو اچھے سے جانتا تھا وہ مایا کو بھی جان گیا تھا وہ ایک غیر مسلم تھی لیکن اس میں کوئی برائی نہیں تھی ۔

وہ ایک آئیڈیل لڑکی تھی اور اسکا بھائی جو اس سے تھوڑے ہی وقت میں بہت اٹیچ ہو گیا تھا ۔۔ اش اسے بہت پیارا لگتا تھا وہ اسے باہر لے کر چلا جاتا لیکن مایا کہی نہیں آتی جاتی تھی وہ گھر پر ہی رہتی ۔

شہریار کو پتا تھا اگر مایا نے اسلام قبول کر لیا تو اس کے باپ کو اس سے کوئی پرابلم نہیں ہو گئ ء وہ دین کے بہت پکے انسان تھے انہوں نے اپنے دونوں بچوں میں بھی دین کی محبت ڈال رکھی تھی وہ نماز روزہ کے بھی بہت پابند تھے شہریار اور لائبہ بھی انکی ہی طرح دین اسلام کے پابند تھے

خرد لاونج میں آئی جہاں سب بیٹھے تھے خرد انہیں دیکھ کر حیران ہوئی کہ اس وقت تو سب کمرے میں چائے پیتے ہیں ۔

وہی رک جاو !

رحمٰن صاحب کی۔سپاٹ آواز پر وہ وہی رک گئ تھی۔

وہ انہیں الجھی ہوئی نظروں سے دیکھ رہی تھی کہ آج بھلا کونسا نیا کھاتا کھل گیا تھا اسکے خلاف

۔

یہ کیا ہے!

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

وہ اسکے منہ پر نکاح نامہ مارتے ہوئے بولے ۔

خرد نے حیرت سے انہیں دیکھ کر نیچے گرے صفحات اٹھائے ۔

وہ ساکت نظروں سے نکاح نامہ دیکھتی رحمٰن صاحب کو دیکھنے لگی ۔

حاجب کے ہونٹوں پر بڑی کمینی سی مسکراہٹ چھائی ہوئی تھی ۔

ڈیڈ یہ ۔

چپ ایک لفظ اور نہیں تم پر کبھی روک ٹوک نہیں کی تمہیں ہر شے میں آزادی دی جس کا یہ صلہ دیا ہے تم نے مجھے ۔۔

رحمٰن صاحب غصے سے پھنکارے تھے اس پر ۔

وہ سر جھکا گئی ۔

صفورا بیگم بھی لب بھینچے کھڑی رہی مرحہ تو خود حیرت زدہ تھی اسے تو کچھ سمجھ ہی نہیں آرہی تھی خرد کر کیا رہی ہے ۔۔

روبن گھر پر نہیں تھا وہ میکی کو شاپنگ کروانے لے کر گیا تھا ۔

جواب دو ۔

رحمٰن صاحب بھینچے ہوئے لہجے میں بولے ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial

کیا تم مجھے کہتی تو میں انکار کر دیتا ہاں! ہرگز نہیں میں تمہاری خوشی چاہتا تھا اس دن بھی میں نے آہان پر تمہاری خوشی کو ترجیع دی کہ میں سمجھ گیا تھا تمہاری خوشی آہان میں نہیں جـــــزیل احمد میں تھی اور تم نے چوری چھپے نکاح کر لیا۔

وہ بولتے ہوئے سرد نظروں سے سر جھکائے کھڑی خرد کو دیکھ رہے تھے۔

خرد کسی سے نہیں ڈرتی تھی سوائے رحمٰن صاحب اور صفورا بیگم کے وہ ابھی بھی دھک دھک کرتے دل کے ساتھ رحمٰن صاحب کی ڈانٹ سن رہے تھے۔

ارے اپنا خون اپنا ہی ہوتا ہے بہت کہا تھا جہاں سے اٹھا کر لائے ہو وہی چھوڑ آو لیکن تم نے کب کسی کی سنی تھی اب بھگتو۔۔

ماریہ بی بی نفرت سے بولتے ہوئے جلتی پر تیل ڈالنا چاہ رہی تھی۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

آپ چپ رہیں یہ میرے اور میرے والدین کے بیچ کا معاملہ ہے کوئی کچھ نا بولے میں صرف اپنے والدین کے سامنے جوابدہ ہوں۔

وہ غصے سے بولی ۔۔

جس پر ماریہ بیگم کانوں کو ہاتھ لگاتی توبہ توبہ کرنے لگی ۔۔

ماہ تو ابھی بھی حیران تھی کہ یہ لڑکی کہاں ہاتھ صاف کر گئی تھی حلانکہ اسکے ہوتے بھلا کوئی خرد کو کیسے پوچھ سکتا ہے۔باقی سب خاموش سے خرد کو دیکھ رہے تھے۔

ڈیڈ آپ میرے ساتھ چلیں میں آپکا کو بتاتی ہوں ۔

وہ انکا ہاتھ تھامتی منت سے بولی ۔

اب اور کیا بتانا ہے کچھ بتانا باقی ہے میری بچی ۔۔

وہ اسکا ہاتھ جھٹکتے ہوئے طنز سے بولے۔

خرد کو کوئی کچھ مت کہے جس نے جو کہنا ہے مجھے سے کہے ۔

ُپیچھے سے آتی آواز پر سب پیچھے کی طرف متوجہ ہوئے جہاں سے وہ ایک شان سے چلتا خرد کے ساتھ آ کھڑا ہوا تھا ۔۔

تم نے دو ماہ پہلے میری بیٹی سے نکاح کیا، کب سے جانتے ہو میری بیٹی کو کیوں کیا ایسا تم نے بولو۔

رحمٰن صاحب غصے سے اسکی طرف بڑھتے ہوئے بولے ۔

آپکی بیٹی کو میں ساڑھے چار سال کی عمر سے جانتا ہوں جب مجھے ٹھیک سے بولنا نہیں آتا تھا جب میں ٹھیک سے رشتوں کو سمجھ نہیں سکتا تھا تب سے آپکی بیٹی کو جانتا ہو ں ۔۔

وہ پاکٹ میں ہاتھ ڈالتے ہوئے سنجیدگی سے بولا ۔۔۔

جبکہ خرد سمیت باقی سب اسے حیرت سے دیکھ رہے تھے ۔

کیا مطلب ہے تمہارا ۔

رحمٰن صاحب حیرت سے بولے ۔

مطلب یہ ہے کہ خرد سے میرا رشتہ دل کا ہے روح کا ہے مجھ سے خرد کی کوئی رشتے داری نہیں لیکن یہ میرے دل کے قریب ہے اور آپ سب میری خرد کو ناجائز کہنے والو کان کھول کر سن لو۔

خرد میری پھپھو کی بیٹی ہے لائبہ اشرف احمد کی بیٹی اور۔

وہ کہتا ہوا تھوڑا سا مسکرایا جبکہ باقی سب سانس روکے اسے دیکھ رہے تھے ایک وجود ایسا بھی تھا جو اپنی جگہ ساکت ہو گیا تھا۔

اور جنید شیرازی کی خقیقی بیٹی آیت جنید۔

وہ ایک ایک لفظ چبا چبا کر بولا کہ اب سچائی سب کے سامنے لانے کا ٹائم آچکا تھا۔

اور ابراز کی رضاعی بہن۔

میری بہن مایا کو کسی نے زہر دے دیا تھا جس سے ڈاکٹر نے انہیں منع کر دیا تھا بچے کو دودھ پلانے سے جس کی وجہ سے ابراز کو ایک ماہ لائبہ پھپھو نے دودھ پلایا کہ ابراز خرد سے فقط ایک ماہ چھوٹا تھا۔

وہ سنجیدگی سے بولتا سب کے سروں پر بجلیاں گرا رہا تھا۔

خرد بھی منہ کھولے اسے دیکھ رہی تھی --

آب سب حیرت سے جنید کو دیکھ رہے تھے جو کھڑے قد سے صوفے پر گرے تھے

جزیل نے بے تاثر نظروں سے جنید شیرازی کو دیکھا۔

حاجب تو حیران کم شاک میں زیادہ تھا ۔

ماہ بھی منہ پر ہاتھ رکھے کبھی خرد کو دیکھتی تو کبھی جنید کو ۔۔۔۔

مرحہ بھی سخت حیران تھی بھلا ایسے بھی ہو سکتا ہے ۔۔

جنید کیا یہ سچ ہے ۔

وقار شیرازی حیرت سے جنید کے پاس آتے ہوئے بولے ۔

ہاں بھائی یہ سچ ہے ۔

جنید صاحب شرمندگی سے نہیں آفسردہ لہجے میں بولے ۔

جـــــــزیل احمد نے خرد کو دیکھ جس کا وجود آج جھٹکوں کی زد میں تھا۔

میں چاہتا تو خرد کو بہت پہلے یہاں سے لے جاتا لیکن میں رحمٰن صاحب صفورا بیگم کو خرد پر حقیقی ممتا لوٹاتے دیکھا تو رک گیا کہ میں خرد کو دکھی نہیں کرنا چاہتا ورنہ اشرف دادا نے مجھے خرد کی زمہ داری تب سونپی تھی جب میں اس کے معنی بھی ٹھیک سے نہیں جانتا تھا انہیں بہت عزیز تھی خرد ۔۔

وہ انکا زکر بہت محبت سے کر رہا تھا ۔

سب چپ سے تھے کوئی کچھ کہنے لائق ہی نہیں بچا تھا ۔۔

ماحول میں سناتا سا چھا گیا تھا۔

اور رحمٰن صاحب آپکی بیٹی سے زبردستی نکاح کیا تھا آپ کی دھمکی دے کر اس میں خرد کا کوئی قصور نہیں اس سے نکاح میں نے کسی کو بنا بتائے اسلیے کیا تھا کہ میں اسے پروٹیکٹ کرنا چاہتا تھا ایسے میں بہتر طریقے سے کر سکتا تھا دوسری بات میرے دادا اشرف احمد نے مجھ سے کہا تھا کہ خرد جب بڑی ہو گئی تو وہ خرد کی شافی جزیل احمد سے کریں گئے یہ بات میں نے اسی وقت سے اپنے دل میں بٹھائی ہوئی تھی۔

وہ ہر جگہ اسکا دفاع کر رہا تھا۔

خرد سر جھکائے رو رہی تھی۔

جب مرحہ نے اسے خود کے ساتھ لگایا۔

جنید صاحب کوئی صفائی کوئی دلیل نہیں دیں گئے۔

وہ طنز سے بولا۔

جنید شیرازی اپنی بیٹی سے شرمسار تھے انہوں نے تو کبھی اس لڑکی سے سیدھے منہ بات تک نہیں کی تھی کبھی اس سے نارمل رویہ نہیں رکھا تھا وہ کیا دلیل دیں وہ تو جزباتی تھے اور انکی جزباتی طبیعت نے انہیں کہی کا نا چھوڑا تھا یہ بھی سچ تھا انہوں نے لائبہ کے بعد کبھی کسی اور عورت کے بارے میں نا سوچا۔

وہ اٹھے تھے --

خرد کے قدموں میں گرے تھے وہ ہاتھ جوڑ کر سر جھکا گئے کے انہیں سمجھ ہی نہیں آرہا تھا کہ کیا کہیں کیونکہ کوئی لفظ خرد رحمٰن کی اذیت کا مداوا نہیں کر سکتا تھا ۔۔

خرد حیرت سے پیچھے ہوئی تھی وہ رحمٰن صاحب کی طرف دیکھنے لگی وہ خود ساکت تھے ۔

وہ بھاگ کر ان کے سینے سے لگ گئی تھی ۔۔

جنید صاحب سر جھکائے رو دیئے ۔۔۔

خرد نے سر اٹھا کر رحمٰن صاحب کو دیکھا وہ بھی اسے ہی دیکھ رہے تھے ۔

میرے صرف ایک ہی ڈیڈ ہیں اور وہ رحمٰن شیرازی ہیں میں تو انکا کے بغیر سانس تک نہیں لے سکتی انکی خقیقی بیٹی نہیں تھی میں لیکن انہوں نے خقیقی بیٹیوں سے زیادہ محبت دی ہے مجھے ،

مجھے کسی سے کوئی شکوہ نہیں میرا ڈیڈ ہیں نا انکا چہرہ دیکھ کر میں سب کو معاف کر سکتی ہوں ۔۔

وہ بنا جنید شیرازی کو دیکھے رحمٰن شیرازی کو دیکھتی بول رہی تھی جو نمی لیے آنکھوں سے اسکی پیشانی چوم گئے تھے ۔۔

بیٹا میں تمہیں ہرگز نہیں کہوں گا کہ تم اپنے بد نصیب باپ کو معاف کردو جو جو تم نے ایک باپ ہوتے اذیتیں سہی ہیں وہ میری معافی سے کم نہیں ہو سکتی میری بچی ۔۔

وہ اٹھ کر ہولئے کہتے اپنے کمرے میں چلے گئے ۔

باقی سب جزیل احمد کو دیکھنے لگے تھے ۔

رحمٰن صاحب خرد آپکے پاس میری امانت ہے بہت جلد اسے آپ لے جاوں گا ۔۔

وہ کہتا ہوا پلٹ گیا ۔۔

ڈیڈ یہ سب کیا تھا میں کچھ سمجھ نہیں پا رہی ۔

وہ انکی طرف سر اتھا کر دیکھتی پریشانی سے بولی تھی ۔

کمرے میں چلو بیٹا اور اپنے ڈیڈ کو معاف کردو ۔

وہ اسے ساتھ لیے آگے بڑھتے ہوئے بولے تھے صفورا بیگم بھی آنسو پونچھتی انکے پیچھے چلی گئی

آج جو ہو گیا تھا بہت حیرت زدہ سا تھا ایسے بھلا کب کسی نے سوچا تھا ۔

مرحہ تو سب کے جانے کے بعد سر تھامے صوفے پر گر گئی تھی ۔

افففف یہ خرد میرے دماغ کا ستیاناس کر دے گئی میں کیا کروں سر پھٹنے لگا ہے میرا ۔۔

وہ سر تھامے ہونق پن سے بولی ۔

کہو تو سر کے ساتھ گلا بھی دبا دوں ۔

روبن کی پیچھے سے آتی آواز پر وہ چونک کر پیچھے مڑی ۔۔

اپنا دبا لو میرے سے زبان نا چلاو تو بہتر ہو گا کتنا بڑا جھوٹ بولا مجھ سے تم دونوں نے میرے سامنے مت آنا ورنہ میرا دماغ فوت ہو جائے گا ۔

مرحہ غصے سے اسے سناتی ہوئی چلی گئی ۔

Classic Urdu Material
https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

جبکہ وہ غصے سے اس بدلحاظ کی پشت دیکھتا رہ گیا ۔

جنید شیرازی کمرے میں آتے پھوٹ پھوٹ کر رو دیئے تھے ۔۔

افففف میں کیسے معاف کروں گا لائبہ خود کو نا تم سے وفا کر پایا نا اپنی بیٹی سے تم کتنی محبت سے میرے پاس ہماری بیٹی لائی اور میں نے میری بیٹی سمیت تمہیں بھی ٹھکڑا دیا افففف مجھ سے کیا ہو گیا یہ ۔۔۔

جنید شیرازی لائبہ کی تصویر تھامے رو رہے تھے ۔

خرد کی صبح آنکھ کھولی تو وہ رحمٰن صاحب کے کمرے میں تھی ۔

رات وہ بنا کپڑے چینج کیے وہی سو گئی تھی ۔۔

اب وہ اٹھی تھی تو دن کے دس بج رہے تھے رحمٰن صاحب خلاف معمول آج گھر پر تھے وہ چائے کا کپ پکڑے خرد کو ہی دیکھ رہے تھے خرد نے صفورا بیگم کو دیکھا جو اسکے ساتھ ہی بیٹھیں اسکے بالوں کو سنوار رہیں تھیں ۔۔

مجھے معاف کردو میری بچی میں رحمٰن صاحب کے ایکسیڈنٹ کے بعد تمہاری خفاظت نا کر سکی میں تمہارے ساتھ رہتی تو سجاد درندہ تمہیں کبھی کوئی نقصان نا پہنچا پاتا ۔

صفورا بیگم آہستہ سے اسکے بال سنوارتی اس سے بولی ۔۔

اس میں آپکا کوئی قصور نہیں مما ڈیڈ کے پاس رہنا بھی تو ضروری تھا نا ۔

وہ انکے کندھے پر سر رکھتی دھیمے لہجے میں بولی ۔

جـــــزیل کمر پر ہاتھ رکھے حویلی میں لگے ملازموں کو ہدایت دے رہا تھا جب وہ وائٹ سوٹ میں ملبوس اسکے ساتھ آکھڑی ہوئی تھی ۔

کیسی لگ رہی ہے حویلی ۔

وہ بنا اسے دیکھے اسکی موجودگی کو محسوس کرتا دھیمے لہجے میں بولا۔۔۔

بہت پیاری لگ رہی ہے ۔۔

وہ آگے بڑھتی ہوئی بولی ۔

وہ اب غور سے سب مزدوروں کو کام کرتا ہوا دیکھ رہی تھی بلکہ انہیں ہدایت بھی دے رہی تھی ۔

وہ ریڈ ٹی شرٹ پہنے بلیو جینز میں پسٹل بلٹ باندھے وہ بہت خوبصورت لگ رہا تھا وہ خرد کو دیکھتا رہا جو آج اسے کچھ بجھی بجھی سی لگی تھی ۔۔

مایا نے اسلام سمجھ کر بہت محبت سے قبول کیا تھا ۔

وہ ایک ماہ بعد پاکستان لوٹ آئے تھے ۔

جہاں انکا استقبال کچھ اچھا نہیں ہوا تھا رافیعہ بیگم نے تو گالیوں بد دعاوں سے انکا خوب اچھے سے استقبال کیا تھا ۔

وہ دونوں چپ رہے تھے --

لائبہ آنکھوں میں آنسو لیے بھائی بھابھی سے ملی تھی جبکہ جزیل کو تو وہ اٹھا کر لوب پیار کر چکی تھی وہ لڑکا جی جان سے اسے پیارا لگا تھا ۔

افففف اللہ یہ اتنا پیارا کیوں ہے ۔

لائبہ بہت محبت سے بولی --

جبکہ مایا مسکرائی لائبہ کو دیکھ کر کہ وہ اس کے بھائی سے اتنی محبت سے ملی تھی کہ مایا کو وہ بہت اچھی لگی --

مایا اب اردو سمجھنے لگی تھی ہاں بول وہ اتنے اچھے سے نہیں سکتی تھی لیکن سمجھ جاتی تھی کہ اس نے اردو کی کلاسز لیں تھیں --

رافیعہ اور لیلیٰ کو تو وہ ایک آنکھ نہیں بھائ تھی --

رافیعہ کو تو وہ چھوٹا لڑکا بھی زہر لگا تھا ۔

خرد پیدل چلتی گھر آرہی تھی ۔

جب آہان ایک دم سے اسکے سامنے آیا تھا --

خرد رک گئی اور اسکے ہاتھ میں پسٹل کو دیکھنے لگی جو وہ طنزیہ مسکان سے انگلیوں پر گھما رہا تھا اس کے پیچھے دو اور آدمی تھے --

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

کیا چاہتے ہو !

وہ سپاٹ انداز میں بولی ۔

تمہاری موت ڈیئر تمہارے نکاح کا بہت پہلے سے پتا تھا لیکن چپ رہا کہ مجھ کونسا تمہارے نکاح سے فرق پڑھتا تھا لیکن نکاح نامہ بھیجنے کا بھی کوئی خاص فرق نہیں پڑا تمہاری زندگی میں تو سوچا تمہیں دنیا سے ہی اٹھا دوں آخر اپنے چاچو کی موت کا بدلہ بھی تو لینا ہے نا ۔

وہ پسٹل لوڈ کرتا ہوا کمینگی سے بولا ۔۔

خرد مسکرائی !

اپنے چاچو کی طرح گھٹیا ہی نکلے نا دیکھا دی نا اپنی اصلیت ۔

وہ پاکٹ میں ہاتھ ڈالتی طنز سے بولی ۔

ہاہاہا ۔

ابھی اصلیت نہیں دیکھی تم نے میری جان ۔

وہ اسکی طرف نشانہ باندھتے ہوئے بولا۔ ۔

جزیل تمہیں چھوڑے گا نہیں ۔

وہ غصے سے بولی۔

تمہارا جزیل اس وقت اسلام آباد ہے کل آئے گا ساری انفو لے کر آیا ہوں ۔

وہ پسٹل چلاتے ہوئے بولا ۔۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/Classicurdumaterial

خرد چیختی ہوئی نیچے گری تھی ----

ہاہاہا

آہان کا مکرو قہقہ فضا میں گونجا تھا۔

مایا خوش تھی شہریار کے ساتھ اشرف صاحب کا رویہ مایا کے ساتھ بہتر تھا جبکہ لائبہ کی تو جان تھی اپنی بھابھی میں --

جزیل احمد کا نام اشرف صاحب نے رکھا تھا جزیل کے ساتھ احمد انہوں نے اپنے خاندان کا نام لگایا تھا وہ انہیں بہت ہی پیارا بچہ لگتا تھا وہ گھنٹوں انکے کمرے میں کھیلتا رہتا اور وہ بھی مسکراتی آنکھوں سے بچے کو دیکھتے رہتے جس نے انکی تنہائی کو کم کر دیا تھا---

لائبہ اب بہت پریشان رہتی تھی مایا نے پوچھا بھی لیکن وہ سر درد کا بہانہ کر دیتی --

رافیعہ کو تو خدا واسطہ کا بیڑ تھا مایا اور جزیل سے --

جزیل کھیل رہا ہوتا تو جاتے جاتے اسے پاوں سے ٹھوکڑ مار کر گرا دیتیں چوری چوری تھپڑ مار دیتیں اور لیلیٰ تو ماں سے بھی دو ہاتھ آگے تھی ۔

وہ مایا پر خوب چلاتی جس پر اشرف صاحب نے اسے سمجھایا جس پر اس نے احتجاج کی صورت میں نس کاٹنے کی ایکٹنگ کی تھی ۔جس سے سب لوگ خاموش ہوگئے --

مایا انکی باتوں پر چپ رہتی کہ اللہ نے اسکی سب اذیتوں کے بدلے میں شہریار دیا تھا ایک باپ دیا تھا بہن دی تھی بھائی کا ساتھ تو وہ دنیا جہان کی نعمت سمجھتی تھی ۔

مایا ہونٹوں پر دلکش مسکان سجائے گارڈن میں اشرف صاحب کے ساتھ اسے کھیلتے ہوئے دیکھ رہی تھی جو بڑے سے بال کو ننھی سے کک مارتا اور اشرف صاحب دوڑ کر پکڑ کر لاتے ۔

وہ اوپر بالکنی میں کھڑی تھی ۔

یار بس کر دے اور کتنا دوڑائے گا ۔

اشرف صاحب نے ہانپتے ہوئے کہا۔

آپ میرے ساتھ اور کھیلیں نا دادا ۔۔

وہ یونانی لب و لہجے میں بولا تھا۔

نہیں اب کل کھیلیں گئے تھک گیا ہوں نا بچے ۔

وہ۔اسے اٹھا کر اندر لے جاتے ہوئے بول رہے تھے ۔

مایا گہری سانس لیتی پلٹی جب لیلیٰ کو دیکھ کر ٹھٹھکی ۔

شہریار میرا منگیتر تھا بہتر ہو گا اگر تم اسے چھوڑ کر چلی جاوں ورنہ تم پر اور تمہارے بھائی پر زندگی بہت تنگ کر دوں گئی جلا کر مار دوں گئی سمجھی تم ۔

لیلیٰ بھرپور نفرت سے غرا کر بولی ۔

آپ پلیزز ایسا کچھ مت کریئے گا میں نہیں جا سکتی یہاں سے میرا شہریار کے علاوہ کوئی نہیں ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/Classicurdumaterial/

مایا نے آنکھوں میں نمی لیے ڈرے سہمے لہجے میں کہا۔

دفع ہو جاو یہاں سے یہ گھر میرا ہے یہاں کے لوگ میرے ہیں تمہیں تو میں یہاں نہیں رہنے دوں گئی ۔

لیلیٰ نفرت سے اسے دھمکاتی ہوئی پلٹ گئی ۔

بھابھی آپ بھائی کو کہیں یہ انہی سے سیدھی ہوتی ہے ۔

لائبہ جو ابھی آئی تھی اسکی بات سن کر دھیمے لہجے میں بولی وہ فطرتاً بہت ڈرپوک تھی کسی کے آگے اس سے کوئی بات نہیں ہو پاتی تھی ۔

تم فکر مت کرو لائبہ یہ ٹھیک ہو جائے گئی ۔

تم اپنا دھیان رکھو کیا اس شخص کا پتا چلا تھا جس کا ایمرجنسی میں تمہارے ساتھ نکاح ہوا تھا ۔

مایا نے آدھے اردو اور آدھے انگلش میں اس سے فکرمندی سے پوچھا ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

نہیں بھابھی وہ کہی نہیں ملا ۔

نا میں گھم ہوتی اور نا بابا میرا لوگوں کے کہنے پر اس سے نکاح کرتے وہ تو تین دن رہ کر پتا نہیں کہاں گھم ہو گیا ۔

لائبہ بھرائے ہوئے لہجے میں بولی ۔

وہ پریگنٹ تھی ۔

لائبہ کالج کے ٹرپ پر گئی تھی جہاں وہ قدرت کے حسین منظر کو دیکھتی سب سے جدا ہو گئی تھی ۔

وہ روتے ہوئے وہی بیٹھی رہی جب جنید شیرازی کی اس سے ملاقات ہوئی ۔

جنید شیرازی کے ساتھ وہ ایک دن رہی کہ لائبہ کا فون اسکے فرینڈ کے پاس تھا جس میں سب کے نمبر تھے اسے کسی کا زبانی نمبر نہیں آتا تھا ۔

انہیں سفر کرتے رات ہو گئی لائبہ کے گھم ہونے کی خبر پورے خاندان میں پھیل گئی تھی سب اسے ڈھونڈنے نکل چکے تھے شہریار یہاں نہیں تھا۔

جنید شیرازی اسے لے کر دوپہر کے تین بجے اس کے گھر لایا جہاں سب پریشان تھے اسے جوان لڑکے کے ساتھ دیکھ کر سب بہت ہائپر ہوئے رافیعہ لائبہ پر لزام لگانے میں سب سے آگے تھی ۔

اسے خوب مارا پھر زبردستی جنید سے اسکا نکاح کروا دیا جو اسکے ساتھ تین دن رہ کر وہاں سے چلا گیا وہ شادی جیسے بندھن کو کچھ خاص اہمیت نہیں دیتا تھا ۔

لائبہ کو چار پانچ بار اس نے فون کیا پھر وہ رابطہ منطقع ہو گیا ۔۔

اب شہریار بھی اس شخص کو ڈھونڈھ رہا تھا لیکن وہ کہی نا ملا ۔

مایا نے سالن بنایا وہ سالن بنانا سیکھ چکی تھی ۔

وہ سالن بنا کر چلی گئ ۔

تب ہی رافیعہ آئی اور اسکے بنائے ہوئے سالن کو لے کر باہر نالے میں بہا آئی ۔

وہ اسے رات کو اشرف صاحب سے ڈانٹ سنوانا چاہتی تھی

تم کیا کر رہے ہو کچن میں تمہارے باپ کا گھر ہے یہ جو ادھر ادھر دندناتے رہتے ہو ۔

رافیعہ جزیل کو کچن میں دیکھ کر اس پر غصہ ہوئی پھر اسے تھپڑ لگا کر کچن سے بھگا دیا --

اسکی سفید گال لال ہو چکی تھی رافیعہ کے سخت تھپڑ سے ۔

وہ گال پر ہاتھ رکھے وہاں سے نکل گیا --

مایا اسے روتے دیکھ کر بھاگ کر آتی اسے اٹھا کر اندر لے گئی ۔

خرد لہرا کر نیچے گری تھی کیونکہ اس نے گولی اسکے پیر کے قریب ماری تھی ۔

ہاہاہا !

جزیل احمد کی خرد ڈر گئی کیا چچچ میں نے تو سنا ہے خرد رحمٰن کسی سے نہیں ڈرتی ۔

وہ تمسخر سے پرسوچ انداز میں بولا --

خرد گہری سانس لیتی اٹھی ۔

میں نہیں ڈرتی کمینے انسان ۔

وہ کانپتے لہجے میں بولی ۔

ٹھاہ !

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

اب کی دفع گولی اسکے کندھے کے قریب سے گزری تھی وہ زرا بھی ہلتی تو گولی اسکے کندھے میں گھس جاتی ۔

اب بھی نہیں ڈری خرد جی---

وہ پسٹل انگلی میں گھماتا طنز سے بولا ۔

جاو نہیں ڈرتی اگر ڈر گئی تو خرد جزیل کی نہیں رہے گئی چلاو گولی --

وہ اسکے قریب آتی ہوئی مضبوط لہجے میں بولی ۔

مرنے کا بہت شوق چڑا ہے جزیل کی خرد کو ہاں میں تمہیں ٹرپا ترپا کر مارنا چاہتا ہوں اس جزیل احمد کو نیچا بھی تو دیکھانا ہے تم مر گئی تو سمجھو وہ بھی مر گیا پھر بزنس کی دنیا میں صرف آہان منور شیرازی کا نام ہو گا ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

وہ بازو پھیلاتا ہوا مسکرا کر بولا ۔۔

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

ہاہاہا !

تم پاگل ہو آہان منور وہ تمہیں مار کر اس دنیا سے جائے گا نادان انسان ۔

وہ پاکٹ میں ہاتھ ڈالے اسکے قریب آتی ہوئی بولی ۔

تمہاری زبان بہت چل رہی ہے وہ پھنکارا تھا اس پر--

اگر تم۔سے ڈر گئی تو کتے اور خرد میں کیا فرق رہا بھلا !ایک پل میں میں ڈر گئی تھی لیکن دوسرے پل میں میں نے سوچا جزیل کی خرد کمزور نہیں پڑ سکتی وہ تم جیسے کتوں سے نہیں ڈرتی مارو کہاں مارنی ہے گولی ۔

وہ بالکل اس کے قریب آتی ہوئی بے تاثر لہجے میں بولی ۔

لیکن تمہیں مجھ سے کون بچائے ۔

پیچھے سے آتی آواز پر وہ پلٹا جہاں روبن پسٹل۔اسی کی طرح انگلی میں گھماتا سرد نظروں سے اسے دیکھ رہا تھا۔

او تو تم کرو گئے میرا مقابلہ ہاں جس سے آج تک مچھر تک نہیں مرا ۔

آہان منور نے تمسخر سے اسے دیکھتے ہوئے طنزیہ مسکان سے کہا۔

مجھے مچھر کو مارنا بھی نہیں مجھے تو تم جیسے شیطان صفت انسان کو مارنا ہے بلڈی تمہاری ہمت کیسے ہوئی میری بہن پر گولی چلانے کی۔

وہ اسکی شرٹ کھینچتے ہوئے غصے سے بولا ۔

تب ہی آہان منور کے آدمیوں میں اضافہ ہوا تھا ۔

او تو چوہے نے اپنے ساتھ اور چوہے اکھٹے کیے ہوئے ہیں ۔

روبن نے ہلکی مسکان سے کہا۔

ہاں میں چوہا ہوں اور تم کیا ہو یو باسٹرڈ ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial

آہان نے اسے دھکا مارتے ہوئے غصے سے کہا۔۔

تیری یہ جرات تم مجھے باسٹرڈ کہو۔

روبن نے اسے تھپڑ مارنے کی کوشش کرتے ہوئے کہا جب اسکے آدمی سرعت سے روبن کو قابو کر گئے تھے ۔

خرد تم جاو یہاں سے ان سے میں اچھے سے نمٹ لوں گا ۔

روبن نے انکی گرفت سے لود کو آزاد کروانے کی کوشش کرتے ہوئے ساکت کھڑی خرد سے کہا۔

خرد مسکرائی !

روبن خرد تمہیں اکیلے چھوڑ کر کہی نہیں جائے گئی ان سے خرد نمٹ سکتی ہے تم نہیں ۔

وہ روبن کا نیچے گرا پسٹل۔اٹھاتی ہوئی بولی ۔

وہ پسٹل کا رخ آہان کی طرف موڑ گئی تھی اور بنا کچھ سوچے اس پر گولی چلا دی جس نے بیٹھ کر اس کا وار خالی لوٹایا تھا ۔

تمہیں تو ڈائریکٹ اوپر پہنچاتا ہوں کمینی عورت ۔

وہ گولی اسے پر چلاتا ہوا بولا ۔

خرد !

روبن چلایا ۔

خرد کو وہ ایک جھٹکے سے اپنی طرف کھینچ چکا تھا۔

آہان منور نے ساکت نظروں سے اسے دیکھا جو بلیک سوٹ میں بلٹ بیلٹ باندھے بلیک نقاب کیے اسے عقاب کی نظروں سے دیکھ رہا تھا۔

وہ ایک جھٹکے سے خرد کو پیچھے کرتا اس پر ٹوٹ پڑا اسے ایک جھٹکے سے وہ تھپڑ پر تھپڑ مارتا اسے نیچے گرا چکا تھا۔

وہ ہونٹ بھینچے روبن کو قید کیے آدمیوں کی طرف بڑھا۔

وہ انہیں ایک ہی وار میں نیچے گرا چکا تھا۔

روبن دوڑ کر خرد کے پاس آیا وہ زبردستی خرد کو ساتھ لیجانے لگا تھا کہ جزیل احمد کی آنکھ کا اشارا وہ سمجھ چکا تھا۔

میں نہیں جاوں گی۔

وہ اس سے اپنا ہاتھ چھراتی پسٹل چلا گئی کیونکہ جزیل احمد کی طرف ایک آدمی گولی چلانے لگا تھا۔

روبن تم نے سنا نہیں میں نے کیا کہا ہے۔

وہ روبن پر سرد لہجے میں غرایا تھا۔

روبن جلدی سے اسے بانہوں میں اٹھتا دور کھڑی گاڑی کی جانب بھاگ گیا۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

خرد اس سے اپنا آپ چھڑانے کی کوشش کرتی رہی لیکن وہ اسے زبردستی گاڑی میں ڈالتا گاڑی بھاگ لے اڑا ۔۔۔۔

جزیل نے اب سیدھے ہو کر نیچے گرے آہان کو دیکھا آہان پسٹل اٹھانے ہی لگا تھا جب وہ اسکے ہاتھ پر اپنا بھاری بوٹ رکھ گیا ۔

اپنے آدمیوں سے کہو وہ جزیل احمد پر وار کریں ۔

وہ سرد لہجے میں بولا تھا اس سے

جس کے آدمیوں کے ہاتھ میں پسٹل تو تھی لیکن وہ اس پر وار نہیں کر پا رہے تھے وہ اس سے انجان تو نہیں تھے ۔

میں چھوڑوں گا نہیں تمہیں جزیل ۔

وہ کراہ کر بولا ۔

کیا کرو گئے، تم نے کیا سوچا میں خرد کو یوں چھوڑ جاوں گا ارے اتنا بے وقوف سمجھا تھا جزیل احمد کو وہ تو کب سے کھڑا تھا یہاں !میں اپنی خرد کو ڈرے ہوئے نہیں بہادر بنے دیکھنا چاہتا تھا تم جیسے گیدر سے میری خرد اگر ڈر جاتی تو جـــــــزیل احمد کے وجود پر لعنت ہوتی ۔۔

وہ اسکے منہ پر بھاری بوٹ مارتا پھنکارا تھا ۔

آہان منور کی درد ناک آواز پورے ویران میں گونجی تھی۔

چلاو آہان منور چلاو میری خرد کی اذیتوں کا ایسے ہی تو مداوا ہو گا اور چلاو ۔

وہ اسکے ہونٹوں پر لگاتا ر وار کرتا ہوا چلایا تھا ۔۔

اسے مارو ۔

آہان نے بھینچی ہوئی آواز پر اپنے آدمیوں کو آرڈر دیا لیکن اس کے آدمی وہاں سے بھاگ نکلے تھے ۔

ہاہاہا !

بچے تمہارے چوہے تو بھاگ نکلے جن کے سروں پر تم ناکام شیر بنے ہوئے تھے ۔

پچ پچ پچ پچ

بیچارا آہان منور ۔

وہ تمسخرانہ لہجے میں کہتا ہوا اسکے بازو پر گولی چلا چکا تھا ۔

جزیل احمد چھوڑ دو اسے ۔

اشعر کی پیچھے سے آتی آواز پر وہ گھوما ۔

کیا تمہارے کہنے پر میں اسے چھوڑ دوں گا سیریسلی ۔

وہ آئی برو اچکا کر بولا جس سے وہ اشعر کو ہونٹ بھینچنے پر مجبور کر گیا ۔

تم ایسے کسی پر تشدد نہیں کرسکتے اس ہمارے حوالے کردو ہم اس سے نمٹ لے لیں گئے ۔

اشعر اپنی فورس کے ساتھ تھا وہ بھی پسٹل ۔تانے بولا تھا ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

تم چلاو گولی اشعر ملک لیکن میں اسے نہیں چھوڑوں گا چاہے ساری دنیا کی پولیس آجائے ۔ انسپکٹر مجھے اس سے بچا لیں ۔

آہان منور درد بھرے لہجے میں اشعر سے منت کرنے لگا تھا ۔

تمہیں مجھ سے کوئی نہیں بچا سکتا تمہیں ڈھیل تمہاری حد دیکھنے کے لیے دی تھی خرد کو تو تم چھو بھی نہیں سکتے تھے یہ کیوں بھول گئے تھے جزیل احمد کی چار آنکھیں ہیں ۔

وہ اسکے پاوں پر گولیاں مارتے ہوے غرایا تھا ۔

جزیل تم کچھ نہیں کروں گئے اب ۔

وہ سر کی آواز پر مڑا ۔

جو وردی میں ملبوس اسی کی طرف چلے آرہے تھے ۔

جزیل نے انہیں دیکھ کر غصے سے اشعر کو دیکھا ۔

اُسے مت دیکھو تمہارے سارے کارنا موں سے آگاہ رہتا ہوں میں ۔

وہ دانت پیستا رہ گیا۔

پھر ہلکی سی مسکان سے سر ہلاتا وہ آخری گولی اسکے کندھے پر مار چکا تھا ۔۔

آہ ہ ہ ہ

آہان منور چیختا ہوا بے ہوش ہو چکا تھا ۔۔

سوری سر خوبخود چل گئی۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/Classicurdumaterial/

وہ مصنوعی تاسف سے بولا جس پر آفسر شرجیل اشعر کے ڈیڈ نے اسے تگڑی گھوری سے نوازا ۔

وہ سیکریٹ ایجنٹ تھا۔

شرجیل ملک اسکے سر اور سرپرست تھے جو شہریار کے دوست تھے انہوں نے ہی اسے سنبھالا تھا وہ انکی بہت عزت کرتا تھا ۔

اشعر اسے ہسپٹل لے کر چلو اُس خبیث پر کوئی الزام نا آئے ۔

وہ اپنے بیٹے سے بولے اینڈ پر اسے گھورا جو پاکٹ میں ہاتھ گھساتا ہوا گاڑی میں بیٹھ کر زن سے غائب ہوا تھا ۔

شرجیل ملک کی ڈانٹ کون سنتا وہ شاطر غائب ہو چکا تھا ہمیشہ کی طرح ۔۔

آپکے لاڈ پیار نے اسے بہت بیگاڑ دیا ہے اور اب مجھے بھی دھمکیاں دیتا ہے۔۔

اشعر خفگی سے بولا ۔

جواباً وہ اسکی گاڑی کو غائب ہوتے دیکھ کر مسکرا دیئے کہ یہ شکواہ سب کو ہمیشہ رہتا تھا شرجیل ملک سے ۔۔

وہ سو رہی تھی جب اپنے اوپر بلینکٹ اوڑھے جانے پر اسکی آنکھ کھل گئی تھی۔

خرد نے اسکی کلائی سرعت سے پکڑی ۔

وہ جاتے جاتے رک گیا تھا۔

وہ پلٹا تھا اسکی طرف ۔

تم ٹھیک ہو !

وہ ایک جھٹکے سے اس کی طرف آتی اسے چھوتی ہوئی بولی ۔

تمہارے جزبیل کا گیدر کچھ نہیں بیگاڑ سکتے تم ٹھیک ہو ۔

وہ اسکے گالوں پر اپنی ہتھیلیاں رکھتے ہوئے نرم لہجے میں بولا ۔

میں ٹھیک ہوں !

وہ گالوں پر رکھے اسکے ہاتھوں پر ہاتھ رکھتی سر ہلا کر بولی ۔

سات دن رہ گئے ہیں ہماری شادی میں ۔

وہ اسکی ناک پر ہونٹ رکھتا محبت سے بولا ۔

میں اپنے ڈیڈ کو چھوڑ کر نہیں جاوں گئی اگر مجھے ساتھ لے جانا ہے تو انہیں بھی ساتھ لے جاو نا ۔

وہ اسکے ہاتھ تھامتے ہوئے بولی ۔

وہ جواباً مسکراتے ہوئے اسے سینے کے ساتھ لگا گیا تھا ۔

اسکی خرد کی انوکھی فرمائشیں ہوتیں تھیں--

Classic Urdu Material
https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

تم اور خرد کتنے میسنے ہو مجھے بتایا تک نہیں کہ تم اسکے بھائی اور وہ تمہاری بہن ہے اور وہ جو آدمی ہے تمہارا ماموں ۔

وہ خود پر کمبل ٹھیک کرتے اسے اندر آتے دیکھ کر بولی ۔۔

مجھے پتا تھا لیکن خرد کو نہیں موٹی بلی ۔۔

وہ اسکے منہ پر اپنی جیکٹ پھینکتے ہوئے بولا ۔

موٹی مت کہا کرو مجھے میرے سر بلال ۔

ایک لفظ اور اگر کہا تو صبح جم جا کر اسے وہ پیٹوں گا کہ یاد رکھے گا وہ سالہ ۔

وہ اسکے لبوں پر انگلی رکھتا غرایا تھا۔

مرحہ ساکت سی بہت پاس سے اسکا خوبصورت چہرہ دیکھتی رہی مرحہ کی آنکھیں بہت محویت سے اسکے چہرے کو دیکھ رہیں تھیں۔

وہ پھر گھبرا کر اسکی انگلی جھٹکتی خود پر کمبل اوڑھ گئی۔۔۔

روبن نے گھور کر کمبل میں گھم ہوئے وجود کو دیکھا ۔

میرے سر بلال یہ کہتے ہیں میرے سر بلال وہ کہتے ہیں ۔۔

اب اگر کہا تو اسکی زبان کھینچ لوں گا مشرقی مرد ہوں مجھے میرے چہرے سے نا دیکھو اندر سے تو میں پورا مشرقی ہوں ۔

وہ کہتا ہوا واش روم میں گھس گیا ۔

ہیں !

وہ کمبل میں حیرت سے بولی ۔

بیٹا یہ کیسے قرآن پاک پڑھ رہے ہو ۔۔

اشرف صاحب نے جزیل کو سورتّ المریم پڑھتے دیکھ کر پوچھا ۔

دادا ابو ٹھیک سے تو پڑھ رہا ہوں میں ۔

وہ خفگی سے بولا۔۔

اونہہ قرآن پاک کو ہمیشہ ترجمے کے ساتھ پڑھنا چاہیئے ایسے تو تمہیں پتا نہیں چلے گا اللہ کیا ارشاد فرما رہا ہے وہ اپنے بندے سے کیا کہہ رہا ہے ۔

اشرف صاحب اسکے براون بالوں کو محبت سے سنوارتے ہوئے بولے ۔

مایا بھی مسکراتے ہوئے انکے قریب بیٹھ گئی تھی۔

پتا ہے ایک مائی تھی اسکا بیٹا آوٹ آف کنٹری رہتا تھا وہ مائی اکیلی تھی اور ان پڑھ وہ بھوک و افلاس سے زندگی گزار رہی تھی۔

Classic Urdu Material
https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

اسکا بیٹا ہر مہینے اسے خط بھیجتا جسے وہ کھولے بغیر رکھ دیتی کہ وہ کونسا پڑھنا جانتی ہے خیریت ہی لکھی ہو گئی بیٹے نے ۔

کچھ عرصے بعد وہ مائی انتقال کر گئ ۔

اب شلف پر رکھے خطوں کا ڈھیر لوگوں نے کھولا تو پتا ہے ان میں سے کیا نکلا۔ ۔

وہ سوالیہ نظروں سے اسے دیکھتے بولے ۔

جس پر جزیل نے معصومیت سے کندھے نفی میں اچکائے ۔

ان لفافوں میں پیسے تھے اب وہ جو خط کھولتے اسی میں سے پیسے نکلتے تو ہمیں سبق یہ ملتا ہے کہ اگر وہ مائی ٹھیک سے کھول کر دیکھتی یا وہ پڑھی لکھی ہوتی تو وہ اتنی بھوک افلاس میں زندگی نا گزارتی ۔

اسی طرح ہم قران پاک کو بنا سمجھے بنا تفسیر کے پڑھیں گئے تو ہمارا بھی یہی حال ہو گا کہ ہمیں کیا پتا اللہ اپنے کونسے کونسے انعام بتا رہا ہے یا وہ ظالموں کے لیے کیا عذاب کی وعید سنا رہا ہے وہ کی کہہ رہا ہے اپنے بندے سے ، اس لیے قران پاک کو ہمیشہ ترجمے سے پڑھیں تاکہ ہم اسکا ٹھیک سے حق ادا کریں اور ہمیں بھی فائدہ پہنچے ایسے ہمیں پڑھنے میں بھی نزہ آئے گا اب سے آپ ہمشہ قرآن پاک ترجمے اور تفسیر سے پڑھیں گئے ۔۔

وہ مسکرا کر بولے ۔

جس پر جزیل نے زور زور سے سر ہلایا اور مایا نے بھی دل میں پکا ارادہ کیا کہ وہ قرآن ہمیشہ ترجمے اور تفسیر سے پڑھے گئ ۔

بیٹا ،لائبہ کہاں ہے ۔

وہ مایا کی طرف متوجہ ہوئے ۔

ابو وہ سو رہی ہے طبیعت کچھ ٹھیک نہیں ہے اسکی ۔

مایا فکرمندی سے بولی ۔

جس پر وہ پریشانی سے گہری سانس بھرتے رہ گئے ۔

ان کا ایک غلط فیصلہ انکی بیٹی کی زندگی خراب کر گیا تھا۔

خرد نے مسکرا کر گہرا سانس بھرا ۔۔

وہ شاپنگ پر آئی تھی آج مرحہ عالیہ بیگم اور صفورا بیگم کے ساتھ وہ سب با ضد تھیں کہ وہ مشرقی ڈریس لے جبکہ وہ ہونٹ چڑھائے ٹھوڑی پر ہاتھ رکھے کھڑی تھی ۔

سوچ کیا رہی ہو اب کیا تم شادی پر یہ پینٹس شرٹ اور دو پونیاں کیے رکھو گئی ہاں !

آرام سے لڑکیوں والے ڈھنگ کے لباس پسند کرو ورنہ بہت مار کھاو گئی مجھ سے ۔۔

صفورا بیگم نے غصے سے کہا جو ڈیٹھ بنی منہ بسور کھڑی تھی ۔

مما میں یہ نہیں پہنوں گئی آپ جو چاہے کریں بھلا میں ان میں کارٹوں نہیں لگوں گئی اچھا ہے نا لوگوں کو ڈیفرنٹ سی دلہن دیکھنے کو ملے گئی ۔

وہ پونیوں سے چھڑ چھاڑ کرتی ہوئی بولی ۔

خرد تم کب سدھرو گئی ۔

مرحہ نے اسے گھور کر کہا۔

کبھی نہیں !

وہ منہ بناتے ہوئے بولی ۔

مرحہ کرنے دو اسے نخرے چلو آو ہم خود اس کے لیے کچھ پسند کر لیتے ہیں ۔۔صفورا بیگم نے غصے سے اسے گھورتے ہوئے مرحہ کو مخاطب کیا ۔

جس پر وہ تینوں اوپر والے فلور پر چلیں گیئں۔

خرد نے وائٹ پینٹ پر وائٹ ہی شرٹ اوپر گھٹنوں تک آتا بلیک جھالی والا گون پہنا ہوا تھا جو آگے سے کھلا ہوا تھا نیچے بلیک شوز ۔

اس پر ایسے ڈریس سوٹ بھی تو بہت کرتے تھے ۔

وہ چپکے سے مال سے نکل کر

باہر آ گئی ۔

Classic Urdu Material
https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

خرد نے آئس کریم لی اور چلتی ہوئی ان تنگ گلیوں میں مڑ گئی جہاں اس نے ایک بار اسے جاتے دیکھا تھا پسٹل پینٹ کی پاکٹ سے جھانک رہا تھا ۔۔

وہ لکڑی کے مضبوط دروازے کو دیکھتی آگے نکل گئی جہاں وہ اسے اٹھا کر بھاگا تھا۔

وہ دروازہ آج بھی کھلا تھا جہاں سے وہ اسے تنگ گلی سے کھلے میدان میں لے آیا تھا ۔

خرد دروازے سے اندر آگئی اندر بہت اندھیرا تھا ۔

وہ لبوں کو بھینچتی ہوئی اس لکڑی کے کمزور دروازے سے باہر نکل آئی ۔

وہ مسکرائی !

خوبصورت ماحول کھلا میدان درخت جنگلات ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا اسے مسکرانے پر مجبور کر گئی تھی ۔

https://www.classicurdumaterial.com/

اسکے ہونٹوں پر ہلکی سی مسکان تھی وہ اسے دو دن سے کہی نہیں دیکھا تھا روبن نے بتایا تھا وہ کسی کام سے کراچی گیا ہوا ہے ۔۔

Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial

وہ دو دن اسے کہی نہیں دیکھا تھا تو اس کا دل اداس تھا اس کے بغیر ۔۔

وہ پیلے پتوں کے چھوٹے سے پودے کے پاس آتی ٹھہر سی گئی ۔۔

خرد !

پیچھے سے آتی آواز پر وہ ایک دم مڑی تھی۔

خرد نے حیرت سے اسے دیکھا جو براون شرٹ جس کے بازو ہاف تھے نیچے بلیک پینٹ براون شوز جو اسکی پنڈلیوں تک جاتے تھے براون واچ باندھے وہ انتہا کا حسین لگ رہا تھا ۔

وہ بازو پھیلا گیا تھا اسکی طرف ۔

خرد ہلکی مسکان سے ٹھہر سی گئی تھی ۔

وہ پھر کھل کر مسکراتی اسکے پاس بھاگ کر آئی تھی اسکے سینے میں سماتی وہ اپنی بانہیں اسکے گرد باندھ گئی تھی ۔

وہ جھک کر اسکے بالوں پر ہونٹ رکھتا مسکرایا___

مجھے مس کیا !

وہ دھیمے لہجے میں بولا تھا ۔

بالکل نہیں !

وہ بھی دھیمے لہجے میں بولی ۔

میں نے بھی تمہیں بہت مس کیا! خرد میں کب سے تمہارے پیچھے تھا جب تم اس طرف مڑی تو میں ٹھٹھکا کہ کوئی کسی سے اتنا بھی پیار کر سکتا ہے ۔

وہ اسکا چہرہ ہونٹوں سے چھوتا ہوا بولا ۔

نہیں تو میں تو ویسے ہی چہل قدمی کرنے یہاں چلی آئی تھی۔

وہ جھوٹ بولتی اس سے دور ہوئی تھی۔۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

خرد آو چلیں !

وہ اسکا ہاتھ تھامتا ہوا بولا پھر اسے لیے وہ آگے بڑھتا گیا اور وہ ہلکی مسکان سے اسکے ساتھ چلنے لگی ۔

"تیری یاد بہت اب آنے لگی ہے
اک جان ہے وہ اب جانے لگی ہے
تنہا تنہا ہم رہنے لگے۔۔۔
تنہائی بڑی اب تڑپانے لگی ہے
تیری یاد بہت اب آنے لگی ہے
اک جان ہے وہ اب جانے لگی ہے"

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

اسکے دھیمے سے گنگنانے پر وہ ساکت ہوئی تھی ۔
پھر ایک دم سے اسکے سامنے آئی وہ حیرت سے اسے آنکھیں پھاڑے دیکھ رہی تھی جیسے یقین نا کر پا رہی ہو کہ یہ گنگنا بھی لیتا ہے

۔

وہ پاکٹ میں ہاتھ ڈالے ہلکی مسکان سے کھڑا اسے دیکھ رہا تھا آنکھوں میں شرارت سی تھی ۔

تم گانا بھی گاہ لیتے ہو۔۔۔

وہ کمر پر ہاتھ رکھتے ہوئے ا

حیرت سے بولی ۔

نہیں میں تو نہیں گنگنایا ۔

وہ کندھے اچکاتے ہوئے بولا۔

جھوٹ مت بولا سمجھے تم ہی گاہ رہے تھے ۔

وہ غصے سے بولی ۔

اسلام آباد تم سے دو دن دور رہا اور یہ گانا میں نے اپنے دوست کے موبائیل پر سنا تو بس زہن میں ہی کہی اٹک گیا تھا اب تمہیں دیکھا تو اچانک سے یاد آگیا اور تمہارے لیے گنگنا دیا ۔۔

وہ سنجیدگی سے بولتا چلنے لگا جبکہ خرد اسے دیکھتی الٹے قدم چلنے لگی ۔

خرد گانا گانا آتا ہے ۔

وہ اسے دیکھتے ہوئے چلتا دھیمے لہجے میں بولا ۔

نہیں !

وہ منہ بناتے ہوئے بولی ۔

جس پر وہ مسکرایا ۔

تم بہت اچھا گاتے ہو ایک بار پھر سے گنگناونا پلیززززز۔۔۔

Classic Urdu Material
https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial

وہ اسکے ہم قدم ہوتی اسی کی طرح پاکٹ میں ہاتھ ڈالتی ہوئی بولی ۔

جواباً وہ مسکراتا ہوا سر نفی میں ہلا گیا ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جس پر وہ اسے گھور کر رہ گئی ۔

*

مرحہ چشمہ اتارتی حیرت زدہ سی ہوئی اسے اپنے جم دیکھ مر جو بلیک پینٹ پر ریڈ ٹی شرٹ اوپر بلیک جیکٹ بلیک شوز پہنے بہت ہینڈسم لگ رہا تھا حتیٰ کہ سب لڑکیاں اسکی طرف ہی متوجہ ہو چکیں تھیں۔

تم یہاں کیا کر رہے ہو۔

مرحہ اسکی طرف آتی ہوئی حیرت سے بولی۔

تمہارے سر بلال سے ملنے ۔

وہ کندھے اچکاتے ہوئے بڑے ریلیکس بھرے لہجے میں بولا ۔

کیوں ملنا چاہتے ہو میرے میرا مطلب ہے سر بلال سے ۔

مرحہ نے بھوکھلاتے ہوئے پوچھا۔

بس ایسے ہی ، کیا یہی ہے جو سامنے سے آرہا ہے جس کی شکل کوئے جیسی ہے ۔

وہ سامنے بلیک تھری پیس سوٹ میں آتے بلال کو دیکھ کر غصے سے بولا۔۔

تمیز سے بات کرو سمجھے ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/Classicurdumaterial/

مرحہ نے نیچی آواز میں اسے چپ کروایا ۔

مرحہ آپ کھری کیوں ہیں اور یہ کون ہے ۔

بلال مرحہ سے مخاطب ہوتا ابراز کو دیکھ کر بولا۔۔

یہ سر !

ایک منٹ مرحہ ان سے میں اپنا تعارف خود کرواوں گا ۔

وہ اسکی بات بیچ میں ہی کاٹتا ہوا بلال کو گھورتا ہوا سرد لہجے میں بولا۔ ۔

بلال نے سنجیدگی سے اس غصے والے لڑکے کو دیکھا ۔

میں ابراز احمد مرحہ کا ہسبنڈ میں یہ کہنے آیا تھا میری بیوی آپ جیسے نکارا لوگوں کے جم میں نہیں آئے گئی اور تمہیں تو خود ورزش کی ضرورت ہے تم بھلا میری بیوی کو کیا پتلا کرو گئے اور دوسری بات پرائی لڑکیوں سے دس قدم کی دوری پر رہا کرو اتنا ہی لڑکیوں کو گرومنگ سٹائل کا بتانے کا شوق چڑہا ہے تو گھر والوں سے کہہ دو کردیں تمہاری شادی دوستوں کی بہن بیٹیاں محفوظ رہیں گئی تم جیسے نظر باز سے ۔۔

وہ تو آتے ہی شروع ہو گیا تھا مرحہ کھلے منہ سے جبکہ باقی سب حیرت سے اس لڑکے کو دیکھ رہے تھے بلال تو بہت غصے سے ابراز کو دیکھ رہا تھا بھلا وہ کب سے نظرباز ہو گیا تھا۔

او مسٹر منہ سنبھال کر بات کرو ۔

بلال نے غصے سے اسکی زبان کو لگام دینی چاہیئے ۔

اور اگر نا سنبھالوں تو کیا کر لو گئے ہاں میرا بھائی ایک منٹ میں تمہارا یہ نکما جم نیچے گر دے گا بات کرتا ہے موٹا سانڈ ۔۔

وہ غصے سے بولا۔ ۔

افففف یہ دونوں بہن بھائی کہاں سے ایسے الفاظ سیکھتے ہیں ۔۔

مرحہ نے غصے سے سوچا۔ ۔

گیٹ آوٹ فرا م ہیئر ۔۔

بلال باہر کی جانب اشارا کرتے ہوئے غصے سے بھینچے ہوئے لہجے میں بولا۔

تمہارے اس جم میں تو میں ایک منٹ نا رکوں سڑا ہوا جم اوپر سے اولڈ فیشن ارے چلو مرحہ ہم تو یہاں قدن تک نا رکھیں یہ تو میری بیوی کو ہی شوق چڑہا تھا۔

وہ غصے ہونق بنی مرحہ کی کلائی پکڑ کر کہتا ہوا پلٹ گیا ساتھ اسے بھی گھسیٹ رہا تھا۔

مرحہ نے پلٹ کر بلال کو معذرت طلب نظروں سے دیکھا جواباً وہ غصے سے سر جھٹکتا ہوا اندر اپنے آفس میں چلا گیا ۔۔۔۔

میرے اللہ مجھے صبر دے یہ کیا تھا ہاں شرم نہیں آتی تمہیں کیا کیا بول کر آگئے میں اب سر بلال سے کیسے نظریں ملاوں گئی۔ ۔

مرحہ نے غصے اپنی کلائی چھڑاتے ہوئے چیخ کر کہا۔

تمہیں بڑا شوق ہے سر بلا سے نظریں ملانے کا ، مشرقی مرد ہوں آئندہ اگر زبان پر اس لومڑی کی شکل والے کا نام آیا تو زبان کھینچ لوں گا سر بلا یہ سر بلال میرے وہ ارے میں نے بھی سوچا پتا نہیں کتنا ہینڈسم ہو گا جو پہلوان ہر وقت اسکی گردان لگائے رکھتی ہے لیکن یہاں تو وہ کہاوت ہے کھودا پہاڑ نکلا چوہا وہ بھی مرا ہوا ۔۔

وہ غصے سے ہاتھ نچاتا ہوا بولا ۔

مرحہ تو حیرت سے کھلے منہ سے اسکی چلتی زبان کے جوہر دیکھ رہی تھی ۔۔

ایک نمبر کے واحیات انسان ہو اور اب مجھے اگر پہلوان بولا تو کچا چبا جاوں گئی دور فٹے منہ انگریز صفت انسان بولنے کی تمیز ہی نہیں ۔

چپ کرو جہنیمی عورت مار مار کر بھرتا بنا دوں گا گاڑی میں بیٹھو ورنہ نیچے دے جاوں گا ۔

وہ گاڑی میں بیٹھتا ہوا غصے سے بولا۔ ۔

مرحہ نے اسے ہزاروں گالیوں سے نوازا پھر گہری سانس لیتی ہوئی ء گاڑی میں آئی جو ہارن پر ہارن بجا رہا تھا ۔۔

مایا کو ڈاکٹر نے خوشخبری سنائی تھی شہریار اور لائبہ تو بہت خوش تھے جبکہ اشرف صاحب کو ابھی نہیں بتایا تھا کہ تینوں کو شرم آرہی تھی انہیں بتانے میں ۔

وہ دونوں بالکنی میں کھڑے جزیل کو دیکھ رہے تھے جو اپنے چھوٹے چھوٹے ہاتھوں سے کیاریوں میں لگے پودوں کو پانی دے رہا تھا ۔۔

جزیل بہت خوش ہے یہاں آکر۔

مایا نے بھائی کو دیکھتے ہوئے شہریار سے کہا ۔

ہاں اور اسے دیکھ کر میری مایا بھی تو بہت خوش ہے ۔

شہریار نے محبت سے کہا۔

میں تو آپ کو دیکھ کر بھی خوش ہوتی ہوں ۔۔

وہ کافی کا سپ لیتی ہوئی شرارت سے بولی ۔

وہ جواباً اسے دیکھتا مسکرایا ۔

آپ کا بہت سارا ٹھینکس آپ نے میرے بھائی کو قبول کیا اسے خوشیاں دیں اور مجھے ایکسیپٹ کیا ۔

مایا نے اسکے ہاتھ اپنے ہاتھوں میں لیتے ہوئے محبت بھرے انداز میں کہا ۔

مایا اب کبھی نا کہنا کہ میں نے تمہیں قبول کیا اور جزیل کو میں اپنا بیٹا سمجھتا ہوں یار، اسکے آنے سے لائبہ، ابو کتنے خوش رہتے ہیں سب کو خود میں الجھائے رکھتا ہے وہ ۔

وہ مایا کا سر چومتا نرم لہجے میں بولا۔ ۔۔

مایا مسکرائی !

آپ بہت اچھے انسان ہیں ۔

مایا نے جواباً اسکے کندھے سے سر اٹکاتے ہوئے کہا ۔۔

Classic Urdu Material
https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

واوا بھئی واوا کیا بے شرمی ہے اب چھت پر کھلم کھلا یہ بیہودہ سین ہوں گئے ارے وہ تو ہے ہی بے شرم ملک کی بے شرم پیداوار لیکن تم شہریار تم کہاں سے اسکے بیہودہ نقش قدم پر چلنے لگے ہو کیا تمہیں نہیں پتا یہاں ایسی چیزوں کو کتنا ناپسندیدگی سے دیکھا جاتا ہے --

رافیعہ بیگم آتے ہی شروع ہو گئی تھی ۔

وہ تو پہلے ہی موقع ڈھونڈھ رہی تھی مایا کی بے عزتی کرنے کا موقع مل گیا تھا تو پھر بولنا تو انکا فرض تھا ۔

پھپھو اگر بول لیا ہو تو پلیز ہمیں اکیلا چھوڑ دیں اور آپ مجھے جو مرضی کہہ لیں لیکن میری بیوی سے آئندہ اس ٹون میں بات نا کرئے گا نا ہی وہ بے شرم ہے۔

شہریار نے لب بھینچتے ہوئے غصے کو کنٹرول کرتے ہوئے کہا وہ مایا کی آنکھوں میں نمی دیکھ چکا تھا اس لیے اس نے سرد لہجے میں پھپھو سے کہا۔

رافیعہ نے حیرت سے اسے دیکھا ۔

اور دوسری بات میاں بیوی میں پرائیوسی نام کی کوئی چیز ہوتی ہے آپ اور آپکی بیٹی جہاں چاہے بنا نوک کیے چلے آتے ہیں ۔

وہ سنجیدگی سے کہتا ہوا مایا کا ہاتھ تھام کر ساتھ لے گیا پیچھے رافیعہ نے غصے سے اسے خوب کوسا جو انکے ہاتھ سے پوری طرح نکل چکا تھا --

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

خرد آج کچن میں تھی صفورا اسے زبردستی اپنے ساتھ کھڑا کیے کوکنگ کی کچھ سمجھ بوجھ کروا رہیں تھیں۔

بس کردیں نا اب میں تھک چکی ہوں آپ نے تو صبح سے میری جان ہی عذاب میں ڈال رکھی ہے!

میں نہیں کر رہی یہ کوکنگ وکنگ ۔

وہ منہ بناتے ہوئے بولی ۔

خرد آرام سے کھڑی رہو اور دیکھو مجھے غور سے میں کیا کیا ڈال رہیں اور کیسے پکا رہی ہوں راج کے ہڈ حرام ہو تم! لڑکیوں کو کتنا شوق ہوتا ہے سجنے سنوارنے کا کوکنگ کا لیکن تم میں تو پتا نہیں کونسی روح گھس گئی ہے ۔

صفورا بیگم ساتھ ساتھ اسے ڈانٹ بھی رہیں تھیں جو نائٹ سوٹ میں تھی بالوں کی پونیاں ڈھلی ہو چکیں تھیں پنک نائٹ سوٹ جس پر کارٹون بنے ہوئے تھے نیچے بھالوں شیپ کے بنے بوٹ وہ سخت جھنجھلاہٹ سے اپنی ماں کو دیکھ رہی تھی جن کو دنیا کی سب برائیاں اپنی بیٹی میں ہی نظر آتیں تھیں ۔

وہ سر جھٹک کر انکی طرف دیکھنے لگی جو کچن کے دروازے پر کھڑے اسے دیکھ رہے تھے جنید صاحب اسکی طرف بڑھے ۔

بیٹا ایک بار مجھے اپنے ہونٹوں سے بابا کہہ دو یار پھر میرے سینے سے لگ جاو میں مر جاوں گا

بیٹا میں مر جاوں گا --

وہ ہاتھ جوڑتے ہوئے رو دیئے تھے ۔

صفورا بیگم بھی کوکنگ چھوڑے انہیں پریشانی سے دیکھنے لگی تھی --

خرد کے دل کو کچھ ہوا تھا خون خون کو پکارتا ہے وہ صفورا بیگم کو دیکھنے لگی جنہوں نے اسے اشارا کیا تھا ۔

وہ انکا اشارا سمجھتی انکے جوڑے ہوئے ہاتھوں کو کھول گئی پھر انکے سینے سے لگ گئی ۔

جنید صاحب ساکت ہوئے تھے ۔

وہ حیرت سے نکلتے اپنے آنسو پونچھتے ہوئے اسکا چہرہ اسکے بال اسکے ہاتھوں کو بار بار چومنے لگے ۔

خرد نے بھی انکے ماتھے پر ہونٹ رکھے اسے ایسے لگا تھا جیسے وہ نامکمل سے مکمل ہو گئی ہو ۔

اب آپ روئیں گئے نہیں میں نے آپ کو معاف کیا لیکن امی کی معافی کا میں کچھ نہیں کہہ سکتی لیکن آپ نے اب رونا نہیں میرے دل کو کچھ ہوتا ہے --

وہ انکے گالوں پر ہتھیلی رکھتی معصومیت سے بولی ۔

وہ جواباً سر ہلاتے اسے پھر سے اپنے سینے سے لگا گئے تھے ۔

صفورا بیگم اور کچن کے دروازے سے ٹیک لگائے رحمٰن صاحب مسکرائے تھے انہوں نے ہی تو بیٹی کو سمجھایا تھا کہ جب کوئی سچے دل سے معافی مانگے تو اسے معاف کر دینا چاہیئے ۔انکی

بیٹی انکی ہر بات مانتی تھی نہیں مانتی تھی تو لوگوں پر تشدد کرنے والی بات وہ ڈیٹھ بھی تھی اور نرم دل بھی ۔۔

مہک نے بےتاب نظروں سے اس شاندار شخص کو دیکھا جو اسکی طرف نظر اٹھا کر نہیں دیکھتا تھا ۔

مہک خود پر اچھے سے پرفیوم چھڑکتی ریڈ لپسٹک کو اور ڈارک کرتی وہ جلدی سے سیڑیاں اترتی گارڈن میں آئی جہاں وہ شرٹ اتارے ورزش کرنے میں مصروف تھا ۔

مہک بی بی نظروں کو لگام دو اور جتنی جلدی ہو سکے میرے بھائی کا پیچھا چھوڑ دو تو یقین کرو تمہارے لیے یہ بہت بہتر ہو گا ۔۔

https://www.classicurdumaterial.com/

وہ بنا اسے دیکھے اپنے کام میں مصروف سپاٹ لہجے میں بولا تھا۔

Support@classicurdumaterial.com

مہک بھوکھلائی پھر مسکرائی ۔

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial

تمہارے بھائی کا پیچھا میں شوق سے چھوڑ سکتی ہوں اگر تم مجھے مل جاو ورنہ میں کسی صورت اسکا پیچھا نہیں چھوڑوں گئ ۔

مہک اسکے قریب آتی کندھے اچکا کر بولی ۔۔

وہ ڈمبل ایک سائیڈ پھینکتا تیز قدموں سے اسکی طرف بڑھا۔

مہک گھبرا گئ ۔

وہ ایک ہی جھٹکے سے اسکی گردن کو ہاتھوں میں جھکڑ چکا تھا ۔

مہک نے ساکت نظروں سے اسے دیکھا ۔

کمزور عورت اپنے سستے جزبات اپنے جیسے لوگوں پر یوز کرو میرا دل کر رہا ہے ابھی تمہیں زمین کے اندر گھاڑ دوں ۔

وہ پھنکارا تھا اس پر جس سے وہ اپنی گردن چھڑاتی ہوئی ساکت ہوئی ۔

یہ کیا ہو رہا ہے ۔

اسکی آواز پر وہ اسکی گردن چھوڑتا اسکی طرف متوجہ ہوا جو پاکٹ میں ہاتھ ڈالے دونوں کو گھور رہی تھی ۔۔

مہک کھانستی ہوئی خرد کو دیکھنے لگی وہ اسکی موجود گی سے حیران تھی بھلا روبن کے بھائی سے اس کا کیا تعلق ۔۔

کچھ نہیں بس اسکے پیچ ڈھیلے تھے وہی کس رہا تھا ۔

وو شرٹ اٹھا کر پہنتا ہوا بولا۔

خرد کمر پر ہاتھ رکھے دونوں کو دیکھتی حیرت زدہ سی تھی بھلا یہ بلا یہاں بھی پہنچ چکی تھی لپ سٹک کی دکان منحوس ماری ۔

وہ اسکے رنگے ہوئے ہونٹوں کو دیکھتی ہوئی غصے سے بڑبڑائی ۔۔

خرد چلو اندر آو ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/Classicurdumaterial

وہ اسے بازو سے تھامتا ہوا اندر لے گیا ۔

جبکہ مہک گلا مسلتی ہوئی دونوں کو پر سوچ انداز میں دیکھتی رہی ۔۔

مہک سے دشمنی اور خرد رحمٰن سے دوستی ۔

وہ غصے سے بڑبڑائی ۔

یہ منحوس یہاں کیا کر رہی ہے، اور تم شرٹ اتارے کس خوشی میں اسکے گلے کی مالش کر رہے تھے ۔۔

وہ اسے کافی کا سامان نکالتا دیکھ کر غصے سے بولی ۔

وہ جواباً بنا کچھ بولے اپنے لیے کافی اور اسکے لیے دیگچی میں چائے کا پانی چولہے پر رکھ رہا تھا ۔

میسنے آنکھوں کے کمزور ہاتھوں کے مضبوط جو میں باہر دیکھ رہی تھی وہ سب کیا تھا کیسے وہ للچائی ہوئی نظروں سے تمہیں دیکھ رہی تھی اسکی تو فطرت ہی یہی ہے جہاں خوبصورت چہرہ دیکھا وہی فلیٹ ہو گئی لیکن تمہیں شرم کرنی چاہیئے شادی شدہ ایک خوبصورت بیوی کے مالک ہو غیرت نا آئی اسکے اتنے قریب آتے ہوئے میرے تو اتنے قریب کبھی نہیں آئے ۔۔

وہ اسکے بالکل قریب کھڑی اسے سنا کم ڈانٹ زیادہ رہی تھی ۔

وہ ہونٹوں پر بہت دھیمی سے مسکان سجائے بہت اطمینان سے اپنا کام کر رہا تھا۔۔۔

اسے گھر پر کیوں رکھا ہوا ابھی اسی وقت اسے باہر نکالو ورنہ مار مار کر اسکے جو بچے ابھی کسے ہیں نا ڈھیلے کر فوں گئی اور ویسے بھی بہت دن ہو گئے ہیں کوئی مرغا مرغی نہیں ملی دھلائی کے لیے ۔

وہ ہاتھوں کو مسلتے ہوئے سخت غصے میں بولی تھی --

وہ چائے کپ میں ڈالتا ہوا اسکی طرف آیا --

خرد اتنا بول بول کر تھکتی نہیں ہو یار --

وہ کانوں میں ڈالی روئی باہر نکالتا ہوا دھیمے لہجے میں بولا گیری نیلی آنکھیں براون بال جو کافی بڑھ چکے تھے آئی برو اچکائے وہ مسکرا کر پوچھ رہا تھا ایک منٹ میں اسکا دل بہت زور سے ڈھڑکا لیکن دوسرے ہی پل وہ غصے سے لال پیلی ہو گئی مطلب حد ہے وہ کب سے بول رہی تھی اور وہ میسنا کانوں میں روئی ٹھونسے کھڑا تھا مطلب کے خرد کو اگنور ۔

وہ غصے میں کہاں سوچتی تھی ۔

وہ ہونٹ بھینچتی ہوئی اسکے ہاتھ سے چائے پکڑتی ہوئی اسکے اوپر انڈھیل چکی تھی ۔

وہ ساکت کھڑا منہ پر بہتی ہوئی چائے دیکھنے لگا جبکہ وہ دو قدم پیچھے ہوئی پھر جلدی سے فریج کی طرف بھاگی وہاں سے ٹھنڈے پانی کی بوتل نکالتی جھٹ سے پانی وہ اسکے منہ پر پھینک چکی تھی

۔

جزیل احمد ہونٹ بھینچے کھڑا اسے دیکھ رہا تھا ۔

جو گھبراہٹ میں الٹے قدم بھاگی تھی سامنے ساکت کھڑی مہک کو پنچ مارنا نہیں بھولی تھی وہ۔
مہک کھلے منہ سے گال پر ہاتھ رکھے اسے دیکھتی سخت غصہ تھی وہ حیرت سے اب اسے دیکھ رہی تھی جو ٹشو سے منہ صاف کر رہا تھا چہرے پر کوئی غصہ نا تھا۔۔
مہک کو کافی حیرت ہوئی تھی اسکے نارمل ایکسپریشن سے ۔۔۔

خرد کمرے کے چکر لگاتی سخت پریشان تھی۔۔
کبھی ناخن دانتوں سے کترنے لگتی تو کبھی انگلیاں چٹخانے لگتی۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

افف کیا ضرورت تھی اس پر چائے گرانے کی اس نے کتنے پیار سے میرے لیے چاے بنائی اور میں اسکے فیس پر گرا آئی اس کتنی جلن ہو رہی ہو گئی ۔۔

https://www.facebook.com/Classicurdumaterial/

اللہ میرے میں میں کیوں اتنی جلد باز ہوں ۔
اتنا پیارا اسکا فیس تھا پتا نہیں کتنی جلن ہو رہی ہو گئی اسے

۔۔

افففففف حد ہے خرد حد ہے اگر گرانی تھی تو اس منحوس ماری کے ہونٹوں پر گرا دیتی اسے بڑا شوق ہے ہونٹ بڑے بڑے کرنے کا۔۔
وہ بیٹھ کر غصے سے بڑبڑائی ۔

پھر فون نکالتی کچھ سرچ کرتی کپڑے چینج کر کے وہ باہر نکل گئی پیچھے صفورا بیگم اسے پکارتی رہ گئی ۔

ہیلو کیسی ہیں آپ !

وہ انکے چھوٹے سے گھر میں آتی مسکرا کر بولی ۔

وہ جواباً مسکرائیں ۔

بیٹا میں ٹھیک ہوں آج اتنے دنوں بعد چکر لگایا۔

مائی نے اسکے سر پر پیار دیتے ہوئے مسکرا کر کہا۔

بس کچھ کاموں میں الجھ گئی تھی لیکن آپ مجھے یاد تھی ۔

وہ انکے ہاتھ تھامتی محبت سے بولی ۔

جواباً مائی مسکرا دیں ۔

مائی آپ میرے ساتھ میرے گھر رہیں نا یہاں تو آپ اکیلی رہتی ہیں اور مجھے آپکی فکر رہتی ہے آپ میرے ساتھ رہیں گئی مجھے آپ کی اتنی فکر نہیں ہو گئی کیونکہ وہاں آپ میری نظروں کے سامنے رہیں گیئں ۔

خرد نے محبت سے انکے ناتواں ہاتھ اپنے ہاتھوں میں جھکرتے ہوئے کہا ۔

نہیں بیٹا میں اپنی زندگی کی آخری سانس تک ادھر ہی رہوں گئی ۔

Classic Urdu Material
https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

وہ نظریں جھکاتے ہوئے بولیں۔۔

خرد انہیں دیکھتی رہی وہ بیمار نظر آرہیں تھیں جس پر خرد کا دل دکھ رہا تھا ۔

وہ ہونٹ بھینچے انکے چہرے کو دیکھ رہی تھی جس پر غم کے گہرے سائے تھے ۔۔

خرد دھیمے قدموں سے حویلی چلی آئی جہاں وہ چیئر پر بیٹھا ٹھوڑی پر ہاتھ رکھے سامنے کام کرتے مزدوروں کو دیکھ رہا تھا ۔

وہ دور سے بھی دیکھ سکتی جس کے سفید چہرے پر سرخ نشان واضع تھے ۔

افففف اسے کتنا درد ہوا ہو گا نا ۔

وہ تاسف سے بڑبڑائی ۔

خرد اس سے زیادہ تکلیفیں ٹریننگ کے دران ہمیں دی جاتی ہیں ڈونٹ وری ۔۔

وہ بنا اسے دیکھے سرد لہجے میں بولا تھا۔

جس پر وہ ٹھٹھکی۔۔

تم مجھ سے ناراض ہو !

وہ اسکے سامنے کھڑی ہوتی ہوئی شرمندگی سے بولی۔

وہ ہلکا سا مسکرایا ۔

نہیں ،جزیل احمد آیتِ مریم سے کبھی ناراض نہیں ہو سکتا یہ جلن مجھے تم پر غصہ نہیں دلا سکتی ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

وہ اسے دیکھتے ہوئے سنجیدگی سے بولا --

خرد نے پریشانی سے اسکا چہرہ دیکھا جہاں سرخ نشان پڑ چکے تھے ہلکی ہلکی بیئرڈ میں وہ اپنی گہری نیلی آنکھوں میں آج کچھ سرد مہری لیے ہوئے تھا جس سے خرد پریشان ہوئی تھی ۔

سر آپ کو میٹنگ ہال میں جانا ہے تین بجے --

جیمی کی آواز پر وہ سر ہلاتا ہوا اٹھ کر خرد کے پاس آیا جو جیمی کو کھا جانے والی نظروں سے دیکھ رہی تھی ۔

شام سات بجے گھر آجانا ڈینر ساتھ کریں گے ابھی ایمرجنسی میں مجھے جانا ہے --

وہ اسکے بالوں کو ٹھیک سے آگے کرتا ہوا دھیمے لہجے میں کہتا ہوا چلا گیا جہاں ڈرائیور گاڑی کا ڈور کھولے کھڑا تھا ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/classicurdumaterial

تم بھول نہیں سکتے تھے سر تین بجے میٹنگ ہے ،

آئندہ جب میں تمہارے سر کے ساتھ ہوں تو کوئی پیغام یا کچھ یاد دلانے آئے تو اگلے سارے دانت توڑ کر ہاتھ میں دے دوں گئی یا ٹانگیں ہی توڑ دوں گئی کام ہی ختم ۔

وہ سامنے کھڑے جیمی پر پھنکاری تھی --

جو بے چارا اسے دیکھتا حیران پریشان رہ گیا تھا۔

وہ اسے گھورتی ہوئی وہاں سے نکل گئی --

مایا کی زندگی اجیرن کر رکھی تھی لیلیٰ اور رافیعہ نے --

وہ جو کام کرتی وہ دونوں ماں بیٹی اسے خراب کر دیتیں بلکہ اسکے ہر کم پر اعتراض کیا جاتا ۔

دن ایسے ہی گزر رہے تھے لائبہ کا نواں ماہ تھا وہ خوش تھی اب اپنے آنے والے بچے کے لیے،

اس نے مایا کے ساتھ جا کر خود شاپنگ کی تھی اپنے آنے والے بچے کے لیے --

لائبہ کے گھر بیٹی آئی تھی جس کے کچھ نقوش تو جنید جیسے تھے لیکن چہرے کی شیپ لائبہ

جیسی تھی --

وہ جب سے ہسپٹل سے گھر آئی تھے جزیل اسے گود میں لیے بیٹھا تھا ۔

پھپھو یہ بالکل میرے جیسی ہے نا دیکھیں نا اسکے ہاتھ بھی چھوٹے ہیں اور چہرہ بھی گول ہے

--

https://www.classicurdumaterial.com/

وہ اشتیاق سے بولا تھا جس پر مایا اور لائبہ مسکرا دیں ۔

Support@classicurdumaterial.com

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

جزیل کو وہ بہت پیاری لگتی تھی وہ اسے سارا دن گود میں لیے بیٹھا رہتا اور اشرف صاحب بھی

اسے اٹھا لیتے اور مسکرا کر دیکھتے رہتے --

اسکا خوبصورت نام اشرف صاحب نے جزیل کے کہنے پر آیتِ مریم رک ؔھا تھا --

وہ ننھی بچی شہریار کو بھی لاڈلی تھی ۔

رافیعہ اور لیلیٰ سو سو باتیں سناتیں لائبہ کو ! جس پر اشرف صاحب نے اس بار بہت غصے سے رافیعہ کو ٹوکا جس پر رافیعہ کو بہت غصہ آیا تھا ۔۔

خرد نے وہ وائٹ دوپٹہ کندھے پر لیا تھا۔

تب ہی مرحہ بڑبڑاتی ہوئی اسکے کمرے میں آئی ۔

کیا ہوا منہ کیوں لٹکایا ہوا ہے ۔

خرد اسکے قریب آتی ہوئی بولی ۔

ارے جو میرے گلے لٹکایا ہوا نے وہ چھچھوندر کی شکل والا بس اسی نے میری زندگی عذاب بنائی ہوئی ہے آج جم پہنچ گیا تھا وہاں میرے سر مطلب سر بلال کی اتنی بے عزتی کی کہ حد ہے میں اب کس منہ سے انکا سامنا کروں گئی ۔۔

مرحہ کی دہائی عروج پر تھی.

کہہ دیتی نا میرے پیارے سر بلال، اور اس کا سامنا کر کے تو دیکھو تم تو ہاتھوں سے ہی نکلتی جاو رہی ہو حد ہے ہم تو اتنے باہر کے ملک میں نا نکلے جتنا تم حد سے نکل رہی ہو ۔۔

روبن بھی اس کے پیچھے آتا پھنکار کر بولا ۔۔

خرد اور مرحہ نے حیرت سے اسے دیکھا ۔

Classic Urdu Material
https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

دیکھا !اس لنگور نے جینا حرام کر رکھا ہے میرا ایسے جاہلوں کی طرح زبان چلاتا ہے کہ توبہ توبہ

--

مرحہ نے کمر پر ہاتھ رکھ کر غصے سے اسکی شکایت خرد سے کی جو تیکھی نظروں سے اپنے بھائی کو دیکھ رہی تھی ۔

بہت زبان کھل گئی ہے یہاں آکر ایک منٹ میں ذبان باہر نکال کر پھینک دوں گئی ارے کون دیتا تمہیں اپنی لڑکی لمبی زبان والی لڑکی کو لوگ بیاہ کر لے جاتے ہیں لیکن تمہارے جیسے لمبی زبان والے لڑکے سے لوگ سو میل کی دوری پر رہتے ہیں ۔

خرد نے غصے سے روبن کی ٹھیک ٹھاک خبر لی --

خرد بی بی! تم شکر کرو میرے ماموں کا جس نے تم سے شادی کر لی ورنہ میری تو زبان لمبی ہے تمہارے ہاتھ زبان بلکہ سب کچھ ہی لمبا ہے لمبے منہ والی --

روبن اب کی دفعہ خرد پر چڑ دوڑا تھا ۔

جس پر خرد اور مرحہ نے ایک دوسرے کو حیرت سے دیکھا ۔

ٹھہر جا بچے اب مجھ سے بچ کر دیکھا توں زرا --

خرد سلیوز اوپر کرتی ہوئی کہہ کر اسکی طرف دوڑی تھی جو پہلے ہی چونکنا کھڑا تھا وہ اسے فارم میں آتے دیکھ کر بھاگ نکلا تھا ۔

وہ بھاگ کر نیچے آگیا سامنے سے آتے بلیک پینٹ پر ہاف وائٹ شرٹ جس کی ہاف سلیوز تھیں بلیک گلاسز لگائے وہ رکا تھا کیونکہ روبن اسکے پیچھے چھپا تھا۔

خرد ایک دم سے روکی --

وہ گلاسز آنکھوں سے ہٹاتا خرد کے کندھے پر دھرے سنہری کام والے وائٹ دوپٹے کو دیکھنے لگا تھا۔

خرد بھی وہی ساکت کھڑی اسکے چہرے کو دیکھنے لگی جس پر سرخ نشان خرد کو اچھے نہیں لگے تھے اسے خود پر اور غصہ چڑھا۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

ماموں میرا مطلب ہے بھائی مجھے اپنی لڑاکا بیوی سے بچائیں یہ مجھے مار دینا چاہتی ہے۔

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

وہ جزیل کا کندھا ہلاتا ہوا خرد کو گھور کر بولا---

خرد نے اسے آنکھوں سے چپ رہنے کی دھمکی دی۔

خرد کیوں مار دینا چاہتی ہو میرے پیارے بھانجے کو۔

وہ گلاسز پاکٹ میں ڈالتا خرد سے بولا--

میں نہیں مار رہی اسے لیکن یہ ابھی مجھے کمرے میں ہزاروں گالیاں دے کر آیا ہے۔

خرد نے اپنی صفائی پیش کی اور روبن کے کھاتے میں گالیوں کا اضافہ کیا--

بھائی قسم اٹھوا لیں میں نے کوئی گالی نہیں نکالی بلکہ مجھے تو گالیاں آتیں ہی نہیں ۔

روبن نے اپنی طرف تیکھی نظروں سے دیکھتے جزیل کو جلدی سے صفائی پیش کی ۔

ارے جزیل بیٹا ! اندر آو نا بیٹا۔

صفورا نے اسے دروازے میں کھڑا دیکھ کر خوش اخلاقی سے کہا ۔

وہ ہلکی سی مسکان سے سر انکی طرف جھکتا ان سے پیار لیتا صوفے پر بیٹھا ۔

خرد نے روبن کو کھا جآنے والی نظروں سے دیکھا پھر صوفے پر بیٹھی ۔

خرد جاو چائے لاو۔۔

انہوں نے خرد کو آرڈر دیا جو ہونق سی صفورا کو دیکھتی پیر پٹختی ہوئی کچن میں چلی گئی ۔

وہ کچن میں آکر ارد گرد دیکھنے لگی کہ اب کیا کرئے اسے کونسا چائے بنانی آتی تھی بس جزیل کو بناتے دیکھا تھا ایک دو بار ۔۔

وہ گہری سانس لیتی کیتلی میں تھوڑا سا پانی رکھتی چولہے پر رکھتی پلٹ کر فریج کی طرف آ گئی ۔

فریج سے دودھ نکالا ۔

بنا پانی میں چینی پتی ڈالے وہ دودھ پانی میں ڈال گئی ۔

افف پتی تو ڈالی نہیں ۔

وہ سر پر جھانپڑ مارتی خود پر غصہ ہوئی --

غصے سے پتی کے چار پانچ چمچ بھر بھر کے ابلتے ہوئے دودھ میں ڈالے چینی کی کافی مقدار وہ چائے میں ایڈ کر چکی تھی ۔

کتنا آسان کام ہے چائے بنانا --

وہ چائے کو کپس میں ڈالتی سر جھٹک کر بولی ۔

چائے کے کپس ٹرے میں رکھتی وہ باہر لے آئی ۔

صفورا بیگم نے فخر سے اسے دیکھ کر ماریہ کو دیکھا جو لاونج میں ناک منہ چڑائے بیٹھی خرد کو دیکھ رہی تھی ساتھ ماہ بھی تھی جو جزیل کو دیکھ رہی تھی ۔

چائے !

وہ ٹرے ٹیبل پر رکھتی بولی ۔

جزیل جو جنید صاحب سے آفس کے متعلق بات کر رہا تھا اسکی طرف متوجہ ہوا جو اسے چائے پیش کر رہی تھی۔

اس نے چونک کر چائے کا کلر دیکھا جو دودھ ہونے کے باوجود کافی کالی سی تھی ۔

وہ شکریہ کہہ کر چائے کا کپ پکڑ کر اپنے سامنے پڑے ٹیبل پر رکھ چکا تھا ۔

ماریہ نے حیرت سے چائے دیکھی پھر سر جھٹک کر رکھ دی --

وہ سب کو چائے دینے کے بعد اب سب کے چائے پینے کا انتظار کر رہی تھی--

Classic Urdu Material
https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

وہ اسکی نظریں خود پر محسوس کرتا اسکی طرف سنجیدگی سے دیکھنے لگا جس پر خرد جھٹ سے چہرہ مرحہ کی طرف موڑ گئی ۔

صفورا بیگم نے چائے کا گھونٹ بہت ضبط سے خلق میں اتارا پھر اپنی بیٹی کو غصے سے دیکھا جسے چائے تک بنانی نہیں آتی تھی وہ کتنی تعریفیں کر رہیں تھیں اسکی جزیل سے اور اب وہ چائے پی کر کیا سوچے گا بھلا۔۔

وہ کیا جانے جزیل احمد تو اپنی خرد کی نس نس سے واقف تھا ۔

وہ کپ نیچے رکھ گئیں کہ چائے انتہائی کڑوی اور میٹھی تھی ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

آپ لوگ چائے رہنے دیں اب تو کھانے کا وقت ہو چلا ہے نا تو میں سوچ رہی تھی پہلے سب کھانا کھا لیں پھر چائے پی لیں گئے ۔

صفور بیگم نے مسکرا کر سب کو مخاطب کیا ۔

خرد نے ماں کو گھورا۔

کوئی نہیں اٹھے گا یہاں سے جب تک میری ہاتھوں کی بنی ہوئی چائے سب پی نا لیں۔۔

خرد کھڑی ہوتی غصے سے بولی ۔

تمہارے ہاتھ کی چاے پی کر ہمیں مرنا ہے ۔

روبن چائے کی شکل دیکھ کر آہستہ سے بڑبڑایا ۔

جس پر خرد نے آہستہ سے اپنا پیر اسکی ران پر مارا ۔۔

جزیل گہتی سانس لیتا چائے کا سپ لے گیا ۔

جس پر صفورا پریشان جبکہ بیٹی خوش ہوئی سے پھولے نا سمائی ۔

وہ چائے کا سپ لیتا خرد کو دیکھنے لگا ۔

خرد سرخ چہرے سے سر جھکا گئی ۔

ماریہ اور ماہ نے اسے گھور کر دیکھا۔

جبکہ جنید صاحب مسکراتے ہوئے چائے پی رہے تھے ۔۔

چائے بہت اچھی بنی ہے ۔

آنٹی میں خرد اور مرحہ کو لینے آیا تھا میں چاہتا ہوں یہ شادی کی شاپنگ کر لیں ۔

وہ خرد سے کہہ کر صفورا بیگم کی طرف متوجہ ہوا ۔

_____۸_____

مایا کے گھر بیٹا ہوا تھا جس پر بہت ساری خوشیاں منائی گیں تھیں ۔

Classic Urdu Material
https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

انہی دنوں مایا کو کسی نے کھانے میں زیر دے دیا جس سے ڈاکٹر نے اسکا مادہ فوراً واش کردیا اور ڈاکٹر نے اسے ہدایت دی کہ وہ بچے کو دودھ نا پلائیں ۔

بچہ چھوٹا تھا اسے کوئی دودھ سوٹ نہیں کرتا تھا اس لیے لائبہ نے اسے اپنا بیٹا بنا لیا ۔۔

وہ خرد کا رضاعی بھائی تھا ۔

دونوں میں ایک ماہ کا فرق تھا خیر لیلیٰ اور رافیعہ کو اشرف صاحب نے دوسرے گھر شفٹ کر دیا تھا جس پر وہ دونوں ماں بیٹی نفرت سے تلملا کر رہ گیئ ۔۔

خرد ایک سال کی تھی جب اشرف صاحب نے اپنی حویلی اسکے نام کرنے کا فیصلہ کیا مایا اور شہریار نے اس فیصلہ کو خوب سراہا تھا

https://www.classicurdumaterial.com/

۔

Support@classicurdumaterial.com

جبکہ لائبہ نے اعتراض کیا لیکن اشرف صاحب نے اسے چپ کروا دیا ۔۔

جزیل اسلام آباد شہریار کے دوست کے پاس پڑھتا تھا وہ ہر ہفتے آتا اور اپنا وقت خرد کے ساتھ گزراتا جس پر اشرف صاحب نے کہا بیٹا تم ایسے ہی خرد کا سایا بن کر رہنا اس کا ساتھ کبھی نا چھوڑنا اس نے بھی وعدہ کیا کہ وہ خرد کا کبھی ساتھ نہیں چھوڑے گا ۔۔

لائبہ کا نمبر جنید کے نمبر پر اچانک سے ہی لگا گیا تھا جس پر لائبہ نے خوش ہوتے ہوئے بچی کی پیدائش کی خبر اسے دی تھی جس پر اس نے لائبہ کو جھڑک کر فون بند کر دیا ۔۔۔

وہ چاروں شاپنگ پر آئے تھے ۔

خرد جلدی جلدی شاپنگ کمپلیٹ کرو مجھے نو بجے کہی جانا ہے ۔

وہ واچ پر ٹائم دیکھتا ہوا سنجیدگی سے بولا ۔ ۔

خرس نے اس سڑو کو گھورا ۔

وہ اسکی طرف خفگی سے پلٹی ۔

ایک چائے ہی تو گرائی ہے کونسا تیزاب پھینک دیا ہے تم پر جو مجھ سے ٹھیک سے بات نہیں کر رہے نا ہی دیکھ رہے ہو نا کرواو شاپنگ تم مجھے ۔

وہ روہانسے لہجے میں بولی تھی ۔

جس پر وہ گلاسز اتارتا حیران ہوا۔

خرد تم سے کس نے کہا میں تم سے ناراض ہوں تم تیزاب بھی پھینکو گئ تو مجھے وہ گرم چائے ہی لگے گا ۔۔

وہ اسکے قریب رکتا دھیمے لہجے میں بولا ۔

اور دیکھ اس لیے نہیں رہا میری جان کہ میں تمہیں پریشان نہیں کرنا چاہتا میں چاہتا ہوں میری خرد ریلکس رہے ۔۔

وہ اسکی ناک چھوتا محبت سے بولا ۔

وہ ہلکی سی مسکان سے مسکرائی ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

جبکہ مرحہ اور روبن کبھی ایک دوسرے کو دیکھتے تو کبھی انکو ۔

بھائی آپ کو جلدی تھی شاپنگ کی ! کر لیں میرا خیال ہے ۔

روبن جل کر بولا ۔

جس پر جزیل نے اسے گھورا تھا ۔

خرد تم شاپنگ کر لو روبن بل وغیرہ دیکھ لے گا میں لیٹ ہو گیا ہوں دل کھول کر شاپنگ کرنا مائے لوّ ۔۔

وہ اسکا ماتھا ہونٹوں سے چھوتا

ہوا کہہ کر پلٹ گیا ۔۔

خرد اسے جاتا ہوا دیکھتی رہی ۔

میرے خیال میں ہم۔شاپنگ پر آئے ہیں نا کہ رومینس کرنے ۔۔

روبن اس کے سر پر تھپڑ مارتا گھور کر بولا۔

جس پر خرد نے اسکی طرف پلٹ کر اسکی انگلی اپنی انگلی میں لے کر مڑوڑی ۔۔

روبن نے چیخ کر اپنی انگلی اسکی گرفت سے نکالی ۔

جبکہ مرحہ اپنی شاپنگ سٹارٹ کر چکی تھی ۔

خرد نے چاروں طرف گھوم گھوم کر دیکھ لیا لیکن اسے اپنی پسند کی چیزیں نا ملیں ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

ماہ تمہارے ابو نے مانی کے رشتے کے لیے ہاں کر دی ہے ۔

ماریہ نے نائٹ کریم ہاتھوں پر ملتے ہوئے ماہ سے کہا۔۔

کیا مطلب ہے وہ خرد کے لیے اتنا پیارا لڑکا اور میرے لیے وہ ایویں سی شکل والا میں نہیں جانتی مجھے جزیل چاہیئے یا اس جیسا ۔۔

ماہ نے غصے سے کشن فرش پر پھینکتے ہوئے کہا۔

چپ رہو تم اتنا اچھا رشتہ میں تو ہاتھ سے جانے نہیں دوں گئی چاہے کچھ بھی ہو جائے بہت سن لی تمہاری اور دوسری بات ہر کسی کی قسمت اس خرد جیسی نہیں ہوتی ۔۔

ماریہ حسد سے بولی ۔

ماہ منہ بنائے رونے بیٹھ گئی کہ اب وہ رونے کے علاوہ بھلا اور کیا کر سکتی تھی ۔۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial

گھر میں آج خوب رونق تھی آج خرد کی مہندی تھی ۔۔

وہ پیلے ٹروزر پر وائٹ اوپن شرٹ جس کے نیچے پیلی شارٹ شرٹ تھی کہنوں تک سلیوز تھیں وہ اس ڈریس میں کمفرٹیبل تھی سادہ سا ڈریس تھا اوپر پیلا گوٹے والا دوپٹہ بالوں کا زبردستی پارلر والی نے فرنچ سٹائل بنایا تھا اسکا اور یہ سٹائل اس پر اتنا سوٹ کر رہا تھا کہ جو دیکھ رہا تھا بس دیکھتا ہی رہ جاتا ۔

خرد جیسے ہی پھولوں والی چادر کے ہالے میں سٹیج پر آئی بلیک شلوار قمیض میں ملبوس جزیل بے ساختہ کھڑا ہوا تھا۔

خرد کا ہاتھ رحمٰن صاحب تھام کر اسے سٹیج پر لائے تھے ۔

خرد بنا اسے دیکھے اسکے ساتھ کھری ہوئی تھی ۔

وہ بے ساختہ اسکے لپسٹک میں سجے بھرے بھرے ہونٹ دیکھ رہا تھا ۔

خرد ہلکا سا مسکرائی ۔

وہ بھی جواباً دھیمے سے مسکرایا تھا ۔

مرحہ پیلی فراک میں تھی بالوں کی فرنچ نوٹ بنائے آگے کیے ہوئے تھی کانوں میں بڑی بڑی بالیاں پنک لپسٹک میں وہ پہچانی نہیں جا رہی تھی ۔

خرد کو بٹھانے کے بعد سب لڑکیاں آپس میں مل کر ڈانس کرنے لگیں تھیں ۔

خرد کیوں تیار ہوئی ہو یار نظر لگ جائے گئی ۔

وہ سامنے کی طرف دیکھتا اس سے دھیمے لہجے میں بولا تھا۔۔

وہ جواباً فخر سے گردن اکڑا کر مسکرائی ۔۔

آیتِ مریم تین سال کی تھی جب وہ ایک دن اچانک سے بیمار پڑ گئی سب بہت پریشان ہوئے کہ وہ سخت بخار میں تپ رہی تھی وہ کچھ کھا پی بھی نہیں رہی تھی بس روئے ہی جاتی ۔

جس سے سب اسے ہسپٹل لے گئے ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/classicurdumaterial

وہاں اسے فوراً ایڈمٹ کر لیا گیا ۔

خرد پورا ایک دن ہسپٹل رہی دوسرے دن وہ دوپہر کے وقت ہسپٹل سے غائب ہو گئی۔

سب لوگ بہت پریشان ہوئے مایا اور لائبہ کا تو رو رو کر بہت برا حال تھا ۔

جزیل بہت پریشان ہوا تھا۔

پُولیس اپنا کام کر رہی تھی شہریار احمد سب جگہ خود اسے ڈھونڈھ رہا تھا ۔

لیکن اس کا کچھ پتا نا چلا ۔۔

ہسپٹل والوں سے بھی پوچھ گچھ کی گئی لیکن وہ لاعلمی کا اظہار کرتے رہے کہ وہ نہیں جانتے

۔۔

خرد ایک دم سے غائب ہو گئی تھی۔۔۔

روبن نے اسے دیکھتا رہا جو کپڑے چینج کیے بیڈ پر دراز ہو رہی تھی ۔

موٹے پہلوان آج اچھی لگی رہی تھی ایسے ہی تیار رہا کرو ۔

وہ سنجیدگی سے بولا ۔

یہ تعریف ہے یا آرڈر ۔

وہ آئی برو اچکا کر بولی ۔

آرڈر کونسا تم نے مان لینا ہے اس لیے اسے تعریف ہی سمجھو اور ہاں میں نے دیکھا آج وہ کوا بھی آیا تھا خرد کی مہندی پر اسے کہی تم نے تو انوائٹ نہیں کیا تھا ۔

روبن ایک دم اٹھ کر بیٹھتا غصے سے تیوری چڑہا کر بولا۔۔

وہ بھائی کا دوست ہے اسے بھائی نے انوائٹ کیا ہے ۔

وہ اسے گھورتے ہوئے بولی ۔

وہ اٹھ کر اسکے ساتھ بیڈ پر لیٹا ۔

ہیں یہ تم بیڈ پر کیوں آئے ہو ۔۔

وہ کمبل خود پر اچھے سے لیتی اسے گھورتے ہوئے بولی۔

میں تو آج بیڈ پر سوں گا مجھے تمہارے ساتھ لیٹنے میں کوئی اعتراض نہیں اگر تمہیں کوئی اعتراض ہے تو وہ سامنے صوفہ پڑا ہے اس پر جا کر لیٹ جاو۔۔

وہ کمبل کھینچ کر لیتا ہوا بولا ۔

مرحہ نے حیرت سے آنکھیں پھاڑے اسے دیکھا جو سر زبردستی اسکے تکیے پر رکھ گیا تھا ۔

فلرٹی کی حد تو اس پر ختم ہوتی ہے ۔

وہ حیرت سے بڑبڑائی ۔۔

صبح کے پونے 5 بج رہے تھے جب وہ گھر سے نکل آئی سارا گھر نیند میں ڈوبا ہوا تھا رات ایک بجے تو سب سوئے تھے ۔

وہ حویلی میں آئی حویلی کا دروازہ دھکیل کر وہ اندر آئی ۔

سامنے ہی ہال میں ایک بہت بڑا فوٹو فریم تھا۔

وہ فرم پکڑ کر اس میں سب کی پکچرز کو محبت سے دیکھنے لگی ۔

جب فریم کے پیچھے سے ایک فوٹو نیچے گری تھی۔

وہ فوٹو الٹی گری تھی ۔

وہ نیچے جھک کر فوٹو اٹھاتی اٹھی ۔

اس نے آفسردگی سے فوٹو سیدھی کی ۔

تصویر میں ایک لڑکی تھی جس کی عمر تقریباً پچیس سال کے قریب تھی ۔

وہ تصویر کو غور سے دیکھنے لگی ---

پھر وہ دو قدم پیچھے پلٹی وہ تصویر میں موجود لڑکی کو پہچان گئی تھی ۔

وہ تصویر پکڑ کر باہر بھاگی تھی جتنا تیز وہ بھاگ سکتی تھی وہ بھاگی تھی آنکھوں میں آنسو تھے ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support Classic Urdu Material
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

انہوں نے شہر کا کونا کونا چھان مارا تھا لیکن آیتِ مریم نے نا ملنا تھا وہ نا ملی --

گھر میں ہر وقت آفسردگی چھائی رہتی لائبہ بیمار رہتی مایا اسکی بہت دل جوئی کرتی ابراز کو اسکی گود میں ہی ڈال دیا تھا اسنے لیکن وہ کیسے بھولتی اپنی بیٹی کو --

جبریل جب جب گھر آتا روتا شہریار سے ضد کرتا کہ اسے اسکی آیتِ مریم ڈھونڈ کر لا کر دیں وہ بے چارے بے سی سے لب بھینچ کر رہ جاتے ۔

انہوں دنوں رافیعہ نے اشرف صاحب سے کہا کہ وہ لیلیٰ کا نکاح شہریار سے کرا دیں --

جس کا انکار شہریار نے انکے منہ پر ہی کر دیا تھا ۔

اشرف صاحب نے بھی انکار دیا اور کہا۔وہ لیلیٰ کے لیے لڑکا ڈھونڈ رہے ہیں۔

جس پر روفیعہ واویلا کرتی ہوئی چلی گئی --

خرد ایک دم رکی وہ سامنے سے ہی چلتا آرہا تھا ہاتھ جیب میں ڈالے وہ پریشانی سے خرد کو دیکھ رہا تھا ۔

خرد کیا ہوا تم رو کیوں رہی ہو ۔

وہ اسکے قریب آتا ہوا پریشانی سے بولا تھا ۔

یہ عورت کون ہے جسکی تصویر فریم کے پیچھے تھی ۔

خرد اسکی طرف تصویر بڑھاتی ہوئی غصے سے بولی۔

وہ اسے دیکھتا تصویر پکڑ گیا ۔

اسکے تاثرات سخت ہوئے تھے تصویر میں موجود عورت کو دیکھ کر --

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial

جواب کیوں نہیں دے رہے تمہیں پتا ہے یہ عورت کتنی مشکل بھری زندگی گزار رہی ہے تمہارا فرض بنتا تھا تم انہیں ڈھونڈتے انکو ساتھ رکھتے ۔

خرد نے اس سے غصے سے پوچھا۔

خرد آو اس عورت کے پاس چلیں ۔

وہ اسکا ہاتھ تھامتا ہوا سنجیدگی سے بولتا اسے ساتھ لیے دوسری سمت مڑ گیا تھا۔

خرد نے حیرت سے اسے دیکھا۔

تم جانتے ہو اس مائی کو ۔

وہ حیرت سے بولی ۔

وہ جواباً سرد سا مسکرا دیا ۔

وہ اسے لیے پہاڑ کے اوپر چڑنے لگا تھا ۔

وہ اسے اس جھونپڑی کے پاس لے آیا ۔

تم جاو میں اس عورت کی شکل نہیں دیکھنا چاہتا ۔

وہ سرد لہجے میں بولا ۔

خرد نے اسے گھورا ۔

کتنے بے حس ہو تم مجھے کم از کم یہ بتا دو وہ میری کیا لگتیں ہیں ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

وہ غصے سے اسے دیکھتی ہوئی بولی ۔

خود جا کر پوچھ لو ۔

وہ پاکٹ میں ہاتھ ڈالتا ہوا ارد گرد دیکھتا ہوا بولا ۔

خرد نے اسے گھورا پھر پرادہ اٹھاتی ہوئی وہ اندر آئی ۔

جہاں وہ رضائی منہ تک لیے ہوئے لیٹی ہوئی تھیں --

مائی !

وہ بے تابی سے انکے قریب آتی ہوئی بولی ۔

بستر میں کوئی ہلچل نا ہوئی ۔

وہ پریشانی سے رضائی انکے منہ سے ہٹا گئی --

چہرہ تکیے کے ایک طرف ڈھلکا ہوا تھا انتہا سے زیادہ پیلا چہرہ تھا ۔

سفید بال الجھے سے جیسے کئی دنوں سے ان میں کنگھی نا کی گئ ہو ۔

خرد کی بے ساختہ آنکھیں بھر آئیں تھیں انہیں اس طرح دیکھتے ہوئے ۔

جزیل دیکھو نا یہ اٹھ نہیں رہیں ۔

وہ انہیں ہلاتی جزیل کو بھرائی ہوئی آواز میں پکار گئی تھی ۔

جزیل گہری سانس لیتا ہوا اندر آیا ۔

Classic Urdu Material
https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

وہ بے تاثر انداز میں انکے ناک کے قریب ہاتھ لے گیا پھر انکی ناتواں کلائی ہاتھوں میں لیتا انکی نبض چیک کرنے لگا جو پتا نہیں کب کی رک چکی تھی ۔

وہ ایک دم سے پیچھے ہوا تھا ۔

کیا ہوا تم ایسے کیوں پیچھے ہٹ گئے انہیں اٹھاو ہسپتال لے کر چلتے ہیں ، طبیعت خراب ہے نا انکی ۔

وہ اسکے سامنے آتی ہوئی پریشانی سے بولی ۔

خرد شی از نو مور !

وہ دھیمے لہجے میں بولا تھا۔

جس پر خرد بے ساختہ دو تین قدم پیچھے ہوئی تھی۔

وہ پھٹی پھٹی آنکھوں سے انکے زرد چہرے کو دیکھ رہی تھی جس پر بے رونقی سی چھا ئی ہوئی تھی ۔

آنسو ٹپ ٹپ گرنے لگے تھے اسکی آنکھوں سے ۔

وہ انکی چارپائی کے قریب بیٹھتی انکی کلائی تھام گئی کندھوں پر وہی شال تھی جو وہ لے کر آئی تھی ۔

انکے تکیے کے پاس ایک ڈائری تھی جس کا کور نیلا تھا ۔

Classic Urdu Material
https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

خرد کے لیے ۔

ڈائری کے پہلے ورق پر لکھا ہوا تھا ۔

خرد !

ایسے رو گئی تو مجھے تکلیف ہو گئی ۔

وہ اسکے قریب بیٹھتا ہوا بولا ۔

کاش میں انہیں ساتھ لے جاتی انکا علاج کرواتی تو شاید یہ ٹھیک ہو جاتیں مجھے تو بہت عزیز ہو چکیں تھیں یہ --

وہ مائی کا ہاتھ لبوں سے چھوتی ہوئی رودی ۔

خرد مائے ڈیئر چپ !

وہ اسے کندھے سے لگاتا ہوا بولا --

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

جزیل کیا پتا یہ زندہ ہوں تم انہیں ہسپتال لے کر چلو نا --

وہ اسکی آستین کھینچتی ہوئی بولی

خرد یہ فوت ہو چکیں ہیں یار ۔

وہ تاسف سے بولا ۔

تمہیں کوئی دکھ نہیں انکے مرنے کا تم کیسے انسان ہو ۔

وہ بھرائے ہوئے لہجے میں تاسف سے اسے دیکھتے ہوئے بولی ۔

خرد تم جانتی ہو یہ کون تھیں ۔

وہ آئی برو اچکا کر بولا ۔

جو بھی تھیں لیکن یہ ایک انسان تھیں مجھے بس اتنا پتا ہے ۔

وہ آنسو ہاتھ کی پشت سے صاف کرتی ہوئی بولی ۔۔

خرد !جب کوئی مر جائے تو چاہے وہ کتنا ہی برا کیوں نا ہو دادا کہتے تھے اسکی برائی نا کرو میں صرف اتنا کہوں گا انہوں نے اپنے گناہوں کی سزا بھگتی ہے یہاں ویرانے میں رہ کر میں غافل نہیں رہا ان سے انہیں کھانے کا سامان پہنچاتا رہا ہوں میں نے انکی شکل نہیں دیکھی کہ میں خود میں اتنا ظرف نہیں رکھتا تھا کہ میں ایک ایسے انسان کی شکل دیکھوں جو ہمارے سارے خاندان کا قاتل ہو ۔

وہ لیلی پر رضائی اوڑھتے ہوئے دھیمے لہجے میں بولا ۔۔

خرد کی آنکھوں میں آنسو ٹھہر سے گئے تھے اسکی بات سن کر ۔

یہ ڈائری تم پڑھ لینا شاید انہوں نے یہ تمہارے لیے لکھی ہو ۔

وہ کہتا ہوا فون نکالنے لگا ۔

Classic Urdu Material
https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

ہیلو جیمی ایک تدفین کا بندوبست کرو اور دو عورتوں کا بھی جنازے کے لیے علان کرواو گاوّں میں --

اس نے جیمی سے کہہ کر فون بند کر دیا اور اسے دیکھا جو ساکت نظروں سے انہیں دیکھتی چپ سی تھی ۔

ہاں البتہ انکا کمزور جھڑیوں بھرا ہارھ خرد کے ہاتھ میں تھا ۔

وہ چونکا ۔

خرد آنسو صاف کرتی انکے ماتھے پر پیار کرتی جھک کر ڈائری اٹھاتی ہوئی باہر بھاگی تھی --

وہ انہیں اور دیکھتی تو اونچا اونچا رو دیتی وہ نرم دل کی تھی وہ مائی جو بھی تھی لیکن خرد کے دل کو وہ بہت اچھی لگتی تھیں۔

جزیل کے دل میں خرد کے لیے محبت و عشق اور بڑھا تھا وہ لڑکی انوکھی تھی سب سے جدا صاف شفاف دل کی --

وہ سوچتا ہوا جیمی کا انتظار کرنے لگا ۔

خرد میری بچی تم جب میرے بارے میں جانو گئی تو تمہیں مجھ سے نفرت ہو گئی میں تمہاری نفرت نہیں سہہ سکتی میری بچی --

تمہیں پہچان گئی تھی میں تم لائبہ کی بیٹی آیتِ مریم ہو جسے میری ماں نے نفرت میں آکر ہسپٹل سے غائب کروا کر دوسرے شہرے چھوڑ آئی تھی ۔

میں اس بات سے لاعلم تھی لیکن اگر مجھے علم ہوتا تو شاید میں اس وقت اپنی امی کا ساتھ دیتی کہ میری آنکھوں میں تو پردہ پڑ چکا تھا ۔۔

خرد نے شاکس سے انکی تحریر پڑھی ۔

وہ بہتے آنسو صاف کرتی پھر سے ڈائری کی طرف متوجہ ہوئی ۔۔۔

خرد تمہیں دیکھا تو مجھے اسی وقت تمہارے نقوش میں لائبہ کے نقوش کی جھلک دیکھی تھی لیکن بعد میں مجھے پتا لگ گیا کہ تم اسی کی بیٹی ہو تمہاری معصوم باتیں اسی جیسیں تھیں پھر میں نے ایک دن تمہیں پہاڑ کے نیچے سڑک پر جزیل کے ساتھ دیکھا میں سمجھ گئی تم آیتِ مریم ہو ۔۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

خرد میں نفرت میں اندھی ہو گئی تھی اور اس میں میری ماں کا ہاتھ تھا جو میری نفرت کو بڑھاتیں تھیں کم نہیں ہونے دیتی تھیں ۔

امی نے تمہیں غائب کروا دیا اس گھر سے خوشیاں جیسے روٹھ گئیں تھیں ۔

پھر امی نے ماموں سے کہا کہ میری شادی شہریار سے کرادیں جس پر شہریار اور ماموں نے صاف انکار کر دیا ۔

مایا کو زہر بھی امی نے دیا تھا لیکن وہ خدا کے کرم سے بچ گئی۔

خرد میں نے بہت گناہ کیے ہیں --

الفاظ پھیل سے گئے تھے جیسے وہ روتے ہوئے لکھ رہیں ہوں ۔

خرد کا دل دکھا ۔

امی نے انکے گھر آگ لگانے کا پلین بنایا میں آگاہ تھی انکے پلین سے میں نے کہا بھی امی ہمیں ایسا نہیں کرنا چاہیئے لیکن امی نا مانی ۔

انہوں نے کہا اس کے بعد سب کچھ انکا ہو گا اور ایسے انکا بدلہ بھی پورا ہو جائے گا امی اندھی ہو چکیں تھی اپنوں سے نفرت میں اور جب انسان نفرت میں اندھا ہوجائے تو اُسے کسی رشتے کی پہچان نہیں رہتی وہ ہر حد سے گزر جاتا ہے --

امی نے ایک آدمی کو بھاری رقم دی حویلی میں آگ لگوانے کے لیے کہ ایسے کوئی ان پر شک نہیں کرئے گا ۔

لیکن انکی بد قسمتی وہ بھی اسی حویلی میں اسی آگ میں جل کر مریں --

انہوں نے جس آدمی کو پیسے دیئے تھے اسے ایک دن تک کہا تھا آگ لگانے کے لیے ۔

امی ایک بار پھر گئی ماموں کی طرف اس دن موسم خراب ہوا اور ماموں نے انہیں زبردستی روک لیا وہ بھی رک گئیں کہ انہوں نے ایک دو دن تک کہا تھا اس آدمی کو آگ لگانے کے لیے--

لیکن اس آدمی کو شاید پیسوں کی ضرورت تھی وہ جلد از جلد کام کر کے اور پیسے لینا چاہتا تھا ۔

اس آدمی نے اسی رات حویلی میں مٹی کا تیل چھڑک کر آگ لگا دی جس میں سب تباہ ہو گیا خرد کچھ نا بچہ میں بھی اس گناہ میں امی کے ساتھ اس گناہ میں برابر کی گنہگار تھی ۔۔

خرد ساکت رہ گئی میں اللہ کی قدرت کو جان گئی میں نے توبہ کرنی شروع کردی میں ڈر گئی تھی اللہ کے عذاب سے لیکن میں اللہ کے ساتھ اسکے انسانوں کی بھی گنہگار تھی ۔۔

https://www.classicurdumaterial.com/

میں دنیا سے کٹ گئی اس جھونپڑی میں ڈیرہ لگا لیا لیکن دل کو سکون نا آیا میں نے یہاں بہت سال بھوک و افلاس میں رہی پھر ایک مہینے بعد مجھے رشن وغیرہ ملنے لگا ۔

میں جان گئی یہ کون بھیجتا ہے تمہارا جزیل بھیجتا تھا ۔

میرے دل کو سکون پتا ہے کب آیا جب میں نے تمہیں دیکھا تمہیں چھوا تم سے باتیں کی میں تمہارا انتظار کرتی رہتی لیکن تم کافی دنوں بعد آتی میرے لیے تو یہ بھی بہت تھا۔۔

میں چاہتی تھی میری سچائی میری زندگی میں تمہیں ناپتا چلے کہ میں تمہاری آنکھوں میں اپنے لیے نفرت نہیں دیکھ سکتی تھی ،

تم مجھے بہت عزیز ہو چکی تھی ۔

میرے گناہ اتنے ہیں کہ مجھے اللہ کے سامنے جاتے ہوئے شرم آرہی ہے خرد میرا کوئی نہیں جو میرے لیے مغفرت کی دعا کرئے لیکن خدا کو گواہ بنا کر کہتی ہوں تمہیں بیٹی مانا تھا خرد خرد مجھے معاف کردینا میں نے ساری زندگی اللہ سے معافی مانگ مانگ کر گزاری ہے وہ تو معاف کر بھی دے لیکن جو میں نے اپنے رشتوں کے ساتھ کیا ہے اسکی معافی شاید مجھے کبھی نا ملے ۔۔

لکھائی ٹیڑی میڑی ہو گئی تھی شاید ان سے لکھا نہیں جا رہا تھا ۔

خرد میرے لیے مغفرت کی دعا کرنا ۔

اللہ کرے تم جبریل کے ساتھ ہمیشہ خوش رہو ۔

آگے کے سارے صفحات خالی تھے ۔۔

وہ ہچکیوں سے رونے لگی تھی ہونٹوں پر سختی سے ہاتھ رکھے تھے اس نے لیکن وہ خود پر کنٹرول نہیں کر پا رہی تھی گھٹ گھٹ کر روتی وہ سمجھ نہیں پا رہی تھی اپنے کس کس رشتے کے لیے روئے ۔۔

لیلیٰ پھپھو خرد نے آپکو معاف کیا اللہ بھی آپکو معاف کردے آپ نے اپنے گناہوں کا کفارہ کر دیا ہے میں دعا کروں گئی آپ کے لیے مجھے آپ سے ایک عجیب سی انسیت تھی ۔۔

وہ روتے ہوئے خود سے بڑبڑا رہی تھی اس کا دل صاف تھا لیلیٰ کی طرف سے وہ چاہ کر بھی انہیں برا بھلا نہیں کہہ پا رہی تھی ۔۔

خرد کی کل شادی تھی مہندی کینسل کروا دی تھی خرد نے جزیل سے کہہ کر ۔

وہ بالکنی میں کھڑی تھی چہرے پر آفسردگی تھی ہاتھ سینے پر باندھے کندھے پر سنہری کام والا دوپٹہ رکھے وہ سامنے اونچائی کو چھوتے پہاڑوں کو دیکھ رہی تھی ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial

وہ گہری سانس لیتی نیچے آئی جہاں اسکا سامنا حاجب سے ہوا تھا ۔

وہ اسے گھورنے لگا جس پر وہ سنجیدگی سے اسے دیکھتی رہی ۔

پیچھے ہٹ جاو اگر منہ پیارا ہے تو ۔

وہ غصے سے بولی ۔

میری جگہ تھی یہ جس پر تم اتراتی پھرتی ہو ۔

وہ اسے گھورتا ہوا بولا۔۔

خرد صبح سے پہلی بار اب مسکرائی تھی۔۔

چچچ بہت غصہ آتا ہے بے بی کو لیکن کیا ہے نا یہ جگہ میری تھی تو یہ مجھے ہی ملنی تھی تم ساری زندگی سازشیں کرتے رہے ہو کیا لے پائے ہو میری جگہ ۔

وہ آئی برو اچکا کر طنز سے بولی۔۔

جس پر وہ اسے گھورتا ہوا سیڑیاں چڑ گیا ۔

وہ سنجیدہ ہوتی باہر نکل آئی ۔

کالونی میں خاموشی سی چھائی ہوئی تھی یا پھر اسکے دل میں سناٹا تھا تو اسے ہر جگہ ویرانی چھائی ہوئی نظر آ رہی تھی ۔

وہ سینے پر ہاتھ باندھے چلتی جا رہی تھی بلیک پینٹ شرٹ میں وائٹ دوپٹہ کندھے پر رکھے وہ دو پونیاں کیے ہوئے تھی چہرہ ستا ہوا تھا ۔

مائی کا کمزور چہرہ اسکی آنکھوں کے سامنے تھا جھڑیوں بھرا چہرہ ہڈیاں نظر آتی تھی چہرے کی وہ پنتالیس کی ہوں گئی لیکن وہ شکل سے اسی برس کی ہی لگتی تھیں ۔۔

وہ گنہگار تھی لیکن پتا نہیں کیا بات تھی انکا چہرہ اسکی آنکھوں میں جیسے سما گیا تھا ۔

اگلے موڑ پر وہ مڑی تھی جب وہ سامنے سے چلتا آرہا تھا ۔

سفید سوٹ، کندھوں پر براون چادر رکھے وہ اسے دیکھ کر رکا تھا ۔۔

خرد اسے دیکھتی بھاگی تھی اس کی طرف وہ اس کے سینے میں منہ چھپائے اونچا اونچا رونے لگی تھی ۔۔

وہ ٹھٹھک گیا تھا تو کیا وہ صبح سے روئے جا رہی ہے ۔

وہ اسکے بالوں پر ہاتھ پھیرتا خود سے بڑبڑایا تھا ۔

خرد اگر اب تم ایسے روئی تو تمہاری قسم ابھی اسی وقت پسٹل کی ساری گولیاں اپنے سینے میں اتار لوں گا میرے ہوتے اگر تم رو تو میرے لیے مرنے کا مقام ہے خرد ۔۔

وہ اب کی دفعہ غصے سے بولا تھا ۔

خرد نے جلدی سے ہتھیلیوں سے آنسو صاف کیے ۔

میں رو تو نہیں رہی تھی بس ایسے ہی کل شادی ہے تو آنسو آگئے ۔۔

وہ دوپٹے سے ناک منہ پھونچھتی ہوئی معصومیت سے بولی ۔۔

وہ ہلکا سا مسکرایا ۔

خرد آئی لّو یُّو

وہ اسکے کان کی لو کو ہونٹوں سے چھوتا ہوا گھمبیر لہجے میں بولا ۔

خرد ساکت سی ہوتی اسکی طرف دیکھتی رہی ۔

تم نہیں کہو گئی !

وہ اسکی ناک پر ہونٹ جماتا بولا تھا ۔

وہ جھٹ سے اس سے الگ ہوتی بھاگی ۔

وہ پھرتی سے اسے پکڑتا اپنے سینے سے لگا گیا تھا ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

یہ دوپٹہ میری خرد پر بہت سوٹ کرتا ہے ۔

وہ سنہری کام سے سجا دوپٹہ اسکے سر پر اوڑھتا ہوا گھمبیر انداز لیے بولا ۔

خرد نیم وا ہونٹوں سے اسے دیکھتی رہی آنکھوں میں محبت کے دیپ سے جلنے لگے تھے ۔

دل کی دھڑکنیں ایک الگ سا شور مچائے ہوئے تھی ۔۔

اسکا گندمی رنگت کا حامل چہرہ سفید دوپٹے میں کھل سا گیا تھا ۔

جزیل یہ دوُپٹہ تم نے بھیجا تھا نا میں پہلے تو سمجھی نہیں تھی لیکن بعد میں سمجھ گئی تھی ۔

وہ اسکے سفید کالے تل والے ہاتھ کو ہاتھوں میں لیتی ہوئی بولی تھی ۔

وہ مسکرایا ،

پتا ہے یہ دوپٹہ میں نے تمہارے لیے کہاں سے لیا تھا ۔۔

وہ مسکراتے لہجے میں بولا تھا ۔

خرد نے سوالیہ نظروں سے اسے دیکھا ۔

انڈیا سے اور آج سے چار سال پہلے ۔۔

وہ دوپٹے کو اسکے چہرے کے گرد ٹھیک کرتا ہوا بولا ۔۔

خرد نے چمکتی آنکھوں سے اسکی پشت پر ہونٹ رکھے تھے ٹھیک اس کالے تل کے مقام پر

---

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

مرحہ نے جھٹ سے گاڑی کو بریک لگائے --

اوپن ہوٹل میں مہک اور ابراز بیٹھے ہوئے تھے ۔

وہ آنکھوں سے گلاسز ہٹاتی حیرت سے اسے دیکھنے لگی۔

وہ دونوں کافی پی رہے تھے ۔

مہک کے چہرے پر غصے والے تاثرات تھے جبکہ ابراز کے چہرے پر شرمندگی والے تاثرات تھے

--

وہ لب بھینچتی ہوئی گاڑی کو پارک کرتی جلدی سے انکی طرف بڑھی --

موٹی نے سفید چکن کے ٹروزر پر گلابی چکن کی کمیض پہنی ہوئی تھی کندھے پر وائٹ چکن کا دوپٹہ اونچی پونی کانوں میں وائٹ ٹاپس وہ بہت پیاری لگ رہی تھی ۔

وہ کمر پر ہاتھ رکھے دونوں کو دیکھ رہی تھی ابراز کے منہ سے ساری کافی سامنے بیٹھی مہک پر گری تھی ۔

وہ حیرت سے مرحہ کو دیکھ رہا تھا ۔

جو گلاسز سر پر اٹکاتی ہوئی مسکرائی تھی ۔

ابراز جانتا تھا یہ مسکراہٹ کتنی خطر ناک تھی ۔

واٹ دا ہیل از دس !

مہک کھڑی ہوتی ہوئی غصے سے بولی ۔

وہ بھی کھڑا ہوا تھا۔۔

کون ہے یہ !

وہ کمر پر ہاتھ رکھ کر آئی برو اچکا کر بولی تھی ۔

مہک بھی ٹشو سے کپڑے صاف کرتی اسکی طرف پلٹی تھی ۔

تم کون ہو !

مہک نے اسے گھورتے ہوئے پوچھا ۔۔

بتا دیتی ہوں میں مسز ابراز ہوں ہماری شادی کو دو ماہ ہو چکے ہیں ۔

وہ ابراز کے ساتھ کھڑی ہوتی ہوئی بولی تھی ۔

مہک نے حیرت سے اسے اوپر سے لے کر نیچے تک دیکھا تھا۔

تم جھوٹ بول رہی ہو ۔

مہک حیرت سے بولی ۔

کیوں تم میری پھپھو کی بیٹی ہو جس سے میں جھوٹ بولوں گئی یی میرا شوہر ہے بہتر ہو گا اسکا پیچھے چھوڑ دو ورنہ تمہارے یہ دو من کے ہونٹ کھینچ کھینچ کر اور بڑے کر دوں گئی ۔۔

Classic Urdu Material
کلاسک اردو میٹریل
https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial

مرحہ غصے سے بولی --

ابراز لب بھینچے دونوں کو دیکھتا رہا ۔

مہک یہ میری وائف ہے مرحہ ابراز گڈ بائے اینڈ سوری یار_____

وہ مرحہ کا ہاتھ پکڑ کہتا ہوا چلا گیا جبکہ مرحہ حیرت سے خود کو اسکے ساتھ کھینچتا ہوا دیکھنے لگی ۔

ُپھر پلٹ کر دور کھڑی مہک کو دیکھا جو غصے سے دونوں کو گھور رہی تھی --

کیا حرکت تھی یہ ---

مرحہ اپنی کلائی کھینچتی ہوئی بولی ۔

کچھ نہیں !

وہ اسے گہری نظروں سے دیکھتا ہوا بولا۔

مرحہ پزل ہوئی اسکی جائزہ لیتی نظروں سے ۔

بات مت بدلو ۔

گرل فرینڈ تھی نا میرے سر بلال میر ا مطلب ہے سر بلال سے تو بہت مسلہ تھا تمہیں خود ہوٹلنگ گرل فرینڈ عشق وشق ہاں --

وہ کمر پر ہاتھ رکھتی غصے سے بولی ۔

اس بلال کی تو ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

وہ غصے سے مٹھیاں بھینچتے ہوئے بولا۔

خیر گرل فرینڈ کو گڈ بائے کہہ دیا ہے آخر مشرقی مرد ہوں بیوی سے وفا نبھانا جانتا ہوں ۔

وہ گردن اکڑا کر بولا ۔۔

مرحہ نے حیرت سے آنکھیں پھاڑے اسے دیکھا ۔

اور اپنا سامان باندھو اب ہم اپنی حویلی میں شفٹ ہوں گئے مجھے تو وہ مرد سخت زہر لگتے ہیں جو سسرال کا پانی پیتے ہیں ۔

وہ غصے سے ناک چڑھا کر بولا ۔

تم دو ماہ سے پانی روٹی چائے پتا نہیں اور کیا کیا کھا پی رہے ہو خود کو زیر نہیں لگے کبھی ۔۔۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

مرحہ آئی برو اچکا کر طنز سے بولی۔۔

خود کو کیوں زہر لگوں گا میں تو ماموں کے کہنے پر وہاں رکا ہوا تھا ورنہ بڑا خودار قسم کا مرد ہوں ۔

فخر سے ناک چڑھا کر کہا گیا۔۔

مرحہ نے اسے گھورا جس کے پاس ہر سوال کا جواب ہوتا تھا۔

وہ جواباً مسکراتا ہوا اسکے قریب آیا تھا ۔

جبکہ مرحہ جلدی سے دور کھڑی گاڑی کی طرف بھاگی تھی۔

ہاہاہا۔۔

وہ کھل کر ہنسا تھا۔

اسے وہ موٹی سے شرارتی سی لڑکی اچھی لگنے لگی تھی یا پھر محبت ہونے لگی تھی تب ہی تو وہ مہک سے معذرت کر گیا تھا۔۔

تم پھر سے گھر سے باہر نکل گئی تھی آخر تمہاری جان کو سکون کیوں نہیں آتا،

مرحہ کو بھیجا تھا میں نے تمہیں ڈھونڈنے ۔۔

صفورا بیگم نے کپڑے شاپنگ بیگ سے نکالتے ہوئے اس دیکھ کر ڈانٹا۔

مما بس چہل قدمی کے لیے یہی کالونی میں ہی گئی تھی۔

وہ انکے بیڈ پر لیٹتے ہوئے بولی۔

مایوں کے بعد لڑکی گھر سے نہیں نکلتی نظر لگ جاتی ہے ۔۔

انہوں نے اسے بازو سے پکڑ کر اٹھا کر بٹھاتے ہوئے کہا۔

اچھا اب نہیں نکلوں گئی کھانا بھیجوا دیں کسی کے ہاتھوں۔

وہ انکے کندھے پر لاڈ سے سر رکھتے ہوئے لاڈ سے بولی۔۔

اچھا سونا نا بھیجتی ہوں کھا کر سونا ۔۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

وہ کہتی ہوئی باہر نکل گئی ۔

خرد نے ان کے جانے کے بعد اپنی پاکٹ سے جزیل کا بریسلیٹ نکالا یہ بلیک کلر کا بریسلیٹ تھا جو شاید ٹوٹ کر اسکی بھاری کلائی سے گرا تھا وہ بریسلیٹ اس نے چپکے سے اپنی پاکٹ میں ڈال لیا تھا ۔

بریسلیٹ اپنی آنکھوں کے سامنے کرتے ہوئے وہ مسکرائی ۔

جزیل احمد

وہ کہتے ہوئے تکیے پر سر گرا گئی ۔۔"

••••••••••

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

آج خرد کی بارات تھی ۔۔

وہ میڈیم آج چار بجے ہی اٹھ چکی تھی پہلے اس نے نماز پڑھی پھر صفورا بیگم کے پاس بیٹھ کر یٰسین ۔۔

اس کے بعد وہ کچن میں تھی، صفورا بیگم پھر سے سو گئی تھی ۔

افففف مجھے تو چائے تک بنانی نہیں آتی اس دن کتنی بری چاے بنی تھی نا ___

اب میں کیسے چائے پیوں سب تو سو رہے ہیں ۔

وہ غصے سے جھنجھلائی ۔

پھر کچھ سوچتے ہوئے وہ اپنے کمرے میں آئی وہاں سے اپنی سرخ اون کی بنی شال اٹھا کر وہ باہر نکل آئی ۔

کالونی میں چھائی خاموشی صبح کا ہلکا ہلکا اندھیرا اسے بہت اچھا لگا تھا ۔

افففف کتنا پیارا منظر ہے میں اب روز اسی ٹائم واک پر آیا کروں گئی ۔۔

وہ خوش ہوتے ہوئے خود سے بولی ۔

صبح کے پانچ بج رہے تھے ۔۔

وہ اسکے گھر کے سامنے رکتی بیل بجا گئی تھی ۔

چوکیدار نے دو منٹ بعد ہی دروازہ کھول دیا تھا ۔

جی میڈیم !

چوکیدار نے اس سے پوچھا ۔

کیا سر گھر پر ہیں ۔

وہ ارد گرد دیکھتی ہوئی بولی ۔

جی وہ ابھی ایک گھنٹہ پہلے ہی آئے ہیں ۔

چوکیدار نے جواب دیا ۔

وہ سر ہلاتی ہوئی اندر آ گئی ۔

دروازہ کھولتی ہوئی وہ ہال میں آ گئی ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

جہاں اندھیرا تھا ۔

وہ دوسرے کوریڈور سے ہوتی اسکے کمرے کے سامنے آگئی ۔

کمرے کا دروازہ بند تھا ۔

افففف اب اتنی بھی کیا پرائیوسی کے بندا کمرے کا ڈور ہی لاک کر کے سوئے ۔۔

وہ ہینڈل گھوماتی ہوئی سخت غصے سے بڑبڑائی ۔

وہ دروازہ زور سے زور سے نوک کرنے لگی تھی ۔

ٹھیک پانچ منٹ بعد دروازہ کھلا تھا ۔

وہ بنا شرٹ کے براون پینٹ میں بکھڑے بالوں سے اپنی خمار آلود آنکھوں سے اسے دیکھ رہا تھا

۔

خرد گھبرائی ۔

وہ اسے دیکھ کر دوبارہ بیڈ پر گر گیا تھا منہ تکیے میں دیئے الٹا سوتا وہ خرد کو غصہ دلا گیا تھا۔۔۔

وہ اسکے گھر آئی تھی اور وہ تھا کہ اسے اگنور کیے سو گیا تھا ۔

جـــــزیل !

وہ اس کے کندھے کو ہلاتی ہوئی اُسے پکار رہی تھی ۔

خرد مجھے سخت نیند آرہی ہے یار دو دن سے ٹھیک سے سو نہیں پایا ۔

وہ خمار آلود آواز میں بولا تھا ۔

سو جانا لیکن مجھے اپنے ہاتھ کی وہ مزے دار سے چائے تو بنادو میں پی کر چلی جاوں گئی ۔

وہ منہ بسور کر بولی ۔

خرد مائے ہارٹ خود بنا لو۔

وہ نرم لہجے میں آنکھیں بند کیے ہی بولا تھا۔

اٹھ جاو اگر اپنے ہاتھ کی بے مزہ پینی ہوتی تو گھر میں ہی بنا کر پی لیتی اٹھو مجھے چائے بنا کر دو ۔

وہ ضدی لہجے میں بولی تھی ۔۔

خرد نا تنگ کرو یار !

وہ سیدھے ہوتے ہوئے بولا۔

نہیں بنا کر دو گے ۔

اس نے خفگی سے پوچھا۔

وہ گہری سانس لیتا اچانک سے اسکی کلائی پکڑ کر اسے خود پر گرا گیا تھا ۔

خرد ایک دم سے اس پر گری تھی۔

وہ آنکھوں میں دنیا جہاں کا پیار لیے اسے دیکھ رہا تھا ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial

خرد بھوکھلاتے ہوئے اس سے ہٹنے لگی تھی جب وہ اسکے گرد اپنی مضبوط بانہیں حمائل کر گیا تھا۔

ی ی یہ کیا حرکت ہے !

وہ بھوکھلاتے ہوئے بولی ۔

اسے حرکت نہیں رومینس کہتے ہیں مائے وائف ، صبح صبح نیند خراب کی ہے اب کچھ تو خمیازہ بھگتنا پڑے گا ڈارلنگ۔

وہ اسکا چہرہ اپنے ہونٹوں کے نزدیک کرتے ہوئے گھمبیر لہجے میں بولا ۔

خرد نے مچلتے ہوئے اس سے پرے ہونا چاہا لیکن وہ بھول گئی تھی یہ گرفت جزیل احمد کی تھی کوئی عام گرفت نہیں ۔

خرد اب کوئی حرکت نا کرنا ۔

وہ سخت لہجے میں بولا ۔

خرد سٹل ہوئی تھی ۔

وہ اسے لیے ایسے ہی بیڈ پر بیٹھا تھا۔

میری خرد کو چائے پینی ہے ۔

وہ آئی برو اچکا شرارت سے بولا ۔

خرد نے غصے سے نفی میں سر ہلایا ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

لیکن میری نیند اب خراب ہو چکی ہے میں اب اپنی وائف کے ساتھ چائے پینا چاہتا ہوں ۔

وہ اسکے چہرے کو غور سے دیکھتے ہوئے بولا تھا ۔

مجھے نہیں پینی مجھے گھر جانا ہے ۔

وہ خفگی سے بولی ۔

وہ اسے ایسے ہی گود میں لیے اٹھا اور باہر نکل گیا ۔

کچن میں لا کر اسے شلف پر بٹھایا۔

وہ ایک دم سے اسکے چہرے پر جھکتا اسکے ہونٹوں کو اپنے لبوں سے نرمی سے چھو گیا تھا ۔

خرد ساکت ہوئی تھی ۔

وہ مسکراہٹ ضبط کرتا کیتلی میں دودھ ڈالنے لگا ۔

خرد آنکھیں پھاڑے اسے دیکھتی رہی جبکہ دل تھا کہ ساری دیواریں توڑ باہر آنے کے لیے مچلنے لگا تھا ۔۔

وہ ابلتے ہوئے دودھ میں چینی پتی ڈالتا اسے کن آنکھیوں سے دیکھتا ہلکا سا مسکرایا ۔

شال اسکی اندر ہی کہی گر گئی تھی ۔

وہ نائٹ سوٹ میں تھی جو کہ وائٹ سلک کا تھا کھلا سا ٹروزر اس پر کھلی سے شرٹ جس پر بھالوں بنے ہوئے تھے ۔۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

پونیاں خراب ہو چکیں تھیں ۔

خرد کتنا دیکھو گئ یار نظر لگ جائے گی مجھے پھر برات کیسے لاوں گا تمہارے دروازے پر ۔۔

وہ چائے کو کپس میں ڈالتا ہوا شرارت سے بولا ۔

جس پر وہ خفگی سے اسے دیکھتی سر جھکا گئ ۔

میری خرد کے لیے اسکے ہسبنڈ کی طرف سے گرم گرم ٹی ۔

وہ اسکی طرف بلیک مگ بڑھاتا ہوا بولا ۔

مجھے نہیں پینی !

وہ خفگی سے کہتے ہوئے نیچے اتری ۔

خرد چائے پیئے بغیر تم یہاں سے ہل بھی نہیں سکتی ۔

وہ اسے تھامتا ہوا نرم لہجے میں بولا ۔۔

خرد تم شرما رہی ہو!

وہ۔اسکا چہرہ انگلی سے اوپر اٹھاتا ہوا دھیمے لہجے میں بولا ۔

جس پر وہ اسے گھورتے ہوئے چائے پکڑ گئ تھی اس کے ہاتھ سے ۔

Classic Urdu Material
https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial

وہ چائے پیتے ہوئے اسے دیکھتا رہا جبکہ وہ سر جھکائے چائے ختم کرتی کپ ٹیبل پر رکھتی بھاگ گئ تھی وہ چائے کے سپ لیتا اسکی پشت دیکھتا مسکرایا اسکی قیمتی نیند وہ خراب کر کے بھاگ گئ تھی ---

صبح کے چھ بج چکے تھے جب وہ چوری چوری گھر میں اینٹر ہوتی اپنے کمرے کی طرف بھاگی تھی

۔

بند دروازے سے ٹیک لگاتی وہ مسکرائی تھی ۔

یہ مسکراہٹ اچانک سے ہی اسکے ہونٹوں پر چمکی تھی --

مرر کے سامنے آتی وہ دونوں پونیاں کھولتی خود کو رشک سے دیکھتی ہنسی تھی ۔

اسکا رشک کرنا بنتا تھا اسکے نصیب میں اللہ نے جـــــزیل لکھا تھا ۔

سامان پیک کردو میں حویلی جا رہا ہوں سامان چھوڑ آتا ہوں پھر بینکوئٹ سے ہی حویلی کی طرف روانہ ہو جائیں گئے ۔

وہ چائے پیتی مرحہ سے بولا ۔

جو بیڈ پر نیم دراز سی لیٹی چائے کے سپ لیتی اسے بھی دیکھ لیتی جس کی تیاری ختم ہونے کا نام نہیں لے رہی تھی ۔

وہ ریڈ ٹی شرٹ بلیو جینز میں بہت ہینڈسم لگ رہا تھا ۔

اوکے ۔

وہ بس اتنا ہی بولی ۔

پہلوان جی خیریت آج کچھ چپ چپ سی ہو ۔۔

وہ اسکی طرف آتا ہوا اس سے پوچھ رہا تھا ۔

بس ایسے ہی خرد کی رخصتی ہے تو میری بھی تو رخصتی ہی ہو گئی نا تو بس اداس ہوں ۔۔

وہ سنجیدگی سے بولی ۔

ہاہاہا ۔

سیریسلی یار تم بہت مزاحیہ ہو ایک تو مجھے گھر داماد کے سارا دن طعنے دیتی تھی آج اگر میں خودار جمائی بنا ہوں تو میڈیم کو گھر چھوٹنے کا دکھ کھائے جا رہا ہے واوا میرے مولا تیری دنیا نرالی ۔۔

وہ اسکے پاس بیٹھتا ہوا قہقہ لگاتا بولا تھا ۔

مرحہ نے اسے گھورا ۔۔۔۔

تم سے تو بات کرنا ہی فضول ہے ۔۔

وہ منہ بناتے ہوئے بولی ۔

مجھ سے بات تو تمہیں ساری عمر کرنی پڑے گئی او ہاں مجھے دیر ہو رہی سویٹ ہارٹ مجھے حویلی پہنچنا تھا لیکن تم نے تو باتوں میں ہی الجھا کر رکھ دیا ہے ۔۔

وہ اسکے سر پر ہلکی سی چپٹ لگا کر کہتا ہوا موبائل پکڑ کر باہر بھاگ گیا۔۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

پاگل !

وہ چاے پیتے ہوئے بڑبڑائی تھی لیکن ہونٹوں پر دھیمی سی مسکان سجی ہوئی تھی ۔

ہم دونوں میاں بیوی ٹھیک تھے لیکن اس نے ہمیں اولاد سے اس لیے محروم رکھا کہ اس نے تمہیں ہمیں سونپنا تھا ہو سکتا ہے اگر ہماری کوئی اولاد ہوتی تو ہم تم سے انصاف نا کر پاتے ۔۔

انہی دنوں تقی بھائی نے ہمیں حاجب دے دیا حاجب اس وقت دو سال کا تھا بھائی نے یہ کہہ کر دیا کہ جب تم لوگوں کی اولاد ہو تو حاجب ہم لے لیں گئے ۔

ہم نے بھی لے لیا کہ صفورا اور میں بزی رہیں گئے اس میں ۔۔

لیکن وہ تشنگی نہیں گئی ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/classicurdumaterial/

حاجب ایک میچیور بچہ تھا وہ ہم سے اتنا اٹچ نہیں ہو پایا ۔۔

ہماری بھی اسے دیکھ کر تشنگی نہیں مٹتی تھی ۔

انہی دنوں ہم کراچی شفٹ ہو گئے حاجب بھی ہمارے ساتھ تھا۔۔

جاب سارا سارا دن روتا رہتا حلانکہ میں اور صفورا اسکا بہت خیال رکھتے تھے ۔۔

ایک دن ہمیں بزنس میٹنگ میں بہت دیری ہو گئی تقریباً رات کے دس بجے کا ٹائم تھا حاجب بھی ہمارے ساتھ تھا وہ اس وقت چار سال کا تھا ۔۔

ہم آرہے تھے جب راستے میں ہمیں ایک بچی کی اونچی آواز میں رونے کی آواز سنائی دی ہم نے دھیان نہیں دیا اب میں نے جھٹ سے گاڑی کو بریک لگائے کہ ایک دو سال کی بچی پنک فراک میں سڑک پر بیٹھی رو رہی تھی دو تین کتے اس کے سامنے تھے ہم ٹھٹھک کر باہر آئے کتوں کو بھگایا اور بچی کو صفورا نے پکڑ ا ہم نے ساری سڑک چھان ماری کہ شاید بچی کے ماں باپ بچی کو ڈھونڈ رہے ہوں لیکن ہمیں کوئی نا ملا بچی کو سخت بخار تھا ہم نے بچی کو ہسپٹل ایڈمٹ کروا دیا اور میں پولیس سٹیشن چلا گیا بچی کے بارے میں پوچھ گچھ کی لیکن کسی نے اس بچی کے لیے رپورٹ درج نہیں کروائی تھی ۔۔

بچی ہمارے پاس ہی تھی وہ صفورا اور مجھ سے بہت اٹچ ہو گئ تھی ۔۔۔۔

ایک دو ماہ ہم گھر واپس آگئے بچی ہمارے ساتھ تھی حاجب بھی ہمارے پاس ہی رہ رہا تھا سب نے بہت مخالفت کی لیکن ہم تمہیں خدا کا دیا ہوا تحفہ سمجھ کر تمہیں اپنے پاس رکھ چکے تھے ۔

تمہارا نام میں نے بہت محبت سے رکھا تھا کہ مجھے بیٹی ہی چاہیئے تھی ۔

انہی دنوں حاجب نے الٹی سیدھی حرکتیں کرنا شروع کردیں ۔۔

وہ تمہیں مارتا تمہارا دودھ چھین لیتا وہ بچہ یہ سب تم سے جیلسی میں کرتا تھا ۔۔

اسی طرح دن گزر رہے تھے جب تم پانچ سال کی تھی اور وہ ساتھ سال کا تو اس نے تمہیں سیڑیوں سے گرا دیا تھا --

بس ہم نے تبھی ہی فیصلہ کر لیا حاجب کو بھائی صاحب کے حوالے کرنے کا --

حاجب اس لیے تم سے بہت چڑتا ہے وہ دونوں طرف سے پیار سمیٹ رہا تھا اسے تمہاری مداخلت پسند نہیں آئی تھی --

سجاد نے جو کیا تھا میں نے اسے بہت سزا دلوانی چاہیئے لیکن وہ راتوں رات غائب ہو گیا --

جب دوسری بار اس نے یہ سب کیا تو میں کوما میں تھا تم نے اسے مار کر میرا سینہ چوڑا کر دیا تھا اگر تم نا مارتی تو تمہارا باپ اسے ضرور مار دیتا --

خرد آج ان سے اپنے بچپن کی باتیں سن رہیں تھی وہ انکی گود میں سر رکھے ہوئے تھی اور وہ اسکے بالوں میں انگلیاں پھیرتے ہوئے اسے بتا رہے تھے --

صفوار بیگم اسکا لہنگا نکال رہی تھی جو ابھی جزیل نے بھیجوایا تھا --

آپ ورلڈ کے بیسٹ ڈِیڈ ہیں ___

جب میں ملک در ملک گھومتی تھی تو میں سب سے زیادہ آپکو ہی مس کرتی تھی --

وہ انکی پیشانی چومتی محبت بھرے لہجے میں بولی ۔

جس پر وہ ہنسے جبکہ صفورا بیگم نے اپنی بیٹی کو زبردست گھوری سے نوازا --

آپکو بھی مس کرتی تھی لیکن میرے ڈیڈ کی تو بات ہی وکھڑی ہے --

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/classicurdumaterial/

وہ کہہ کر انکے گال پر ہونٹ رکھتی ان سے لپٹ گئی --

میری پیاری بیٹی ۔

وہ بھی مسکراتے ہوئے بولے تھے --

اگر لاڈ کر لیا ہو اپنے ورلڈ کے بیسٹ ڈیڈ سے تو بیوٹی پارلر چلی جاو مرحہ انتظار کر رہی ہو گئی جاو اب ٹائم نا ویسٹ کرو --

صفورا بیگم نے اسے سب چیزیں شاپنگ بیگ میں ڈال کر دیتے ہوئے کہا۔

وہ منہ بسورتی ہوئی اٹھی --

ان سے شاپر لیتی وہ انکے گال چومتی ہوئی باہر نکل گئی --

ہیچھے وہ دونوں آفسردہ ہوئے تھے خرد کے وجود سے انکی زندگی میں بہت رنگ تھے وہ دونوں خوش بھی بہت تھے کہ انکی بیٹی اپنے گھر کی ہونے والی ہے ۔

ٹھاہ ٹھاہ ---

اسکی بارات میں فائر ورکس آتش بازی سب کچھ کیا تھا اشعر ، ابراز اور اسکی ٹیم فرینڈ نے ۔

وہ بلیک شیروانی میں وائٹ پگڑی جس پر بلیک موتی لگے ہوئے تھے کالا کھوسہ ،اپنی گہری نیلی میں ایک انوکھی چمک لیے وہ پہچانا نہیں جا رہا تھا ---

ایسا خوبصورت دلہا تو ہم نے اپنی زندگی میں نہیں دیکھا --

عورتوں کے یہی ریمارکس تھے اسے دیکھنے کے بعد ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial

شرجیل ملک ،نینا (اشعر کی بہن) اسکے ساتھ ساتھ چل رہے تھے ۔

بارات پر پھولوں کی برسات کی گئی تھی ۔۔

آگے آگے لڑکے ڈانس کر رہے تھے ان میں سب سے آگے ابراز تھا جو ایسا ڈانس کر رہا تھا کہ سب ہنس ہنس کر لوٹ پُوٹ ہو رہے تھے گوڑیاں بھی نچائی گئی تھی جس پر لڑکوں نے خوب پیسا اڑایا تھا ۔

وہ دھیمی سی مسکان سجائے نظر لگ جانے کی حد تک پیارا لگ رہا تھا ۔۔

مرحہ اور سب لڑکیاں ان پر پھولوں کی برسات کرتے انہیں اندر لائیں تھیں۔۔

ابراز تو ابھی بھی اشعر کو ساتھ لیے لوڈیاں ڈال رہا تھا آخر اسکے ماموں ،بھائی ،دوست ، محافظ وہ ابراز کے لیے سب کچھ تھا اس نے باپ بھائی بن کر پالا تھا اسے ہر قدم پر اسکی حفاظت کی تھی اس نے! درحقیقت جزیل اسے خود سے بھی زیادہ عزیز تھا پھر خوش ہونا تو بنتا تھا نا اسکا ۔۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

جنید صاحب اور رحمٰن صاحب نے سب باراتیوں کو پھولوں کے ہار پہنا کر انکا استقبال کیا تھا ۔

جزیل احمد کو سٹیج پر بٹھانے کے بعد مولوی صاحب کو سٹیج پر لایا گی تھا انکا دوبارہ سے نکاح کرویا گیا تھا ۔۔

مرحہ سٹیج پر آئی اس نے پھولوں کے تھال سے ایک سنہری رنگ کی خوبصورت گولڈ واچ اسے پہنائی تھی یہ رسم بہن کرتی ہے مرحہ اسکی بہن ہی تو تھی ۔۔

جواباً اس نے مرحہ کو پچاس ہزار نقدی دی تھی --

مرحہ نیوی بلیو کلر کی ہیوی فراک میں تھی فراک پر سلور کلر کا کام کیا گیا تھا جس کے سلیوز ہاف تھے ان پر سلور موتی لگے ہوئے تھے گلا سادہ تھا جبکہ دامن پر خوب موتیاں کا کام کیا گیا تھا --

وہ گلے میں سلور کلر کی چنری لیے بالوں کو سٹریٹ کیے ،سلور ہی بڑے بڑے جمکے پہنے ڈارک گلابی لپسٹک لگائے وہ انتہا کی خوبصورت لگ رہی تھی اسکی تو آج چھب ہی نرالی تھی وہ جو بھی چیز پہنتی تھی اس پر جی بھر کر سوٹ کرتی تھی --

ابراز نے اسے کندھا مارا ۔

اس نے پلٹ کر اسے گھورا جو نیوی بلیو تھری پیس سوٹ میں اپنی نیلی آنکھوں میں شرارت لیے اسے دیکھ رہا تھا۔

کیا ہے تم دھکے مارنے سے باز کب آو گئے ہاں ۔

وہ کمر پر ہاتھ رکھتی آئی برو اچکا کر پوچھ رہی تھی ۔

کندھا مارا ہے دھکا تو نہیں مارا موٹی اور ان پیسیوں میں میرے بھی پیسے ہیں میں خرد کا بھائی ہوں تو میرا بھی حصہ بنتا ہے ان پیسوں میں --

وہ اسے آنکھ مارتے ہوِے بولا --

یہ ملے گا ۔

وہ اسے ٹھینگا دیکھاتے ہوئے بولی پھر ہلکی سی مسکان سے اسے دیکھ کر پلٹ گئی ۔

باراتیوں کے لیے کھانا کھول دیا گیا تھا ۔

ماہ وائٹ فراک پہنے بال کھولے گال پر ہاتھ رکھے دور بیٹھے جزیل کو دیکھے رہی تھی ۔

چہرے پر غصے والے تاثرات تھے ۔

مرحہ سب کو پوچھ رہی تھی کہ آپ لوگوں کو مزید کسی چیز کی ضرورت تو نہیں ۔۔

آج تو سب خرد کے کزنز بھی باراتیوں کی خوب آو بھگت کر رہے تھے ویٹر سے ہر ٹیبل پر خود کھانا لگوا رہے تھے ۔۔

صفورا ، عالیہ ، ماریہ تینوں گرین ساڑی زیب تن کیے اونچے جوڑے کیے ہوئے تھیں ۔۔

صفورا بار بار نم آنکھیں صاف کرتی پھر مسکرا دیتیں ۔۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

تب ہی دلہن آنے کا شور اٹھا تھا ۔

میوزک بھی اسی وقت گونجا تھا ۔

"*بابا کی رانی ہوں

آنکھوں کا پانی ہوں

بہہ جانا ہے جسے دو پل کہانی ہوں

ماما کی بیٹیاں ہوں آنگن کی مِٹیاں ہوں

ٹک ٹک نہارے جو پردیسی چھٹیاں ہوں "**

میوزک میں گونجتا سونگ جنید صاحب کی آنکھوں میں پانی لے آیا تھا وہ تو خرد کی نا کوئی شرارت انجوائے کر سکے نا اسکے اولاڈ اٹھا سکے کیسے بد نصیب تھے وہ _____

تقی صاحب نے اسکے کندھے پر ہاتھ رکھ کر اسے تسلی دی تھی ۔

جنید آنسو پونچھتا پھیکا سا مسکرایا تھا ۔

خرد پر روشنیوں کا سیلاب سا چمکا تھا ۔

وہ وائٹ لہنگے میں تھی جس پر گولڈن بھاری کام کیا گیا تھا فل سلیوز تھیں دوپٹہ گولڈن کلر کا تھا ہیوی میک اپ میں ڈارک مہرون لپ سٹک لگائے بالوں کا جوڑا بنائے آگے دو لٹوں کو چھوڑا گیا تھا جن کو کرل کیا ہوا تھا ۔

وہ ہلکا سا مسکرائی تھی جس پر جـــــنیل احمد کا دل دھڑکا اٹھا تھا ---

اسکے ایک طرف رحمٰن صاحب تھے تو دوسری طرف صفورا بیگم تھیں --

وہ دھیمی مسکان ہونٹوں پر سجائے بنا نظریں جھکائے چل رہی تھی ۔

اس پر ہار سنگار بہت سوٹ کر رہا تھا خاص کر مہرون لپ سٹک جس سے اسکے بھرے بھرے ہونٹ نمایاں تھے۔

وہ سیڑیاں اترتا نیچے اترا تھا۔

خرد وہی رک گئی وہ دھیمی مسکان سے اسے اپنی طرف آتے ہوئے دیکھنے لگی۔

سب لوگوں کی توجہ کا مرکز وہ دونوں ہی تھے۔

وہ خرد کے بالکل سامنے آرکا تھا۔

وہ دوبوں ارد گرد کے ماحول سے غافل ہوتے ایک دوسرے کو دیکھ رہا تھے۔

جس پر سب کے ہونٹوں ہر مسکراہٹ آئی تھی۔

ابراز نے سٹی بجا کر خوب ہوٹنگ کی تھی۔۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

"میرے یار کی شادی ہے"

گونجتا گانا اور ابراز کے ڈانس پر وہ دونوں ایک دوسرے سے نظریں ہٹا گئے۔

جزبیل نے اسکی طرف ہاتھ بڑھایا تھا۔

وہ ہونٹوں کو بھینچتی رحمٰن صاحب کو دیکھنے لگی ____

جواباً انہوں نے اسکا مہندی چوڑیوں اور انگوٹھیوں سے سجا ہاتھ اسکی شفاف ہتھیلی پر رکھ دیا تھا۔

وہ اسے ساتھ لیے سٹیج کی طرف بڑھنے لگا تھا۔

رخصتی کے وقت وہ سب کے گلے لگ کر خوب روئی تھی ۔

بلکہ پورے راستے وہ روتی ہی آئی تھی مرحہ اسکے ساتھ گاڑی میں بیٹھی تھی جـــــزیل آگے تھا جبکہ ابراز گاڑی ڈرائیو کر رہا تھا ۔

وہ رات کے چار بجے کمرے میں آیا تھا اسے اچانک ہی فون کال آگئی تھی ایک گیمنگ کے پیچھے وہ پچھلے تین مہینے سے پڑا ہوا تھا آج اگر نا جاتا تو وہ انہیں کبھی نا پکڑ پاتا ۔۔

جب وہ نکلا تھا تو خرد کے چہرے پپر کتنے غصے والے تاثرات تھے وہ اچھے سے جانتا تھا لیکن کیا کرتا فرض پہلے تھا۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

وہ اسکی طرف آتا بے ساختہ مسکرایا تھا ۔

خرد ڈریس چینج کر چکی تھی تھی وائٹ نائٹ سلیوز لیس سوٹ اوپر ریڈ ریشمی گون جس کے بازوں فل تھے دو پونیاں کیے تکیے کو خود سے لگائے وہ الٹی سیدھی لیٹی نیند میں پوری طرح غرق تھی۔۔

وہ اس کے قریب دھیمے قدموں سے چلتا آرکا تھا ۔

خرد !

اس نے دھیمے سے پکارا تھا اسے ۔

خرد کی آنکھ پہلی ہی پکار پر کھل چکی تھی لیکن ڈیٹھ بنی آنکھیں بند کیے وہ پڑی رہی ۔

وہ اسکے پاس بیٹھ چکا تھا ۔

خرد جزیل احمد میں جانتا ہوں آپ اٹھ چکیں ہیں پھر نیند کی ایکٹنگ کیوں ہاں ۔

وہ اسکا ناک کھینچتا ہوا نرم لہجے میں بولا ۔۔

بات مت کرو مجھ سے مجھے سخت نیند آرہی ہے ۔

وہ ہنوز آنکھیں بند کیے غصے سے بولی ۔

خرد مائے ڈول اتنا غصہ ،

وہ اسے زبردستی اٹھا کر بٹھاتے ہوئے مسکراتے ہوئے لہجے میں بولا تھا۔

کیا چاہتے ہو سونے کیوں نہیں دے رہے مسلہ کیا ہے ۔

وہ اسے گھورتے ہوئے بولی ۔

سوری مجھے تمہیں ایسے چھوڑ کر اچانک سے جانا پڑا بہت اہم اپریشن تھا اگر آج نا جاتا تو پھر کبھی

وہ میرے ہاتھ نا آتے کیا تم ایسا چاہتی ہو کہ ہمارے ملک کے دشمن کھلے عام پھریں ۔۔

وہ اسکا گون ٹھیک سے اسکے کندھے پر جماتا ہوا بہت نرم لہجے میں بولا ۔

خرد اسے گھورتی رہی ۔

کھانا کھایا تھا ۔

جزیل نے پوچھا۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

جواباً خفگی میں نفی سے سر ہلایا گیا تھا۔

خرد! کھانا ہمیشہ ٹائم پر کھانا چاہیئے ۔

وہ اٹھ کر شرٹ کے بٹن کھولتا ہوا بولا ۔

وہ فل بلیک ڈریس میں تھا ۔

شرٹ اتار کر کبڈ سے ایزی ٹروزر شرٹ نکال کر وہ واش روم میں چلا گیا ۔

خرد تکیہ گود میں رکھے بیٹھی تھی جب وہ چونکی ۔

اسکی ٹانگ پر سفید پٹی بندھی ہوئی تھی۔

اس نے اب غور کیا جب وہ واش روم میں گیا تھا تو وہ ہلکا سا لنگڑا کر چل رہا تھا ۔

وہ جھٹ سے کھڑی ہوتی اسکے قریب آئی ۔

کیا ہوا ہے تمہاری ٹانگ کو ۔۔

وہ اسے جھٹ سے ٹروزر نیچے کرتے ہوئے دیکھتی تیز لہجے میں بولی ۔

کچھ نہیں ہوا بس گر گیا تھا تو ہلکی سی چوٹ لگی تھی ۔

وہ کھڑا ہوتا مسکراتے ہوئے بولا ۔

تمہیں گولی لگی ہے نا ؟

وہ اسکے قریب آتی بھرائے ہوئے لہجے میں بولی ۔۔

خرد یار کیا ہو گیا ہے یہ چھوٹی موٹی چوٹیں مجھے کچھ نہیں کہتیں سو ڈونٹ وری اباوٹ اٹ ۔

Classic Urdu Material
https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

وہ بیڈ کے قریب آتا ہوا بولا ۔

وہ بیڈ پر نیم دراز ہوتا اسے اپنے پاس آنے کا اشارا کر گیا تھا ۔

وہ بہت تھکاوٹ سی محسوس کر رہا تھا چار پانچ دن سے وہ ٹھیک سے لیٹ تک بھی نہیں سکا تھا اسے ٹائم ہی بہت کم ملا تھا پھر شادی کی تیاریاں سرچ اپریشن اب اسکی آنکھیں دکھ رہیں تھیں ۔

خرد دھیمے دھیمے قدموں سے چلتی اسکے پاس بیڈ پر چڑ کر بیٹھی ۔

خرد آئی ایم اوکے !

میں ٹھیک ہوں تم خاموش مت ہوا کرو بولتی رہا کرو جب تم بولتی ہو تو دل کو ٹھنڈک سے پڑتی ہے مانو ایسے لگتا ہے میرے ابھی بھی دو بہت پیارے رشتے میرے آس پاس ہیں ۔

وہ اسکا سر ہونٹوں سے چھوتا ہوا نرم لہجے میں بولا ۔

میں تمہیں کسی تکلیف میں نہیں دیکھ سکتی ۔

وہ منہ بسور کر بولی ۔

کس نے کہا مجھے تکلیف ہو رہی ہے مجھے کوئی تکلیف نہیں ہو رہی بس تھک گیا ہوں یار ادروائز کچھ نہیں --

وہ اسے اپنی گود میں بٹھاتے ہوئے بولا۔

خرد جھجھکی تھی اسکی قربت سے ۔

خرد تم جانتی ہو جب تم کھو گئی تھی میں کتنا پریشان ہو گیا تھا روتا رہتا تھا مجھے میری آیت میرے سامنے چاہیئے تھی ۔

اسکا لڑکھڑا کر چلنا اسکا بولنا جو مجھ سمجھ نہیں آتا تھا لیکن میں سنتا غور سے تھا ۔۔

خرد یار میں تمہارے بنا خود کو ادھورا سا محسوس کرتا تھا۔

اس حادثے میں، میں اور ابراز بچ گئے تھے کیونکہ ہم بورڈنگ سکول میں ہوتے تھے اس ہولناک حادثے میں میں ٹوٹ گیا تھا لیکن شرجیل انکل نے مجھے اور ابراز کو بہت محبت سے سنبھالا وہ ایک سیکرٹ ایجنٹ آفسر تھے میں بھی انہی کی طرح مضبوط بننا چاہتا تھا انہوں نے ہر قدم میں میری رہنمائی کی ۔

سیریل کِلر بننا بھی میری جاب کا حصہ تھا۔

تمہیں تو میں جب تم تیرہ سال کی تھی تب ہی ڈھونڈ چکا تھا رحمٰن صاحب تمہیں باہر بھیج چکے تھے سجاد والے حادثے سے میں آگاہ نہیں رہا یہ میری بہت بڑی کتاہی تھی ۔

خیر میں نے سارا پتا کروالیا تھا رحمٰن اور صفورا بیگم تمہیں بہت چاہتے تھے تمہیں انہوں نے خود سے بڑھ کر چاہا تھا یہ باتیں میرے بے چین دل کو سکون فراہم کر گیئں تھیں ۔

میں نے ابراز کو بھی تمہارے پیچھے بھیجا اور کہا اسکی حفاظت کرنا اسکی ہر بات سے مجھے آگاہ رکھنا

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

وہ یہ ڈیوٹی بہت اچھے سے انجام دیتا رہا تھا ۔۔

خرد اسکی گود میں نیم دراز سی اسے دیکھتی رہی وہ اسکے گلابی کٹاو دار ہونٹوں کو بہت قریب سے ہلتے ہوئے دیکھ رہی تھی ۔

حاجب کا مجھے پتا چل چکا تھا اسے دو تین بار اچھے سے پٹوا چکا تھا لیکن وہ خبیث سدھرا نہیں ۔

خیر انہی دنوں جب تم کافی سال بعد ابراڈ سے واپس آئی تو مجھے تمہیں مارنے کی سپاری دی گئ ۔۔

تمہاری تصویر دیکھ کر میں ٹھٹھکا تھا دل کیا اسے ابھی گولیاں سے بھون دوں لیکن میں کھیل کھیلنا چاہتا تھا میں اسکی حد ناپنا چاہتا تھا

وہ جیل میں سڑ رہا ہے باپ بہت پیسہ بہا رہا ہے لیکن اسکا بیٹا اب اپنی باقی زندگی جیل میں ہی گزارے گا ۔۔

وہ نفرت سے بولا تھا ۔

خرد نے بے ساختہ اسکی گردن میں منہ دیا ۔

وہ بھی اسے خود میں بھینچ گیا تھا ۔

جزیل تم اتنے کوجے کیوں ہو ۔

وہ اسکی گردن میں منہ دیئے مسکراتے لہجے میں بولی تھی ۔

وہ مسکرایا اسکی شارگ کو خرد کے چھوتے ہونٹ اسے دنیا جہان کا سکون مہیا کر گئے تھے ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

کیونکہ میری بہت خوبصورت جو ہے ۔

وہ بھی جواباً مسکراتے لہجے میں بولا تھا ۔

وہ مسکرائی ۔

جبکہ وہ اسکے سر پر اپنا چہرہ اٹکاتا ہوا آنکھیں موند گیا ۔

مرحہ کی صبح آنکھ کھلی تو روم میں وہ اکیلی تھی ۔

ابراز روم میں نہیں تھا۔۔

رات کو کتنی بخث کر کے وہ اسکے ساتھ بیڈ پر سویا تھا ۔

اسکی بخث یاد کر کے وہ مسکرا دی ۔

ابھی مسکراہٹ اسکی ہوبٹوں پر ہی تھی جب وہ فریش سا روم میں آیا ۔۔

زہے نصیب آج بڑی مسکراہٹ پھوٹ رہی ہے پہلوان کے زہریلے ہونٹوں سے ۔

آخر رات کا بدلہ بھی تو اچکانا تھا کتنی زور سے مرحہ نے اسکے ہاتھ پر کاٹا تھا۔

پہلوان ہو گئے تم خود شرم نہیں آتی بیوی کو موٹا بولتے ہوئے تمہاری ساتھ تو وہ بڑے بڑے ہونٹوں والی ہی سوٹ کرتی تھی اور خود کیا ہو سوکھی چمڑی ۔۔

وہ منہ بناتے ہوِے بولی ۔

جس پر وہ کھل کر مسکرایا ۔

یار کتنا غصہ کرتی ہو تمہیں تو خدا کا شکر کرنا چاہیئے جس نے اتنا پیارا ، شریف ، خودار ، مشرقی ، ہینڈسم شوہر عطا کیا ہے لیکن تم ہو کہ ناشکری عورت ۔

وہ زبردستی اسکے ساتھ بیٹھتا سنجیدگی سے بولا ۔

آفسوس ان میں ایک بھی کوالٹی تم میں نہیں ہے --

وہ ناک چڑھا کر بولی ۔

جواباً ابراز نے اسے زبردست گھوری سے نوازا۔

غصہ کر کر کے تھکتی نہیں ہو ۔

وہ اسکی پشت سے ٹیک لگاتا مصنوعی معصومیت سے بولا۔

تم کونسا تھکتے ہو تم میں تو کسی لڑاکا عورت کی روح بستی ہے ۔

مرحہ نے بھی اسکی پشت سے ٹیک لگائی۔

مرحہ وہ دن کب آئے گیا جب میں تمہیں ڈانٹوں گا لیکن تم چپ چاپ سر جھکائے اچھی بیویوں کی طرح سنو گئی ۔

وہ رخ اسکی طرف کرتا ٹھوڑی کھجاتا ہوا پرسوچ انداز میں اسے دیکھتا ہوا بولا۔

اس دنیا میں تو تمہاری یہ خواہیش پوری نہیں ہو سکتی ۔

وہ جواباً مسکرایا ۔

مرحہ بھی مسکرائی ۔

Classic Urdu Material
https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

تم خوبصورت نہیں ہو لیکن مجھے کیوں لگتی ہو۔

وہ سر اسکی گود میں رکھتا ہوا بولا۔

کیونکہ تمہاری نظر کمزور ہے ۔

وہ اسے گھورتے ہوئے بولی ۔

مرحہ بول بول کر تھکتی نہیں ہو

وہ اسکے چہرے پر نظریں جماتے ہوئے معصومیت سے بولا__

جیسے تم نہیں تھکتے ۔

مرحہ نے جواباً فٹ سے جواب دیا تھا اسے ۔

مرحہ یار میں تم سے رومینٹک باتیں کرنا چاہتوں لیکن تم ہو کہ لڑائی لے کر بیٹھ جاتی ہو۔

وہ اسکا ہاتھ تھامتا ہوا بولا____"

ویسے لڑائی کی شروعات ہمیشہ تم سے ہی ہوتی ہے ۔

وہ اسے غور سے دیکھتی ہوئی بولی ۔

تم مجھے موٹی زیادہ اچھی لگتی ہو یہ موٹاپا تم پر سوٹ کرتا ہے اگر تم موٹی ہو تو اس میں تمہارا تو کوئی قصور نہیں نا____

پتا نہیں تم سے محبت مجھے کب ہوئی میں نہیں جانتا، لیکن یہ بات سچ ہے کہ تم مجھے بُری کبھی نہیں لگی --

وہ اسکی آنکھوں میں دیکھتا گھمبیر لہجے میں بولا تھا ۔

مرحہ دھک دھک کرتے دل سے اسے دیکھے گئی ۔

وہ ہنوز اسکی گود میں سر رکھے اسے دیکھتا بولا تھا ۔

مرحہ پزل ہوتی اسکا سر گود سے ہٹاتی واش روم میں بھاگ گئی ۔

وہ بال سنوارتا مسکراتا ہوا باہر نکل گیا۔

رات کو ریسپشن تھا ---

صفورا بیگم اور عالیہ بیگم خرد کے لیے ناشتہ لائیں تھیں ۔

مرحہ انہیں بٹھا کر خرد کے روم میں آئی --

خرد چچی اور امی آئیں ہیں ناشتہ لے کر ۔

مرحہ دروازہ نوک کرتی اونچی آواز میں بولی تھی---

خرد کی اچانک سے ہی آنکھ کھلی تھی ۔

وہ ٹھٹھکی ۔

وہ ابھی بھی اسی کی گود میں سر اسکے سینے سے اٹکائے سو رہی تھی ۔

خرد سنبھل کر تھوڑا پیچھے ہوئی اور اسے دیکھنے لگی جو گردن ایک طرف گرائے سو رہا تھا ۔

چہرہ سرخ تھا تو ہونٹ بھینچے ہوئے تھے وہ نیم دراز تھا۔

افف یہ ایسے ہی سو گیا ۔

Classic Urdu Material
https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial

وہ خود پر غصہ ہوئی کہ کیا ضرورت تھی اسے اتنی تکلیف دینے کی ۔

وہ بڑے آرام سے بیڈ سے نیچے اتری اور اسکا سر تکیے پر رکھا۔

وہ ساکت ہوئی ۔

اسے سخت بخار تھا ۔

تمہیں بخار ہے ۔

وہ اسے آنکھیں کھولتے دیکھ کر اسکے قریب آتی پریشانی سے پوچھ رہی تھی ۔

وہ ہلکا سا مسکرایا ۔

خرد مجھے بخار نہیں ہے یہ تمہاری قربت کی گرمی تھی یار اور باہر کسی کو نا بتانا کہ مجھے بخار ہے تھوڑا آرام کروں گا تو ٹھیک ہو جاوں گا ڈونٹ وری میری جان ۔

وہ ٹھیک سے لیٹتا ہوا بولا ۔

خرد سر ہلاتی اس پر بلینکٹ ٹھیک سے اوڑھتی لائٹ آف کرتی ہوئی پریشانی سے باہر نکل گئی ۔

سیڑیاں اتری وہ مسکرائی ۔۔

مما !

وہ انہیں پکار کر صفورا کے سینے سے لگی تھی ۔

وہ اسکا ماتھا منہ چومتی اسے غور سے دیکھنے لگی ۔

Classic Urdu Material
https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

وہ صفورا سے ملنے کے بعد عالیہ بیگم کے گلے لگی ۔

تب تک مرحہ ان سب کے لیے چاے لے آئی ۔

بیٹا ٹھیک ہو تم !

صفورا اسکا چہرہ دیکھتی بولیں تھیں ۔

یس مما آئی ایم پرفیکٹ ۔

وہ انکے کندھے پر سر رکھتی بولی۔

مما میں نے آپکو اور ڈیڈ کو بہت مس کیا ۔۔

خرد لاڈ سے بولتی انہیں پیاری لگی لیکن پھر اسے گھورا جو نائٹ ڈریس میں ہی باہر چلی آئی تھی ۔

خرد تم کب سدھرو گئی کپڑے چینج کر کے نیچے آنا تھا نا ۔

صفورا بیگم نے اسے ڈانٹا جس کے گون کے اگلے سارے بٹن کھلے ہوئے تھے بال بھی کھلے ہوئے تھے ۔

اس نے نظریں جھکا کر اپنے حلیے کو دیکھا۔۔۔

وہ جلدی سے باہر آگئی تو چینج نہیں کر سکی ۔

وہ منہ بسور کر بولی ۔

جزیل کہاں ہے بیٹا ۔

چائے کا سپ لیتے ہوئے عالیہ بیگم نے پوچھا۔

چچی وہ سو رہے ہیں ساری رات تو سوئے نہیں ابھی سوئے ہیں تو لیٹ اٹھیں گے ۔۔

وہ مسکرا کر بولی ۔

جس پر چائے پیتی صفورا بیگم کو بہت زور سے اچھو لگا تھا۔

مرحہ اور عالیہ نے بھی حیرت سے اسے دیکھا جبکہ مرحہ کے ہونٹوں ہر دبی دبی مسکراہٹ بھی تھی ۔

خرد !

صفورا بیگم نے تنبیہی لہجے میں اسے پکارا ۔

اب کیا سچ بولنے پر بھی آپ گھوریں گئی جو سچ تھا وہی بتایا ۔

اس نے ناک سکوڑ کر بتایا ۔

صفورا بیگم گہری سانس بھرتی رہ گئیں کہ انکی بیٹی کا کوئی علاج نہیں تھا ۔

جبکہ وہ بڑے آرام سے پاوں صوفے پر پسارے چاے میں بسکٹ ڈبو ڈبو کر کھا رہی تھی ۔۔

تم ٹھیک ہو !

وہ اسکے ماتھے کو چھوتے ہوئے بولی جو ہلکا ہلکا تپ رہا تھا ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

میں بالکل ٹھیک ہوں مائے ڈول ۔

کیا ابراز آگیا ہے بینکوئٹ سے ۔

وہ اٹھ کر بیٹھتے ہوئے بولا ۔

نہیں ابھی نہیں آیا اور تم یہ چاے پی لو مرحہ بہت اچھی چائے بناتی ہے ۔

وہ چائے کا کپ ٹرے سے اٹھا کر اسے دیتے ہوئے بولی ۔

وہ دھیمے سے مسکرایا ۔

لیکن مجھے تو میری خرد کے ہاتھوں کی میٹھی سی کڑوی سی چاے پسند ہے ۔

وہ اسکے ہاتھ کو چومتا ہوا بولا ۔

خرد اسکی اونچی تیکھی ناک پر ہونٹ رکھتی مسکرائی ۔

پھر وہ اسکا ہاتھ تھامتی اپنی ٹھوڑی کے نیچے اٹکا گئی ۔

وہ نشیلی آنکھوں سے مسکرایا تھا یہ چہرہ ایسا تھا کہ وہ جب جب اسے دیکھتا تھا اسکے ہونٹ مسکراہٹ میں ڈلنے لگتے تھے۔

وہ چائے پیتے ہوئے اسے دیکھ رہا تھا جو ناپ سٹاپ باتیں کرنا شروع کر چکی تھی ۔

ایک ہلکی سی مسکان نے مستقل اسکے ہونٹوں کا اخاطہ کیا ہوا تھا۔۔۔

خرد چپ ہوتی مسکرائی ۔

وہ مسکراتی آنکھوں سے اسے دیکھے گئی۔

مانی کے گھر والوں نے رشتے سے انکار کر دیا ہے ۔

ماریہ بیگم نے پریشانی سے کہا۔

موبائیل پر سونگ سنتی ماہ چونکی ۔

کیا مطلب کیوں انکار کیا ہے میں تو بہت پسند تھی نا مسز نوید کے بیٹے کو ۔

ماہ نے حیرت سے پوچھا۔

تم نہیں! وہ خرد پسند تھی انکے بیٹے کو ۔

ماریہ بیگم نے دانت پیس کر کہا۔

کیا مطلب !

ماہ نے حیرت سے پوچھا۔

مطلب یہ کہ وہ خرد کے لیے رشتہ لائیں تھی لیکن انکے بیٹے کو تمہارے اور اس کے نام میں مغالطہ لگا تھا ۔

انکا بیٹا خرد کو ماہ کے نام سے جانتا تھا کل اس نے دلہن بنی خرد کو دیکھ لیا تھا پھر اس نے اسی وقت رشتہ توڑ ڈالا۔

ماریہ بیگم نے بہت آفسوس سے کہا ۔

ماہ بھی ساکت نظروں سے ماں کو دیکھتی رہ گئی ۔

وہ تو خرد کو ہر وقت کم شکلی کا طعنہ دیتے وقت یہی کہتی تھی تمہیں تو کوئی پسند ہی نہیں کرئے گا تمہاری شادی بھی نہیں ہو گئی لیکن اللہ نے اسکی قسمت کتنی بلند لکھی تھی ۔

وہ بھول بیٹھی تھی قسمت تقدیر لکھنے والا اللہ ہوتا ہے حسن والوں کو یہی ہی تقدیر رول دیتی ہے اور عام شکل والوں کو تخت کے سیر کرا دیتی ہے یہی قسمت *

،_____

روبن اور مرحہ خوش تھے ایک دوسرے کے ساتھ جزیل نے انکا بھی ریسپشن اپنے ساتھ کیا تھا

۔

وہ دونوں کبھی لڑ لیتے تو کبھی محبت کے ریکارڈ توڑ دیتے جس پر خرد انہیں خوب گالیاں سے نوازتی وہ گالیاں دینے والی عادت ترک نہیں کر پا رہی تھی جزیل کے بہت بار سمجھانے پر بھی وہ اپنی عادت کو چھوڑ نہیں سکی تھی ۔

خرد محبت کیا ہے ۔

وہ صبح کی واک پر آئے تھے صبح کے پانچ بج رہے تھے ___

خرد کی خواہیش تھی وہ صبح کے اُس وقت واک پر جانا چاہتی ہے جب ہلکا ہلکا اندھیرا ہو چاروں طرف خاموشی ہو تب وہ دونوں خاموشی سے ویران سڑک پر چلتے جائیں ---

خرد اسکا چہرہ دیکھتی مسکرائی --

وہ جو سامنے کی طرف دیکھ رہا تھا اسکی نظروں کے ارتکاز پر وہ بھی مسکرایا۔

پھر آئی برو اچکایا۔

میری نظروں کا مطلب سمجھ جاو خـــــرد رحمٰن کے لیے محبت کا لفظ دو سمت کی طرف جاتا ہے ایک محبت جو میں اپنے موم ، ڈیڈ سے کرتی ہوں جو کہ عقیدت میں آتی ہے اور ایک محبت --

وہ کہتے ہوئے چپ ہوئی ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

اور ایک محبت ؟

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

وہ آئی برو اچکا کر سوالیہ بولا۔

ایک محبت میں نے تمہیں دیکھ کر سیکھی تھی تمہیں دیکھ کر جانا میں نے کہ محبت کسے کہتے ہیں دل کا دھڑکنا کا کیا ہوتا یہ احساس میرے لیے بہت پیارا تھا۔

وہ اسکے سامنے آتی ہوئی بولی ۔

وہ مسکرایا۔

خرد ایک دم گھٹنے کے بل نیچے اکڑو سٹائل میں بیٹھی تھی اسکے سامنے--

وہ ٹھٹھکا_____

ہیپی برتھ ڈے •••،

وہ اسکی طرف روبی کی ایک خوبصورت سی انگھوٹھی بڑھاتے ہوئے بولی تھی ۔

وہ مسکرایا ۔

ہاتھ پلیززززز۔

وہ ہاتھ کو ہلاتے ہوئے بولی ۔

وہ پاکٹ میں سے ہاتھ نکالتا اس کی طرف بڑھا گیا تھا۔

خرد اسکی انگلی میں رنگ پہنا کر اسکا بلیک تل والا ہاتھ ہونٹوں سے لگا گئی کہ اس ہاتھ سے تو اسکی محبت کی شروعات ہوئی تھی ۔

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com

وہ اسے کندھے سے پکڑ کر اٹھا گیا تھا۔

https://www.classicurdumaterial.com/

میرے برتھ ڈے کا کس نے بتایا ویسے میں مناتا نہیں آئی ڈونٹ لائیک اٹ ۔

وہ ہلکی سی مسکان سے کہتا اسکے چہرے پر جھکا ۔

میری خرد کسی سے نہیں ڈرتی نا۔

وہ اسکی ناک سے ناک جوڑتا مسکراتے لہجے میں بولا ۔

بالکل نہیں !جو ڈر جائے وہ خرد رحمٰن نہیں ۔

وہ فخر سے گردن اکڑا کر بولی ۔

خرد تمہارے پیچھے کتا !

وہ ایک دم سے بولا تھا۔

آہ ہ ہ ہ ہ

خرد کی چیخ چاروں طرف گونجی تھی ۔

وہ اس سے لپٹ گئی تھی ۔

ہاہاہا_____"

وہ اسے ہلکا سا اوپر اٹھاتا قہقہ لگا گیا تھا ۔

میری خرد تو کسی نہیں ڈرتی نا ۔

وہ ہونٹ بھینچتے ہوئے پوچھ رہا تھا اس سے ---

نہیں ڈرتی بس کبھی کبھی کتے سے ڈر جاتی ہوں ۔

وہ ممناتے ہوئے بولی ۔

وہ بلیک جینز پر ریڈ ٹی شرٹ پہنے ہوئے ، نیچے سرخ سنیکرز دو پونیاں جو آگے جھکے ہونے کی وجہ سے جزیل کے منہ پر آرہی تھیں ۔

تو طے ہوا خرد اپنی ڈریسنگ کبھی نہیں بدل سکتی تھی--

جزیل اسکے ہونٹوں کو اپنے لبوں سے چھوتا آہستہ قدموں سے اسے ایسے ہی اٹھائے چلنے لگا تھا۔

خرد جھگڑ رہی تھی اس سے ۔

Classic Urdu Material
https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

وہ بنا اس کی نظروں میں لائے اپنے کانوں میں روئی ٹھونس چکا تھا۔

خرد کی باتیں سنتا وہ مسکرائے چلتا جا رہا تھا ۔

گھر جا کر میں اپنی بہادر خرد کے لیے خود چائے بناوں گا ۔۔

وہ اسے نیچے کھڑا کرتا ہوا بولا تھا خرد ہلکا سا مسکرائی ۔

وہ بھی اپنے خوبصورت کٹاو دار ہونٹوں میں مسکراہٹ سجاتا ہوا چلنے لگا تھا ۔

وہ اپنے سامنے پڑے کاغذ پر سائن کرتے انہیں طے کر چکے تھے ۔

چہرے پر غم والے تاثرات تھے تو آنکھوں میں ہلکی ہلکی نمی تھی ۔

وہ اس جائیداد کے لیے اپنی بیٹی پر کتنی بار حملہ کروا چکے تھے ۔

وہ رحمٰن اپنے بھائی کی جائیداد کو کسی غیر کے نام ہوتا نہیں دیکھ سکتے تھے اس لیے انہوں نے خرد کو مروانے کا پلین بنایا تھا ۔

وہ خرد پر حملہ کرواتے لیکن وہ ہر بار اچھی قسمت ہونے کی وجہ سے بچ جاتی ۔

آج وہ اپنی ساری جائیداد اپنی بیٹی کے نام کر چکے تھے وہ جائیداد جس کے لیے وہ اپنی بیٹی کو مراونے چلے تھے ۔

خرد میری بچی مجھے معاف کردینا ،میں نا ایک اچھا شوہر بن سکا نا اچھا باپ ، نا ایک اچھا بھائی اور نا ایک اچھا انسان بن سکا ۔۔۔

اللہ مجھے معاف کر دینا میں جسے مروانے کی سازش کرتا رہا وہ میری ہی بیٹی تھی واوا مولا تیرے رنگ میں محشر کے دن لائبہ کو کیا منہ دیکھاوں گا۔

وہ خرد کی تصویر اٹھاتے ہوئے رو دیئے ---

اللہ خرد کو کبھی ناپتا لگنے دینا کہ اسک باپ اسکا قتل کرنے کی کئی بار کوشش کر چکا ہے اللہ میرے گناہ ڈھانپ دینا میرے اللہ میری پردہ پوشی رکھنا دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی ---

لیکن ایک انسان جانتا تھا انکے گناہ کے بارے میں --

جـــــــبیل احمد آگاہ تھا انکے گناہ سے لیکن وہ ایک باپ کا اسکی بیٹی کے سامنے پردہ ڈالے رکھنا چاہتا تھا --

ختم شد

https://www.classicurdumaterial.com/
Support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/